UNIVERSAL LIBRARY

OU_226638

UNIVERSAL LIBRARY

الجزء الاول

من

Checked 1978

العقيدة المحمدية

از تصنیفات عالم بے بدل فاضل اکمل زبدة العارفین عمدة المحققین

مولانا ابو عبد الرحمن عبد اللہ صاحب پنجابی گیلانوی

معہ ترجمہ اردو

النصرة الصمدیة

از مولوی سید علی حسن صاحب گیلانوی تلمیذ رشید مصنف ممدوح

مطبع احمدی پٹنہ در سنہ ۱۳۱۱ طبع شد

فہرست کتاب عقیدۂ محمدیہ فی رد علے الفرقۃ المرجیۃ والمعتزلۃ والجہمیۃ

۵	کتاب العقائد
	فصل نعتقد ان القران کلام اللہ مع حروفہ ومعانیہ وکلماتہ منزل من اللہ بلا کیف غیر مخلوق
۲۶	مسئلہ قال زید من جماعۃ محمدیہ ان القران مخلوق
۳۳	مسئلہ من حلف بالقران المجید او بسورۃ منہ انعقدت یمینہ
۴۲	فائدۃ جلیلۃ
۵۲	فصل القران بحروفہ واصواتہ وکلماتہ وایاتہ غیر مخلوق
۵۸	فصل لکلامہ تعالی حروف منطوقۃ
۶۷	فصل فی قراۃ رب العالمین
۶۸	فصل ان القران المجید صفۃ من صفات اللہ تعالی
۷۲	فصل فی الرد علی من انکر ان غنیۃ الطالبین لیس من تالیف شیخ عبدالقادر جیلانی رح
۷۷	فصل فی تذمیم علم الکلام
۷۹	فصل نشہد للہ بالوحدانیۃ وللرسول بالرسالۃ
۸۵	فصل نحن نعتقد ان اللہ فوق السماء
۸۹	فصل نحن نعتقد ونقر ان اللہ تعالے فوق العرش مستو بلا کیف
۱۱۰	فصل نحن نعتقد نزول الرب العلمین
۱۱۹	فصل نقر بالیقین ان عذاب القبر حق
۱۲۷	فصل نعتقد ان علامات القیمۃ حق
//	فصل نعتقد ان اللہ عزوجل مرید لجمیع افعال العباد
۱۳۲	فصل نری الجمعۃ والعیدین وغیرهما من الصلوۃ خلف کل امام مسلم برا کان او فاجرا
۱۳۳	فصل نعتقد ان فی الدنیا سحرا وسحرۃ
۱۳۷	فصل نعتقد ان الانبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کلہم مبرؤن
۱۳۹	فصل نعتقد ان جمیع الانبیاء حق اولہم ادم علیہ السلام
۱۴۰	فصل نقر بان الایمان الشرعی ہو فعل القلب
۱۵۶	فصل فی الایات والاحادیث التی تدل علی زیادۃ الایمان
۱۶۱	فصل ان للایمان شعبا یعنی انواعا واقساما اعلاها وادناها
۱۷۰	فصل ان نفس التصدیق یزید بکثرۃ النظر
۱۷۲	فصل فی ذکر القوم النیچریۃ
//	فصل ان امامنا الاعظم ابا حنیفۃ وامام مالک وامام الشافعی و امام احمد رحمہم اللہ تعالی کلہم علی الہدی

تمت

فہرست ترجمہ کتاب عقیدۃ محمدیۃ فی رد علی الفرقۃ المرجیۃ والمعتزلۃ والجہمیۃ

٥ کتاب العقائد

″ فصل اعتقاد رکھتا ہون مین کہ قرآن کلام اللہ مع اپنے حروف و معنی اور کلمات کے اوتارا گیا اللہ تعالیٰ کیطرف سے بلا کیفیت غیر مخلوق ہے

٢٦ مسئلہ زید اہل سنت سے ہے وہ کہتا ہے کہ قرآن کیلیے حرف و صوت ہے

٣٣ مسئلہ جس شخص نے قرآن مجید کے ساتھ کسی شئ کو قرآن کی قسم کھایا تو جمیع اہل سنت کے نزدیک اوسکی یمین ہو جائیگی

٤٣ فائدہ جلیلہ

٥٤ فصل قرآن اپنے حروف اور کلمات اور آیتوں کے ساتھ غیر مخلوق ہے

٥٨ فصل واسطے کلام اللہ تعالیٰ کے حروف منظومہ ہین

٦٧ فصل ٣ پڑھتے ہین رب العالمین

٦٨ فصل ٥ بیشک قرآن مجید ایک صفت ہے اللہ تعالیٰ کی صفتون سے

٧٢ فصل بیچ رد اوس شخص کے ہے جو انکار کرے کہ غنیۃ الطالبین شیخ عبد القادر جیلانی رح کی تالیف نہین ہے

٧٧ فصل بیچ برائی علم کلام اور متکلمین کے

٧٩ فصل کہ ہم ہین ہم اللہ کی وحدانیت اور رسول کی رسالت کی

٨٥ فصل ہم اعتقاد رکھتے ہین کہ باری آسمان پر ہے

٨٩ فصل ہم اعتقاد رکھتے اور اقرار کرتے ہین کہ اللہ تعالیٰ عرش پر قرار پکڑے ہے

١١٠ فصل ہم اعتقاد رکھتے ہین کہ رب العالمین آسمان دنیا تک نزول فرماتا ہے

١١٨ فصل اقرار کرتے ہین ہم ساتھ یقین کے اسباب کا عذاب قبر حق ہے

١٢٧ فصل ہم اعتقاد رکھتے ہین کہ علامت نشانیان قیامت کی سچ ہین

١٣٢ فصل جائز رکھتے ہین جمعہ اور عیدین ہر امیر ہماکو پیچھے کے بھلا ہو یا برا

١٣٤ فصل اعتقاد رکھتے ہین بیشک دنیا مین جادوگر مرد یا عورت ہین

١٣٧ فصل اعتقاد رکھتے ہین ہم کہ کل انبیاء علیہم السلام صغائر و کبائر اور کفر و قبائح سے مبرا اور منزہ ہین

١٣٥ فصل اعتقاد رکھتے ہین ہم کہ سب انبیاء علیہم السلام حق ہین سب سے پہلے آدم علیہم السلام ہین۔

١٤٠ فصل اقرار کرتے ہین ہم کہ ایمان شرعی یہ ہے کہ جی سے کل مومن بہ کا یقین رکھے

١٤٤ فائدہ

١٥٦ فصل ذکر مین اون آیتون اور حدیثون کے جو دلالت کرتی ہین ایمان کی زیادتی پر

١٦١ فصل بیشک واسطے ایمان کے شاخین یعنی انواع و اقسام اعلیٰ اور ادنیٰ ہے

١٦٢ فصل بے شک نفس تصدیق بڑھتی ہے کثرت نظر اور ظاہر ادلہ سے

١٧١ فصل علوم نجریہ کے بیان مین

١٧٢ فصل تحقیق ہمارے امام اعظم ابو حنیفہ اور امام مالک اور شافعی اور امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ کل اللہ کی ہدایت پر تھے

تمت

لكم في رسول الله اسوة حسنة

الحمد لله والمنة كه

العقيدة المحمدية للفرقة الناجية

في

الرد على الفرقة المرجئة والمعتزلة والجهمية

از تصنيفات

عالم بے بدل فاضل اكمل زبدة العارفين عمدة المحققين

مولينا ابو عبد الرحمن عبد الله صاحب پنجابی گیلانوی

مع ترجمہ اردو

النصرة الصمدية على ترجمة العقيدة المحمدية

از مولوی شیخ علی حسن صاحب گیلانوی تلمیذ رشید مصنف ممدوح

در مطبع احمدی [illegible] طبع شد

CHECKED 1958
Checked 1965
1951
CHECKED 1951

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی رسولہ محمد و الہ
واصحابہ اجمعین اما بعد مفتقر الی رحمۃ اللہ ذی المنن علی حسن
ابن سید امجد علی گیلانوی بہاری کہتا ہے کہ محی السنۃ قامع البدعۃ جناب
مولانا و مرشدنا مولوی و حاجی محمد عبد اللہ صاحب ادام اللہ فیوضہم
وحسناتہم ویصلہم اللہ الی ما یتمناہ نے ارشاد فرمایا کہ اگر ترجمہ کتاب
العقیدۃ المحمدیۃ للفرقۃ الناجیۃ فی الرد علی الفرقۃ
المرجیۃ والمعتزلۃ والجہمیۃ — کا زبان اردو میں کر دیا جائے
تو از بس مفید خاص و عام ہو بنا بر آں احقر زمن عفاہ اللہ عن الفتن والمحن
نے متوکلاً علی اللہ ترجمہ کتاب مذکور بزبان اردو شروع کیا اللہ پاک برادران

اہل ایمان کو اس سے نفع تام بخشے اور احقر کے لئے وسیلۃ النجاۃ فی یوم القیمۃ گردانے آمین وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت والیہ انیب ربنا تقبل منا انک انت السمیع البصیر وعلی کل شئی قدیر و بالاجابۃ جدیر نعم المولیٰ ونعم النصیر پس امید از ناظرین منصفین من اہل الحق والیقین رسالہ ہذا اینکہ اگر کسی مقام میں من جہۃ البشریۃ احقر زمن سے سہو واقع ہو تو حسبۃ للہ معاف فرماوین اور اوسکی اصلاح مین ابتغاءً لمرضات اللہ سعی فرماکر ماجور عند اللہ ہوں العفو عند کرام الناس مامول اور عیب پوشی کو کام فرماوین ؎ قبا گر حریر ست وگر پرنیان ❊ بنا چار حشوش بود درمیان ❊ ایضاً یا بی چو درین نامہ خطا عیب مکن ❊ بے عیب بود ذات خدا عیب مکن ❊ کیونکہ بے عیب بجز ذات باری عز اسمہٗ کوئی نہین اور اگر ترجمہ ہذا پسند خاطر ہو تو احقر العباد مؤلف مجمع الحسنات والبرکات کے ساتھ مصنف کو دعاء خیر سے فراموش نفرمائین۔ اور اس رسالہ کا نام النصرۃ الصمدیۃ علی الترجمۃ العقیدۃ المہدیۃ رکھا اللہ پاک اسکو مقبول انام من اہل الاسلام الذین اتبعوا بہدی سید الانام علیہ الف الف تحیۃ وسلام من اللہ الخالق اللیالی والایام لایزال الطائفۃ من امتی منصورین لایضرہم من خذلہم حتے تقوم الساعۃ الکبریٰ اور یہ اصحاب حدیث ہین اور یہی ما انا علیہ واصحابی کے سالک ہین۔ اللہ پاک ہمکو اور ہمارے خویش و اقارب وجمیع احباب من المسلمین کو ما انا علیہ واصحابی کے طریقہ پر جیتے و موتے قائم رکھے آمین یا الٰہ العالمین

بسم الله الرحمٰن الرحیم

حامدا ومصلیا علی رسوله الکریم وعلی آله وصحبه اجمعین
اما بعد فیقول العبد الضعیف الراجی الی رحمة الله المنان
المکنی بابی عبد الرحمن والمدعو بعبد الله الفنجابی نزیل
بیجلانی وهی قریة من اکناف صوبة البهار سنة ثلاث و
ثلثمائة بعد الالف من هجرة نبی الثقلین فی سبع وعشرین
من ذی القعدة اشهد الله تعالی ومن حضر من الملٰئکة والجن والانس

پس الحمد وصلوٰة علے رسوله الکریم وآله واصحابه اجمعین کے کہتا ہے بندہ
ضعیف امیدوار طرف رحمة الله احسان کرنے والے کے ابی عبد الرحمن پکارا
گیا ساتھ عبد الله کے رہنے والا پنجاب کا نزیل گیلانی اور گیلانی ایک بستی ہے
اطراف صوبہ بہار سے سنہ ۱۳۰۳ ہجری ستائیسوین ذی قعدہ مین گواہ رکھتا ہون
مین الله تعالے کو اور اوسکے فرشتہ حاضرین اور جن وانس کو اس

علی انی نعتقد من صمیم قلبی فی عقائد الاسلام مثل اعتقاد اهل السنة والجماعة وصنفت فیه رسالة کافیة وعجالة وافیة لاتباع السنة المحمدیة وسمیتها بالعقیدة المحمدیة للفرقة الناجیة فی الرد علی الفرقة المرجیة والمعتزلة و الجهمیة

کتاب العقائد

فصل

نعتقد ان القران کلام الله مع حروفه ومعانیه وکلماته منزل من الله تع بلا کیف غیر مخلوق بل هو صفة له تعالی منه بدا والیه یعود وقد سمی الله تعالی القران حدیثا ومحدثا قال الله تعالی نزل احسن الحدیث وقال من احسن من الله حدیثا وقال ما یاتیهم من ذکر من ربهم محدث وقال النبی صلی الله علیه وسلم ان الله یحدث

بات پر کہ مین اپنے سچے جی سے عقائد اسلام مین عقیدہ مثل اعتقاد اہل السنۃ والجماعۃ کے رکھتا ہون اور تصنیف کیا مین نے عقائد مین ایک رسالہ کہ کافی وافی ہے واسطے اتباع سنت محمدیہ کے نام رکھا مین نے اوسکا

العقیدة المحمدیة للفرقة الناجیة فی الرد علی الفرقة المرجیة و المعتزلة والجهمیة

کتاب العقائد

فصل

اعتقاد رکھتا ہون مین کہ قران کلام اللہ ہے مع اپنے حروف ومعانی اور کلمات کے اوتار گیا اللہ تعالی کی طرف سے بلا کیفیت غیر مخلوق ہے بلکہ وہ صفت ہے اللہ تعالی کی اوسیکی طرف سے آیا اور اوسیکی طرف عود کر جائیگا قریب قیامت کے اور تحقیق نام رکھا اللہ تعالی نے قران کا حدیث و محدث فرمایا اللہ تعالی نے نزل احسن الحدیث اور فرمایا ومن احسن من اللہ حدیثا اور فرمایا ومایاتیهم من ذکر ربهم محدث اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ پیدا کرتا ہے

منزل مرہ ماشاء سمعہ جبرئیل منہ تعالی مع حروفہ ومعانیہ کلماتہ
وبلغہ محمد اصلی اللہ علیہ وسلم وحیا واللہ تعالی یتکلم بمشیتہ
وانہ لم یزل متکلما اذا شاء وکیف شاء وھو یتکلم بہ بصوت
یسمع وان نوع الکلام قدیم وان لم یکن الصوت المعین قدیما
ولکنہ لیس بمخلوق وان کھیعص وحم عسق و الر ون و
یس وطہ عین کلام اللہ تعالی حقیقۃ وان اللہ تکلم بالقرآن
العربی الذی سمعہ الصحابۃ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
وان جمیع کلام اللہ ولیس من قول الملک و الجن والبشر ومن قال انہ
من قول الملک والجن والبشر فقد کفر واللہ یصلیہ سقر
ولکلامہ تعالی الحروف واصوات وکلمات والشاھد

اپنے حکم سے جو چاہتا ہے سنا اوسکو جبرئیل علیہ السلام نے اللہ تعالی سے مع حروف ومعانی
وکلمات اوسکے کے اور پہونچا دیا اوسکو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس از روی وحی
کے اور اللہ تعالی تکلم فرماتا ہے اپنی خواہش سے اور وہ ہمیشہ متکلم ہے جب چاہے اور جسطرح
چاہے اور وہ تکلم فرماتا ہے ساتھ آواز کے کہ سنائی دیتی ہے اور بیشک ایک قسم کلام قدیم
ہے اگرچہ صوت معین قدیم نہو لیکن وہ مخلوق نہیں اور تحقیق کھیعص وحم
وعسق والر ون ویس وطہ حقیقۃ عین کلام اللہ ہے اور بیشک اللہ نے تکلم
فرمایا ساتھ قرآن عربی کے جسکو صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم سے سنا اور بیشک کل قرآن مجید کلام اللہ ہے فرشتہ وجن وبشر کا کلام
نہیں ہے اور جسنے کہا کہ وہ قول ملک وجن وبشر سے ہے سو وہ کافر ہوا اور اللہ
داخل کریگا ایسے شخص کو جہنم میں اور اللہ تعالی کے کلام کیلئے حروف واصوات وکلمات ہیں اور شاہد

علیه کتاب الله وحدیث رسول الله ومن انکر فعلیه البیان
وان حرکاتنا واصواتنا واکتسابنا وکتابتنا ومدادنا و
اوراقنا مخلوقة لیس کلام الله کما انك تکتب الله فالله في ذاته
هو الخالق وخطك واکتسابك من فعلك مخلوق لان کل شيء دون
الله تصنعه وهو خلق وقال تعالی وخلق کل شيء فقدره تقدیرا
وقال انه في ام الکتاب لدینا لعلي حکیم وقال بل هو قران مجید في لوح
محفوظ فالقران هو المتلو المبین المثبت في المصاحف المسطور المکتوب
الموعی في القلوب فهو کلام الله لیس بمخلوق قال الله بل هو ایات بینات
في صدور الذین اوتوا العلم وسلف الامة وائمتها هم متفقون

اسپر کتاب اللہ اور حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی اور جو اسکا انکار کرے
اوسپر دلیل بیان کرنا ضرور ہے اور اسمین شک نہین کہ ہماری حرکات
واصوات واکتساب اور کتابت اور روشنائی اور ورقین مخلوق ہین کلام
اللہ نہین جیسا کہ تو لفظ اللہ کا لکھتا ہی پس اللہ فی ذاتہ وہی خالق ہی اور خط و
کتابت و اکتساب تیرے فعل سے ہین اور وہ مخلوق ہین اسلئے کہ جو چیز اللہ کے سوا ہے
سو کرتا ہی تو اوسکو اور وہ مخلوق ہی اور فرمایا اللہ تعالے نے وخلق کل شيء فقدره
تقدیرا ٭ یعنی پیدا کیا کل چیز کو اور اندازہ کر لیا اوسکا اندازہ کرنے کر اور فرمایا انہ فی
ام الکتاب لدینا لعلی حکیم اور فرمایا بل ہو قران مجید فی لوح محفوظ پس
قرآن جو پڑھا گیا مبین و مثبت مصحفون مین لکھا گیا دلون مین یاد رکھا گیا پس وہ اللہ کا
کلام ہے مخلوق نہین فرمایا اللہ تعالے نے بل ہو آیات بینات فی صدور الذین
اوتوا العلم یعنی بلکہ وہ آیات بینات ہین دلون مین اونکے جو دیے گئے علم اور سلف الامۃ اور

على التمييز بين صوت الرب وصوت العبد ومتفقون ان الله تكلم
بالقرآن الذي انزله على نبيه محمد صلى الله عليه وسلم حروفه ومعانيه
وان ينادي عباده بصوته ومتفقون على ان الاصوات المسموعة
من القراء اصوات العباد والامداد المصاحف قديما بل القرآن
مكتوب في مصاحف المسلمين مقرؤ بالسنتهم محفوظ بقلوبهم وهو
كله كلام الله والصحابة كتبوا المصاحف لما كتبوها بغير
شكل ولا نقط لانهم كانوا عربا لا يلحنون ثم لما حدث اللحن و
نقط الناس المصاحف وشكلوها فان كتبت بلا شكل ولا نقط جاز
وان كتبت بنقط وشكل جاز ولم يكره في اظهر قولي العلماء وهو

اور متفق ہیں اس بات پر کہ درمیان صوت الرب وصوت العبد کے فرق ہے اور متفق ہیں اسپر کہ بیشک اللہ جل جلالہ نے تکلم فرمایا ساتھ قرآن مجید کے جسکو اوتارا محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر ساتھ حروف و معانی کے اور اس بات پر کہ اللہ پکارتا ہے اپنے بندے کو ساتھ آواز اپنی کے اور متفق ہین اسپر کہ اصوات سنی گئی قراؤن سے اصوات بندون کی ہین اور روشنائی مصحفون کی قدیم نہین بلکہ قرآن لکھا ہوا مصاحف مسلمین مین پڑھا گیا اونکی زبانوں سے محفوظ اون کے دلون مین وہ کل کا کل (یعنی مکتوب مقرو محفوظ) کلام اللہ ہے اور صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے جب لکھا مصحفونکو تو لکھا اونکو بغیر شکل و نقطون کے کیونکہ وے اہل عرب تھے خوش آوازی نہین کرتے تھے پھر جب پیدا ہوا الحسن و نقوط کیا لوگون نے مصاحف کو اور شکلین بنائین اون کی سو پھر اگر لکھے گا تو بلا شکل اور نقطے کے جائز ہو جائیگا اور اگر لکھے گا نقطے اور شکل کے ساتھ تو بھی جائز ہوگا اور مکروہ نہین ظاہر تر دو قولون علما کی مین اور یہی

لعله الروايتين عن احمد وحكم النقطة والشكل حكم الحروف فان
الشكل يبين اعراب القرآن كما يبين النقطة الحروف والمداد الذي
يكتب به الحروف ويكتب به الشكل والنقطة مخلوق وكلام الله العربي
الذي انزله وكتب في المصاحف بالشكل والنقط وبغير شكل ونقط ليس
بمخلوق وحكم الاعراب حكم الحروف لكن الاعراب لا يستقل بنفسه
بل هو تابع للحروف المنقوطة والشكل والنقط لا يستقل بنفسه بل
هو تابع للحروف المرسومة فلهذا لا يحتاج تجريدهما وافرادهما بالكلام
بل القرآن الذي يقرؤه المسلمون هو كلام الله معانيه وحروفه واعرابه
والله تكلم بالقرآن العربي الذي انزله على محمد صلى الله عليه وسلم

ایک روایت ہی احمد کی دو روایتون مین سے اور حکم نقطہ اور شکل کا حکم حروف کا ہی
کیونکہ شکل بیان کرتا ہی اعراب قرآن کو جیسا کہ نقطے بیان کرتے ہین حروف کو اور
روشنائی جس سے حروف اور شکل اور نقطے لکھے جاتے ہین مخلوق ہی اور کلام اللہ
کا عربی جسکو اوتارا اللہ نے اور مصحفون مین ساتھ شکل اور نقطے کے اور بغیر شکل
اور نقطون کے لکھا گیا مخلوق نہین اور اعراب یعنی زبر زیر پیش کا حکم حروف کا
حکم ہے لیکن اعراب بنفسہ مستقل نہین ہوتے بلکہ وہ تابع حروف منقوطہ کے ہین اور شکل
اور نقطے بنفسہ مستقل نہین بلکہ وہ تابع حروف منقوشہ کے ہین تو اسیلئے وہ دونون محتاج نہین
ہوتے اپنے مجرد اور مفرد ہونے مین بیچ کلام کے بلکہ قرآن جسکو اہل اسلام پڑھتے ہین
وہی کلام اللہ ہے مع اپنے معانی اور حروف و اعراب کے اور اللہ نے تکلم
کیا ساتھ قرآن عربی کے جسکو اوتارا محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اور لوگ
پڑھتے ہین اپنے افعال و اصوات سے اور مصاحف مسلمانون مین جو لکھا
جمع فعل آواز

والناس يقرؤنه بافعالهم واصواتهم والمكتوب في مصاحف المسلمين
كلام الله وهو القرآن العربي الذي انزل على نبيه سواء كتب بشكل ونقط
او بغير شكل و نقط والمداد الذي كتب به القرآن ليس بقديم بل هو مخلوق
والقرآن الذي كتب في المصحف بالمداد هو كلام الله منزل غير مخلوق
والمصاحف يجب احترامها بالاتفاق المسلمين لان كلام الله مكتوب فيها
واحترام النقط والشكل اذا كتب المصحف مشكلا منقوطا كاحترام الحروف
باتفاق علماء المسلمين كما ان حرمة اعراب القرآن كحرمة حروفه المنقوطة
باتفاق المسلمين وبهذا قال ابوبكر وعمر حفظ اعراب القرآن احب الينا
من حفظ بعض حروفه والله تكلم بالقرآن بحروفه ومعانيه بجميعه كلام
الله فلا يقال بعضه كلام الله وبعضه ليس بكلام الله هو سبحانه نادى
موسى بصوت سمعه موسى فانه قد اخبرانه نادى موسى في غير

وہی کلام اللہ ہے اور وہی قرآن عربی جسکو اوتارا اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر برابر ہے
کہ لکھا جاوے ساتھ شکل اور نقطے کے یا بغیر شکل و نقطے کے اور روشنائی جس سے
قرآن مجید لکھا گیا قدیم نہین بلکہ وہ مخلوق ہی اور قرآن جو مصاحف مسلمین مین روشنائی
سے لکھا گیا وہ کلام اللہ ہی کہ اوتارا گیا مخلوق نہین اور مصاحف کی تعظیم باتفاق مسلمین
واجب ہے کیونکہ اللہ کا کلام اوسمین مکتوب ہی اور تعظیم کرنی نقطے اور شکلون کی باتفاق
مسلمین مثل تعظیم حروف کے ہی جبکہ مصاحف منقط و مشکل لکھی گئی جیسا کہ حرمت اعراب
قرآن کی مثل حرمت حروف منقوطہ قرآن کی ہی اور اسیلئے فرمایا حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ
عنہما نے یاد کرنا اعراب قرآن کا ہمارے نزدیک محبوب زیادہ ہی یاد کرنے بعض حروف
[illegible]

موضع من القرآن كما قال تعالى هل اتٰك حديث موسٰى اذ ناداه
ربه بالواد المقدس طوى - والندا لا يكون الا صوتا باتفاق اهل
اللغة وقد قال الله تعالى انا اوحينا اليك كما اوحينا الى نوح و
النبيين من بعده واوحينا الى ابرٰهيم واسمٰعيل واسحٰق ويعقوب

پس کل کلام اللہ ہے تو نہ کہا جاے کہ بعض اوسکا کلام اللہ ہے اور بعض اوسکا
کلام اللہ نہین (جیسا کہ بعض ائمہ کا مسلک ہی کہ الفاظ کلام الٰہی نہین بلکہ مدلول انکا
کلام الٰہی ہے اور یہہ صریح مخالف کتاب اللہ وحدیث رسول اللہ صلے اللہ علیہ
وسلم ہے کما لا یخفی علے الماہر کتب عقائد السلف من اہل السنۃ والجماعۃ) اور پکارا
سبحانہ وتعالے نے حضرت موسے کو آواز کے ساتھ کہ سن لیا اوسکو حضرت موسٰے
نے اور اللہ نے قرآن مجید کے اندر چند مقامون مین اسبات کی خبر دی ہی کہ پکارا
اوسنے موسے علیہ السلام کو جیسا کہ فرمایا اللہ تعالے نے هل اتٰك حديث موسٰى
اذ ناداه ربه بالواد المقدس طوى ترجمہ کیا آئی تیرے پاس بات موسے
کی جب پکارا اوسکو اوسکے رب نے وادی مقدس طوی مین - اور ندا باتفاق
اہل لغت نہین ہوتی مگر ساتھ آواز کے اور تحقیق فرمایا اللہ تعالٰی نے انا اوحينا اليك كما
اوحينا الى نوح والنبيين من بعده واوحينا الى ابرٰهيم واسمٰعيل واسحٰق
ويعقوب والاسباط وعيسى وايوب ويونس وهٰرون وسليمٰن و
اٰتينا داؤد زبورا ورسلا قد قصصناهم عليك من قبل ورسلا
لم نقصصهم عليك وكلم الله موسٰى تكليما ۝ ترجمہ بیشک وحی کیا
ہمنے طرف تیرے جیسا کہ وحی کیا ہمنے طرف نوح اور طرف اور نبیون کے
اوسکے بعد اور وحی کیا ہمنے ابرہیم اور اسمٰعیل اور اسحٰق اور یعقوب

والاسباط وعیسی وایوب ویونس وھرون وسلیمان واتینا
داؤد زبورا ورسلاً قد قصصنٰھم علیک من قبل ورسلا
لم نقصصھم علیک وکلم اللہ موسی تکلیما ۔ فقد فرق اللہ
بین ایحائہ الی النبیین وبین تکلیمہ لموسی فمن قال ان موسیٰ
لم یسمع صوتا بل الھم معناہ لم یفرق بین موسی وغیرہ قد قال تعالیٰ
تلک الرسل فضلنا بعضھم علی بعض منھم من کلم اللہ ورفع بعضھم
درجات و قال تعالی وما کان لبشر ان یکلمہ اللہ الا وحیا او من

اور اسباط اور عیسےٰ اور ایوب اور یونس اور ہارون اور سلیمان کی طرف
یعنے اولاد یعقوب
اور دیا ہمنے داؤد کو زبور اور بعض رسولونکا قصہ پہلے ہمنے تجھپر بیان کیا اور بعضونکا
قصہ ہمنے تجھپر نہ بیان کیا اور کلام کیا اللہ نے موسےٰ سے کلام کرنے کر پس تحقیق
فرق بیان کر دیا اللہ نے درمیان وحی کرنے اپنی کیطرف انبیا علیہم الصلوٰۃ
والسلام کے اور درمیان کلام کرنے اپنے کے موسےٰ علیہ السلام سے سو جو شخص
کہے کہ حضرت موسےٰ نے آواز نہ سنی تھی بلکہ اللہ پاک نے اوسکے معنی کو الہام
کردیا تھا تو نہ فرق کیا اوسنے درمیان موسےٰ علیہ السلام اور اونکے غیر کے حالانکہ
فرمایا اللہ تعالےٰ نے تلک الرسل فضلنا بعضھم علی بعض منھم من کلم
اللہ ورفع بعضھم درجات ترجمہ یہ پیغمبر بزرگی دی ہمنے بعض اونکے کو اوپر بعض
کے اونمین سے بعض وہ ہین کہ باتین کین اللہ نے اور بلند کیا بعضے اونکے کو درجون
مین (جیسے حضرت موسےٰ اور ہمارے حضرت صلوٰۃ اللہ علیہما وسلامہ) اور فرمایا
ما کان لبشر ان یکلمہ اللہ الا وحیا او من وراء حجاب او یرسل رسولا فیوحی باذنہ
ما یشآء یعنی نہین لائق ہے کسی بشر کے لئے کہ بات بولے اوس سے اللہ مگر وحی کرکے

وراء حجاب او یرسل رسولا فیوحی باذنه ما یشاء فقد فرق بین الایحاء و
التکلم من وراء حجاب کما کلم اللہ موسیٰ فمن سوی بین ہذا و ہذا کان
ضالا وقد قال الامام احمد و غیرہ لم یزل اللہ متکلما اذا شاء ویتکلم
بمشیئته وقدرته یتکلم بشیٔ بعد شیٔ کما قال تعالیٰ فلما اتاها نودی
یاموسی فناداہ حین اتاها و لم ینادہ قبل ذلک وقال تعالیٰ فاکلا
منها فبدت لهما سواتهما وطفقا یخصفان علیهما من ورق الجنة
وناداهما ربهما الم انهکما عن تلکما الشجرة واقل لکما ان الشیطان
لکما عدو مبین فهو سبحانه ناداهما حین اکلا منها و لم ینادهما

پس پردہ سے یا اپنا قاصد بھیجے پھر وحی کرے اپنے حکم سے جو چاہے سو تحقیق فرق
کردیا وحی کرنے مین اور پس پردہ سے بات بولنے مین جیسا کہ بات کی اللہ نے
موسیٰ سے پھر جسنے دونون کو مساوی کردیا تو گمراہ ہوا اور فرمایا امام احمد وغیرہ نے اللہ
پاک ہمیشہ متکلم ہے جب چاہے اور وہ اپنی مشیت اور قدرت سے کلام کرتا ہی اور بولتا ہے
ایک چیز کو بعد ایک چیز کے کما قال اللہ تعالیٰ فلما اتاها نودی یاموسیٰ یعنی پس جب آیا وادی
طوی مین پکارا گیا کہ ای موسے سو پکارا اوسکو جسوقت اوسمین آیا اور نہ پکارا تھا اوسکو اس سے پہلے
اور فرمایا فاکلا منها فبدت لهما سواتهما وطفقا یخصفان علیهما من ورق الجنة وناداهما
ربهما الم انهکما عن تلکما الشجرة واقل لکما ان الشیطان لکما عدو مبین ترجمہ پھر کھایا اون
دونون یعنی حضرت آدم حوا نے اوس درخت سی جسے اللہ نے اونکو منع کیا تھا تو ظاہر ہوگئین
واسطے اون دونون کے شرمگاہین اونکی اور شروع کیا اون دونون نے کہ ڈھانکتے اوپر اپنی پاتون بہشت
کے سے اور پکارا اونکو پروردگار اونکے نے کیا نہ منع کیا تھا مین اس درخت سے اور نہ کہا تھا مین نے تمکو
کہ تحقیق شیطان واسطے تمھارے دشمن ہے ظاہر پس سبحانہ وتعالیٰ نے پکارا اون دونوکو جب کھایا اوس سے

قبل ذلك وكذلك قال تعالى ولقد خلقناكم ثم صورناكم ثم قلنا للملئكة ع ۱
اسجدوا لآدم بعد ان خلق آدم وصوره ولم يأمرهم قبل ذلك وكذا
قوله ان مثل عيسى عند الله كمثل آدم خلقه من تراب ثم قال له كن فيكون
فاخبر انه قال له كن فيكون بعد ان خلقه من تراب ومثل هذا الخبر
في القرآن كثير يخبر انه تكلم في وقت معين ونادى في وقت معين وقد
ثبت في الصحيحين عن النبي صلى الله عليه وسلم انه لما خرج الى
الصفا قرأ قوله تعالى ان الصفا والمروة من شعائر الله قال نبدأ بما بدأ ۱۶
الله به فاخبر ان الله بدأ بالصفا قبل المروة والسلف اتفقوا على ان

اور نہ پکارا تھا اونکو پہلے اس سے اور اسیطرح فرمایا اللہ تعالی نے ولقد خلقناکم ثم صورناکم
ثم قلنا للملئكة اسجدوا لآدم ترجمہ اور البتہ تحقیق پیدا کیا ہمنے تمکو پھر صورتین بنا
ئینے تمھاری پھر کہا ہمنے واسطے فرشتون کے کہ سجدہ کرو آدم کو بعد اوسکے کہ پیدا کیا اوسکو
اور صورت بنائی اوسکی نہ حکم کیا فرشتونکو سجدہ کا اسکے پہلے اور اسیطرح قوله تعالى ان مثل
عیسے عند اللہ کمثل ادم خلقه من تراب ثم قال له کن فیکون یعنی بیشک مثال عیسے
کی اللہ کے نزدیک مانند مثال آدم کے ہے پیدا کیا اوسکو مٹی سے پھر کہا واسطے اوسکے کن
یعنی ہوجا سو ہوگیا پس خبر دیا اوسنے کہ کہا اوسنے واسطے اوسکے کن بعد اوسکے کہ پیدا
کیا اوسکو مٹی سے اور اسی خبر کیطرح قرآن مجید مین بہت سی خبرین ہین کہ خبر دیتے ہین اسکی
کہ اوسنے یعنی اللہ پاک نے ایک وقت معین مین تکلم کیا اور ایک وقت معین مین پکارا اور تحقیق صحیحین
یعنی بخاری و مسلم مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوچکی ہے کہ جب وہ نکلے طرف صفا اور مروہ کی
کہ دونون پہاڑ ہین مکہ معظمہ مین پڑھا ان الصفا والمروة من شعائر الله اور فرمایا ابتدا
کرتے ہین ہم ساتھ اوسکے جسکے ساتھ ابتدا کیا اللہ نے تو خبر دیا کہ اللہ نے ساتھ صفا کی ابتدا کیا قبل مروہ کے

كلام الله منزل غير مخلوق منه بدأ واليه يعود فقول السلف منه بدأ يعني هو المتكلم بنفسه بالقران رد على من قال انه مخلوق في بعض الاجسام ومن ذلك المخلوق ابتدأ فبينوا يعني السلف ان الله هو المتكلم به ومنه بدء لا من بعض المخلوقات واليه يعود اي فلا يبقى في الصدور منه اية ولا في المصاحف حرف فمن زعم انه مخلوق فهو كافر وقال وكيع بن الجراح من زعم ان القران مخلوق فقد زعم ان شيئاً من الله مخلوق فقيل له من اين قلت هذا قال ان الله يقول ولكن حق القول مني ولا يكون من الله شيء مخلوق وهذا القول قاله غير واحد من السلف

اور سلف متفق ہین اسپر کہ اللہ کا کلام اوتارا ہوا مخلوق نہین اللہ ہی کیطرف سے شروع ہوا اور اوسیکی طرف عود کریگا قریب قیامت کے پس قول سلف کا منہ بدأ یعنی وہ بنفسہ تھہ قرآن کے متکلم ہے رد ہی اوس شخص پر جو کہتا ہے کہ قرآن مخلوق فی بعض الاجسام ہے اور اوسی مخلوق سے ابتدا ہوا پھر بیان کیا یعنی سلف نے کہ اللہ متکلم ہے ساتھہ اوسکے یعنی قرآن کی اور اوسیکی طرف سے شروع ہوا ہے نہ بعض مخلوقات کی طرف سے اور اوسیکی طرف عود کریگا یعنی کسیکے دلونمین قرآن مجید سے ایک آیت نباقی رہیگی اور نہ مصاحف مین کوئی حرف پس جو شخص کہے کہ قرآن مجید مخلوق ہے سو وہ کافر ہے اور کہا وکیع بن جراح نے جسنے کہا کہ قرآن مخلوق ہے پس تحقیق کہا اوسنے کہ بعض شئے اللہ تعالے سے مخلوق ہی تو کہا جائیگا اوس سے کہانسے یہ کہا تونے کہا حالانکہ اللہ تعالے فرماتا ہے ولكن حق القول مني اور اللہ سے کوئی چیز مخلوق نہین اور یہہ قول کہا اسکو بہتون نے سلف کے

وقال احمد بن حنبل كلام الله من الله ليس ببائن منه وهذا معنى
قول السلف القران كلام الله منه بدأ ومنه خرج واليه يعود
كما في الحديث الذي رواه احمد وغيره عن جبير بن نفير قال رسول الله
صلى الله عليه وسلم انكم لن ترجعوا الى الله بشئ افضل مما خرج منه
يعنى القران وقد روى ايضا عن ابي امامة مرفوعا وقال ابوبكر
الصديق لاصحاب مسيلمة الكذاب لما سمع قران مسيلمة ويحكم
اين يذهب بعقولكم ان هذا كلام لم يخرج من اِلّ اى رب وليس
معنى قول السلف والائمة انه منه خرج ومنه بدأ انه فارق ذاته
وحل بغيره فان كلام المخلوق اذا تكلم به لا يفارق ذاته ويحل بغيره

اور کہا احمد بن حنبل رح نے کلام اللہ کا اللہ سے جدا نہین ہوتا اور یہی معنی سلف
کے قول کا ہے کہ قرآن اللہ کا کلام ہے اوسی سے شروع ہوا اور اوسی سے نکلا
اور اوسی کیطرف پھر جائیگا جیساکہ حدیث مین ہے جسکو امام احمد وغیرہ نے جبیر نفیر کے بیٹے
سے نقل کیا اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تم ہرگز نہ پھیروگے اللہ کی طرف
کوئی چیز بہت افضل اوس سے کہ نکلی اوس سے یعنی قرآن اور تحقیق ابی امامہ سے
بھی مرفوعًا منقول ہے۔ اور فرمایا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے واسطے اصحاب مسیلمہ
کذاب کے جب سنا اوسکے قرآن کو افسوس ہے تمھاری حالت پر کہان چلی گئی
عقل تمھاری بیشک یہ کلام اللہ سے نہین نکلا ہے اور سلف و ائمہ کے قول
منہ بدا و الیہ یعود و منہ خرج کے یہ معنی نہین ہین کہ اوسکی ذات سے جدا
ہوکر دوسرے کے اندر حلول کریگا کیونکہ کلام مخلوق کا جب اوسکو بولتا ہے
اوسکی ذات سے جدا نہین ہوتا اور اوسکے غیر کے اندر حلول نہین کرتا

فكيف يكون كلام الله قال تعالى كبرت كلمة تخرج من افواههم ان يقولون
الا كذبا فقد اخبر ان الكلمة تخرج من افواههم ومع هذا
فلم تفارق ذاتهم وايضا فالصفة لا تفارق الموصوف وتحل بغيره لا صفة الخالق
لا صفة المخلوق والناس اذا سمعوا كلام النبي صلى الله عليه وسلم ثم
بلغوه عنه كان الكلام الذي بلغوه كلام رسوله وهم بلغوه بحركاتهم واصواتهم فالقران
اولى بذلك فالكلام كلام الباري والصوت صوت القاري،
قال تعالى وان احد من المشركين استجارك فاجره حتى يسمع كلام
الله قال صلى الله عليه وسلم زينوا القران باصواتكم ولكن مقصود السلف
الرد على هولاء الجهمية فانهم زعموا ان القران خلقه الله في غيره

تو کلام اللہ کیونکر دوسرے کے اندر حلول کریگا کبرت کلمۃ تخرج من افواہہم ان یقولون
الا کذبا بڑی باتیں جو نکلتی ہیں مونہوں انکے سے نہیں کہتے مگر جھوٹ سو بیشک خبر دیا
باری نے اس بات کی کہ بات انکی مونہوں سے نکلتی ہے اور باوجود اس خروج کے
انکی ذات سے جدا نہ ہوئی اور ایضا صفت تو موصوف سے جدا نہیں ہوتی اور نہ دوسرے
کے اندر حلول کرتی ہے نہ صفت خالق کی اور نہ مخلوق کی اور لوگ جب کلام نبی صلعم یعنی
حدیث کو سنتے ہیں پھر اوسکو اپنی جانب یعنی اپنی صوت و حرکت سے دوسرون کو پہونچاتے
ہیں تو وہ کلام النبی حدیث کہلاتی ہے اور اوسکو غیر کا کلام نہیں کہتے اور قران مجید تو
اس سے اولیٰ تر ہے پس کلام تو کلام باری ہے اور آواز آواز قاری کی فرمایا اللہ تعالے نے
وان احد من المشرکین استجارک فاجرہ حتی یسمع کلام اللہ ترجمہ اور اگر کوئی
آدمی مشرکین کا تجھ سے پناہ چاہے تو پناہ دے اوسکو حتی کہ وہ کلام اللہ کا سنے اور
فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ زین کرو قران مجید کو اپنی آوازون کے ساتھ (یعنی

فيكون قد ابتدا وخرج من ذلك المحل الذى خلق فيه لا من الله
كما يقولون كلامه لموسى خرج من الشجرة فبين السلف والائمة
ان القران من الله بدا وخرج وذكروا قوله ولكن حق القول مني
فاخبران القول منه لا من غيره من المخلوقات ومن هى
لابتداء الغاية فاما اذا كان المجرور بها عينا يقوم بنفسه
لم يكن صفة الله كقوله سخر لكم ما فى السموات وما فى الارض

قرآن مجید کو خوش الحانی سے پڑھو پس یہ آیات و حدیث دال ہین اسپر
کہ قرآن مجید جسکو لوگ اپنے اصوات سے پڑھتے ہین اور مصاحف مسلمین
مین بیکتابت مکتوب ہے کلام ملک علام ہے دوسرے کسیکا کلام نہین
من قال سواذ لک فقد قال محالا) ولیکن مقصود سلف کا منہ بدا و منہ خرج
سے رد کرنا ہے ان جہمیون پر جو کہتے ہین کہ قرآن مجید کو اللہ نے اپنے غیر
مین یعنی کسی دوسری چیز مین پیدا کیا سو اوسی جگہ سے شروع ہوا اور نکلا اللہ تعالیٰ
سے نہین جیسا کہ کہتے ہین وہ کلام جو اللہ نے موسے علیہ السلام سے کیا درخت سے
نکلا تھا تو بیان کیا سلف اور ائمہ نے اونکے رد مین اسبات کو کہ قرآن اللہ تعالیٰ
سے شروع ہوا اور نکلا اور ذکر کیا اونھون نے اپنی دلیل مین قول باریتعالے
ولکن حق القول منی کو پس خبر دیا اللہ پاک نے اسبات کی کہ یہہ قول اللہ کی جانب سے ہی
اوسکے غیر کیطرف سے کسی مخلوقات مین سے نہین اور لفظ من کا منی مین ابتدا غایت کی
لئے پس جب مجرور بہا عین ہوا تو قائم بنفسہ ہوگا صفت نہوگا کقولہ تعالیٰ سخر لکم
مافی السموات ومافی الارض جمیعا منہ وقولہ فی المسیح روح منہ
ترجمہ مسخر کیا تمھارے لئے اوسکو جو آسمانون مین ہی اور جو زمین مین ہے

جمیعاً منه وقوله فی المسیح روح منه وکذلك ما یقوم بالاعیان
کقوله وما بکم من نعمة فمن الله وَاما اذا کان المجرور بها
صفة ولم یذکر لها محل کان صفة الله کقوله ولکن حق القول
منی وکذلك قد اخبر فی غیر موضع من القران نزل منه وانه
ینزل به جبرئیل منه ردا علی هذا المبتدع المفتري وامثاله
ممن یقول انه لم ینزل منه قال تعالی قل افغیر الله ابتغی حکماً
وهو الذی انزل الیکم الکتب مفصلا والذین اتینهم
الکتب یعلمون انه منزل من ربك بالحق وقال تعالے

اوسے سبکو اور قول اوسکا حضرت مسیح کے حق مین روح منه اور اسیطرح ہے
وہ جو قائم بالاعیان ہے مثل قول الله تعالے وما بکم من نعمة فمن الله
کے اور لیکن جبکہ مجرور بہا صفت ہو اور نہ ذکر کیا گیا واسطے اوسکے محل تو ہوگا صفت
الله کا مثل قول الله تعالے ولکن حق القول منی کے اور اسیطرح قرآن مجید
کے چند مقامون مین خبر دیا کہ وہ الله کیطرف سے اوترا ہے اور اوترتے تھے
ساتھ اوسکے جبرئیل علیہ السلام الله تعالے کی طرف سے یہ رد ہے اوس
مبتدع اور مفتری پر اور اوسکے مثل پر او نمین سے کہ کہتا ہے قرآن مجید الله تعالے
کیطرف سے نہین اوترا حالانکہ فرمایا الله تعالے نے قل افغیر الله ابتغی حکماً و
ھو الذی انزل الیکم الکتب مفصلا والذین اتینهم الکتاب
یعلمون انه منزل من ربك بالحق ترجمہ کہہ کیا پھر الله کے سوا اپنا
حاکم چاہون اور اوسی نے تمہاری طرف کتاب مفصل اوتاری اور جنکو
دی ہمنے کتاب وہ جانتے کہ بیشک وہ تیرے رب کیطرف سے سچی اوتاری گئی اور فرمایا

قل نزله روح القدس من ربك بالحق وروح القدس هو جبرئيل
كما قال في الآية الاخرىٰ نزل به روح الامين على قلبك وقال
من كان عدوا لجبرئيل فانه نزله على قلبك باذن الله وقال هنا نزله
روح القدس من ربك فبين ان جبرئيل نزله من الله لا من هوا ء
ولا من لوح ولا غير ذلك وكذلك سائر آيات القرآن كقوله
تنزيل الكتاب من الله العزيز الحكيم وقوله حمٓ تنزيل الكتب
من الله العزيز العليم وقوله تنزيل من الرحمن الرحيم وقوله
الم تنزيل الكتب لا ريب فيه من رب العالمين وقوله يا ايها الرسول

قل نزله روح القدس من ربك بالحق یعنی کہہ اوتارا اوسکو روح القدس
نے تیرے رب کیطرف سے حق کے ساتھ اور روح القدس جبرئیل علیہ السلام
ہین جیساکہ فرمایا دوسری آیت مین نزل به روح الامين على قلبك لتكون من المنذرين
یعنی اوترا ساتھ اوسکے روح الامین اوپر قلب تیرے تاکہ ہووے تو ڈرانیوالون مین سے اور فرمایا من
كان عدوا لجبرئيل فانه نزله على قلبك باذن الله ترجمہ جو کوئی ہے دشمن واسطے جبرئیل کے
پس تحقیق اوسنے اوتارا ہے اوسکو اوپر دل تیرے کے ساتھ حکم اللہ کے اور وہان کہا نزله
روح القدس من ربك تو ان آیتون سے یہ بات ظاہر ہوئی کہ قرآن مجید کو جبرئیل علیہ السلام
نے اللہ تعالےٰ ہی کی پاس سے لایا ہی ہوا اور لوح وغیرہا سی نہین جیساکہ جہمیہ وغیرہ کا مذہب
ہے اور اسیطرح اور باقی آیات قرآن مجید کے دال ہین اسپر کہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ
کیطرف سے اوترا ہے شجر وغیرہ سی نہین نکلا جیساکہ فرمایا اللہ تعالےٰ نے تنزيل الكتب من
الله العزيز الحكيم وقوله تعالیٰ حمٓ تنزيل الكتب من الله العزيز العليم وقوله تنزيل من
الرحمن الرحيم وقوله تعالےٰ الم تنزيل الكتب لا ريب فيه من رب العالمين وقوله تعالیٰ يا ايها الرسول

بلغ ما انزل الیك من ربك فقد بین فی غیر موضع انه منزل من الله
فمن کان انه منزل من بعض المخلوقات کاللوح او الهواء هو
مفتر علی الله مکذب لکتب الله مبتغ لغیر سبیل المؤمنین الا تری
ان الله فرق بین ما نزله منه وما نزله من بعض المخلوقات کالمطر
بانه قال انزل من السماء ماء فذکر المطر فی غیر مواضع واخبر انه
نزله من السماء والقران اخبر انه منزل منه واخبر بتنزیل مطلق
فی مثل قوله وانزلنا الحدید لان الحدید نزل من رؤس الجبال
لا ینزل من السماء وکذلك انزل الحیوان فان الذکر ینزل الماء
فی الاناث فلم یقل فیه من السماء ولو کان جبرئیل اخذ القران

بلغ ما انزل الیك ۵ پس ظاہر ہوا ان آیات سے کہ قرآن مجید اللہ تعالے کی طرف سے
اوتارا گیا ہے سو جو کوئی کہے کہ قرآن بعض مخلوقات مثل لوح وہوا وغیرہا سے
اوتارا گیا ہے سو وہ اللہ تعالے پر افترا کرتا ہے اور اللہ کی کتاب کو جھٹلاتا ہے
اور غیر سبیل المؤمنین کی راہ چلتا ہے کیا تو دیکھتا نہین کہ اللہ تعالے نے فرق
کر دیا ہے درمیان اوسکے جسکو اپنی طرف سے اوتارا اور درمیان اوسکے جسکو اپنے
بعض مخلوقات کی طرف سے اوتارا جیسے پانی بایںطور کہ فرمایا انزل من السماء
پس پانی کو چند مقامون مین ذکر کیا اور اسبات کی خبر دیا کہ اوسکو آسمان ہی سے
اوتارا ہے اور قرآن کو اپنی طرف سے اور مطلق تنزیل کی اپنے قول وانزلنا
الحدید مین خبر دیا اسلئے کہ حدید یعنی لوہا رؤس جبال سے اوترتا ہے نہ آسمان سے
اور اسیطرح اوتارا یعنی پیدا کرتا ہے حیوان کو بایںطور کہ نر منی کو مادہ کے اندر انزال کرتا ہے
اور نہ فرمایا حدید وغیرہ کے بیان مین انزل من السماء اور اگر جبرئیل علیہ السلام قرآن مجید

من لوح المحفوظ لكان اليهود اكرم على الله من امة محمد لانه
قد ثبت بالنقل الصحيح ان الله كتب لموسى التوریت اى انزلها
مكتوبة فيكون بنو اسرائيل قد قرؤا الالواح التى كتبها
الله واما المسلمون فاخذوه عن محمد ومحمد اخذه عن جبرئيل
وهو عن اللوح فيكون بنو اسرائيل بمنزلة جبرئيل ويكون
منزلة بنى اسرائيل ارفع من منزلة محمد صلى الله عليه وسلم على
قول هؤلاء الجهمية والله سبحانه جعل من فضائل امة
محمد صلى الله عليه وسلم انه انزل عليهم كتابا لا يغسله الماء
وانه انزل عليهم تلاوة لا كتابة وفرقه عليهم لاجل
ذلك فقال وقرانا فرقناه لتقرأه على الناس على مكث ونزلناه

لوح محفوظ سے لاتے (جیسا کہ قول جہمیہ کا ہی) تو اللہ پاک کی نزدیک امت محمد صلعم سے
یہود زیادہ معزز ہوتے کیونکہ نقل صحیح سے ثابت ہوا کہ اللہ نے موسے علیہ السلام
کیلئے توریت کو الواح پر لکھا اور لکھا ہوا اوتارا تو بنی اسرائیل نے اوسی الواح
مکتوبہ کو پڑھا جسپر اللہ پاک نے توریت کو لکھا تھا اور مسلمانوں نے قرآن مجید کو حضرت سے
سنا اور حضرت نے جبرئیل علیہ السلام سے قرآن کی تعلیم پائی تو موافق اقوال جہمیہ
کے مرتبہ بنی اسرائیل کا محمد صلعم کے مرتبہ سے زیادہ بلند ہوا کیونکہ بنی اسرائیل تو بمنزلہ
جبرئیل علیہ السلام کے ہوئے اور حالانکہ سبحانہ وتعالے نے اسکو فضائل امت محمد
صلے اللہ علیہ وسلم سے گردانا ہے کہ اونپر ایسی کتاب اوتاری ہے کہ پانی سے
نہیں دھلسکتی اور اوسکو اونپر اوسنے تلاوۃ و کتابۃً و فرقۃً اوتارا اسیواسطے
فرمایا اوسنے وقرانًا فرقناہ لتقرءہ علی الناس علے مکث ونزلناہ

تنزیلا وقال تعالی وقالوا لولا انزل علیه القران جملة واحدة
کذلک لنثبت به فوادک ورتلناه ترتیلا ثم ان کان جبرئیل
لم یسمع من الله وانما وجده مکتوبا کانت العبارة عبارة جبرئیل
وکان القران کلام جبرئیل ترجم به عن الله کما یترجم عن الاخرس
من الذی کتب کلاما ولم یقدر ان یتکلم به وهذا خلاف دین
المسلمین وان احتج محتج بقوله وانه لقول رسول کریم
ذی قوة عند ذی العرش مکین قیل له فقد قال فی الاخری
انه لقول رسول کریم وما هو بقول شاعر قلیلا ما یومنون
ولا بقول کاهن قلیلا ما تذکرون فالرسول فی هذه الآیة

تنزیلا اور فرمایا وقالوا لولا انزل علیه القران جملة واحدة کذلک لنثبت به
فوادک ورتلناه ترتیلا پھر اگر جبرئیل علیہ السلام نے قرآن مجید کو اللہ تعالے سے نہ سنا
اور اسکو لکھا ہوا پایا تو ہوگی عبارت عبارت جبرئیل ع کی اور قران کلام جبرئیل ع ہوگا
کہ ترجمہ کیا اوسکو اللہ پاک سے جیسا کہ کوئی شخص دوسرے کے کلام کا ترجمہ کرتا ہے کہ
وہ اوسکے بولنے کی سکت نہیں رکھتا اور یہ دین مسلمین کے خلاف ہے اور اگر کوئی شخص
آیات مفصلہ ذیل وانه لقول رسول کریم ذی قوة عند ذی العرش
مکین کو قران مجید کے عدم ثبوت کلام الٰہی مین دلیل پیش کرے اور کہے تو
کہا جاویگا اوسکو تحقیق فرمایا اللہ تعالے نے دوسری آیت مین انه
لقول رسول کریم وما هو بقول شاعر قلیلا ما یومنون
ولا بقول کاهن قلیلا ما تذکرون اور آیت
اولے مین رسول سے جبرئیل مراد ہین اور دوسری مین محمد صلی الله

جبرئیل والرسول فی الاخری محمد فلو ارید به ان الرسول احدث
عبارته لتناقض الجزان فعلم انه اضافه الیه اضافة تبلیغ لا اضافة
احداث ولهذا قال رسول ولم یقل ملک ولا نبی ولا ریب ان الرسول
بلغه کما قال یا ایها الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک فکان النبی
صلی الله علیه وسلم یعرض نفسه علی الناس فی الموسم ویقول الا
رجل یحملنی الی قومه لابلغ کلام ربی فان قریشا قد منعونی ان ابلغ
کلام ربی ولما انزل الله الم غلبت الروم خرج ابو بکر الصدیق فقرأها
علی الناس فقالوا هذا کلامک ام کلام صاحبک فقال لیس بکلامی
ولا بکلام صاحبی ولکنه کلام الله وان احتج بقوله ما یأتیهم من

علیہ وسلم سو اگر مراد قول سے یہ لیا جاسے کہ رسول نے اوسکی عبارت اپنی طرف سے
بنائی ہی تو دونوں جزون کے اندر تناقض واقع ہوگا اور حالانکہ تناقض نہیں سو
جانی گئی یہ بات کہ اللہ تعالے نے اضافت اوسکی طرف رسول کے باعتبار تبلیغ کے
فرمایا نہ باعتبار احداث کے اور اسیلئے فرمایا رسول اور نہ فرمایا ملک اور نہ نبی اور اسمین
شک نہین کہ رسول نے پہونچایا ہی اوسکو اللہ پاک کیطرف سے جیسا کہ فرمایا اللہ تعالےٰ نے
یا ایها الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک یعنی ای رسول پہونچادی جو اوتاری گئی
تیریطرف تیرے رب کی طرفسے اور تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کہ پیش کرتے تھے اپنی ذات
پاک ایام حج مین لوگون پر اور فرماتے تھے ایا ہی کوئی آدمی کہ لے چلے مجکو اپنی قوم کی
طرف کہ پہونچادون مین اپنے رب کی کلام کو کیونکہ قریش مانع ہین مجکو اسبات سے کہ پہونچاون
مین اپنے ربکے کلام کو اور جب اوتاری اللہ پاک نے آیہ الم غلبت الروم کو نکلے ابوبکر صدیق رض
لوگوں کی طرف اور پڑھا اوسکو اونپر تو کہا لوگون نے کہ یہ تیرا کلام ہی یا تیرے صاحب محمد صلے اللہ

ذکر من ربهم محدث قیل هذه الاٰیة حجة علیك فانه لما قال ما یاتیهم
من ذکر من ربهم محدث علم ان الذکر منه محدث ومنه لیس بمحدث
لان النکرة اذا وصفت میز بها بین موصوف وغیره کما لو قال ما یاتینی
من رجل مسلم الا اکرمته وما اکل الا طعاماً حلالاً ونحو ذلك
ویعلم ان المحدث فی الاٰیة لیس هو المخلوق الذی یقوله الجهمی ولکنه
انزل جدیداً فان کان ینزل القراٰن شیئاً بعد شیئ فالمنزل اولا هو
قدیم بالنسبة الی المنزل اخر وکلما تقدم علی غیره فهو قدیم فی لغة
العرب کما قال کالعرجون القدیم وقال تالله انك لفی ضلالك

علیہ وسلم کا تو فرمایا حضرت ابوبکر نے نہ تو یہ میرا کلام ہے اور نہ میرے صاحب کا یہ کلام
اللہ پاک کا ہی اور اگر عدم ثبوت کلام الٰہی مین ساتھ اس قول باری عز اسمہ ما یاتیھم
من ذکر من ربھم محدث کے کوئی دلیل پکڑے تو کہا جاویگا کہ یہ آیت تمھارے
ہی اوپر حجت ہے کیونکہ جب اللہ جل جلالہ نے وما یاتیھم من ذکر من ربھم محدث فرمایا
تو معلوم ہوا کہ قرآن مجید کے اندر بعض ذکر محدث ہین اور بعض نہین اسلئے کہ نکرہ جب
صفت واقع ہوتا ہی تو فرق کیا جاتا ہی اوسکے سبب کر موصوف وغیرہ کے اندر جیسا اگر
کوئی کہے ما یاتینی رجل مسلم الا اکرمتہ وما اکل الا طعاما حلالا ترجمہ
نہ آیا کوئی مرد مسلمان میرے پاس مگر کہ تعظیم عزت کی مین نے اوسکی اور نہ کھایا مگر حلال
کھانا اور مثل اسکے اور معلوم ہوا کہ آیت کی اندر محدث سے وہ مخلوق نہین مراد ہی جسکو جہمی
کہتا ہی لیکن محدث سے مراد ہی کہ اوسکو نیا اوتارا کیونکہ قرآن شیئاً بعد شیئ اوترا تھا پس پہلے
جو اوترا وہ دوسرے کے اعتبار کر قدیم ہوا اور جب اپنے غیر پر مقدم ہوا تو وہ لغت عرب میں قدیم
ہے کما قال اللہ تعالے کالعرجون القدیم وتاللہ انك لفی ضلالك

القديم وقال واذ لم يهتدوا به فسيقولون هذا افك قديم وقال
افرايتم ما تعبدون انتم وآباؤكم الاقدمون وكذلك قوله
جعلناه قرانا عربيا لم يقل جعلناه فقط حتى يظن انه بمعنى خلقناه
ولكن قال جعلناه قرانا عربيا اى صيرناه عربيا لانه قد كان قادرا
على ان ينزله عجميا وينزله عربيا فلما انزله عربيا كان قد جعله مسئله
عربيا دون عجمى **مسئله** قال زيد من الجماعة المحمدية من اهل السنة
ان القران حرف وصوت وقال عمر من الجماعة الجهمية ليس كذلك
بل القران ليس بحرف ولا صوت لانه كلام الله وليس فى كلامه تعالى
حرف وصوت فما الصواب فى ذلك **الجواب** هذه المسئلة جهمية

القديم واذ لم يهتدوا فسيقولون هذا افك قديم افرايتم ما تعبدون
انتم وآباؤكم الاقدمون اور اسيطرح اوپر تنزیل قرآن مجید کے باین الفاظ
ملفوظ کے آسمان سے دال ہے قول باری عزاسمہ کا جعلناه قرانا عربیا اور
جناب باری نے صرف جعلناه ہی نفرمایا تاکہ گمان کیا جاتا کہ جعلناه بمعنی خلقناه ہے
ولیکن جعلناه قرانا عربیا فرمایا کیا معنی گردانا ہمنے اوسکو عربی کیونکہ وہ قادر بیشک
تھا اس بات پر کہ قرآن مجید عجمی اوتارتا حالانکہ عربی ہی اوتارا سو جب اوسکو عربی
اوتارا تو عربی ہی گردانا عجمی نہین **مسئلہ** زید اہل سنت والجماعۃ سے ہے وہ کہتا ہے
کہ قرآن کے لئے حرف وصوت ہے اور عمر جماعت جہمیہ سے ہے وہ کہتا ہے
ایسا نہین بلکہ قرآن کے لئے حرف وصوت نہین تو اس مین صواب
کیا ہے **جواب** بہت سے لوگ جھگڑتے ہین اور حق کو باطل کے
ساتھ آمیز کرتے ہین الا حق وصواب وہی ہے جو زید نے کہا کہ قرآن

يتنازع فيها كثير من الناس ويخلطون الحق بالباطل فالحق والصواب
ما قال زيد ان القران حرف وصوت ان اراد بذلك ان هذا
القران الذي يقرؤ المسلمين هو كلام الله الذي نزل به
الروح الامين على محمد خاتم النبيين والمرسلين وان جبرئيل
سمعه من الله والنبي صلعم سمعه من جبرئيل والمسلمون
سمعوه من النبي صلى الله عليه وسلم كما قال تعالى قل نزله
روح القدس من ربك بالحق وقال والذين اتيناهم الكتاب
يعلمون انه منزل من ربك بالحق فان هذا مذهب سلف
الائمة وائمتها والدلائل على ذلك كثيرة من الكتاب والسنة
والاجماع ومن قال ان القران العربي لم يتكلم الله به وانها

کے لئے حرف وصوت ہی اگر مراد اوسکی اسی قرآن مجید سے ہی جسکو مسلمین پڑھتے ہیں
اور جسکو روح الامین لیکر خاتم النبیین والمرسلین محمد صلعم پر اوترے اور جبرئیل نے
نے اللہ سے سنا اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم نے اونسے سنا اور مسلمانون نے آنحضرتؐ
سے جیسا کہ فرمایا اللہ پاک نے قل نزله روح القدس من ربك بالحق یعنی تو
کہدے اوتارا ہی اوسکو روح القدس نے تیرے رب کے پاس سے حق کے ساتھ اور
فرمایا والذین اتینهم الکتب یعلمون انه منزل من ربك بالحق یعنی
جنکو ہمنے کتاب دیا ہی وہ جانتے ہین کہ وہ اللہ پاک کے پاس سے حق کے ساتھ
اوتاری گئی ہے اور سلف الامۃ وائمتہا کا یہی مذہب ہی اور کتاب وسنت
واجماع سے اسپر بہت سی دلیلین ہین اور جو کوئی کہے کہ قرآن عربی
کے ساتھ اللہ پاک نے نہین تکلم فرمایا ہے یہ کلام جبرئیل کا ہے یا کسی

هو کلام جبرئیل او غیرہ عبر بہ عن المعنی القائم بذات اللہ کما
یقول ذلک ابن کلاب والاشعری ومن وافقہما فہو قول باطل
من وجوہ کثیرۃ فان ہؤلاء یقولون انہ معنی واحد قائم بالذات
وان معنی التوراۃ والانجیل والقرآن واحد انہ لا یتعدد
ولا یتبعض وانہ ان عبر عنہ بالعربیہ کان قرآنا وبالعبرانیہ کان
توراۃ وبالسریانیہ کان انجیلا فیجعلون معنی آیۃ الکرسی وآیۃ
الدین وقل ہو اللہ احد وتبت یدا ابی لہب والتوراۃ والانجیل
وغیرہما معنی واحد وہذا قول فاسد بالعقل والشرع وہو قول
احدثہ ابن کلاب لم یسبقہ الیہ غیرہ من السلف وان اراد زید
القائل بالحرف والصوت ان الاصوات المسموعۃ من القراء

اور کا لفظ تعبیر کیا گیا ہے اسکے ساتھ وہ معنی جو قائم بذات باری ہے یعنی
یہہ الفاظ کلام باری نہیں ہین جیسا کہ ابن کلاب اور اشعری اور اونکی اتباع
کا قول ہی سو یہہ قول بہت سی وجہون سے باطل ہے کیونکہ وے لوگ کہتے ہین
کہ کلام اللہ وہ ایک معنی قائم بالذات ہی یعنی کلام نفسی جو صفت اللہ اور بیشک
معنی توریت وانجیل و قرآن کے ایک ہی ہین متعدد و متبعض نہین پھر اگر
تعبیر کیگئی اوسی معنی قائم بالذات سے عربی مین تو قرآن ہوا اور عبرانی مین توریت
اور سریانی مین انجیل پس آیۃ الکرسی و آیہ الدین و قل ہو اللہ احد و تبت یدا
ابی لہب اور توریت اور انجیل وغیرہ کے ایک ہی معنی بیان کرتے ہین اور یہہ قول
عقلا و شرعا دونون طرح سے فاسد ہی اور یہہ بات پہلی پہل نکالی ہوی ابن کلاب
کی ہی اوسکے سوا سلف سے کوئی اسکی طرف نہین گیا اور اگر مراد زید کی حرف و صوت سے

والمداد الذی فی المصاحف القدیم ازلی اخطاو ابتدع وقال مایخالف العقل والشرع فان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال زینوا القران باصواتکم فبین ان الصوت صوت القاری والکلام کلام الباری کما قال تعالی وان احد من المشرکین استجارک فاجرہ حتی یسمع کلام اللہ فالقران الذی یقرءہ المسلمون کلام اللہ لا کلام غیرہ کما ذکر اللہ ذلک وفی السنن عن جابر بن عبداللہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یعرض نفسہ علی الناس بالموسم فیقول الا رجل یحملنی الی قومہ لابلغ کلام ربی فان قریشا قد منعونی ان ابلغ کلام ربی قالوا لابی الصدیق لما قرا علیہم الم غلبت الروم اھذا کلامک ام کلام صاحبک فقال لیس بکلامی ولا کلام صاحبی ولکنہ کلام اللہ

یہی اصوات مسموعہ عن القراء اور روشنائی جو مصاحف مین ہین ہے اور بھی اوسکے نزدیک قدیم وازلی ہین تو خطا کیا اور مبتلای بدعت ہوا اور خلاف عقل وشرع بات کہی اسواسطے کہ فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے زینوا القران باصواتکم یعنی زینت دو قرآن کو اپنی آوازون سے کیا معنی خوش الحانی سے پڑھو سواس حدیث سے ظاہر ہوا کہ آواز تو قاری کی آواز ہے اور کلام کلام باری ہے کما قال اللہ تعالے وان احد من المشرکین استجارک فاجرہ حتی یسمع کلام اللہ وفی السنن عن جابر بن عبد اللہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یعرض نفسہ علی الناس بالموسم الحدیث جسکا ترجمہ پہلے گزرچکا صفحہ ۲۱ مین کہا مشرکین نے حضرت ابوبکر رض سے جب اونپر الم غلبت الروم پڑھا گیا یہ تیرا کلام ہے یا تیرے صاحب کا کلام ہی تو فرمایا نہ میرا

صوت العبد صفة لله ثم جعل كلام الله المتنوع شيئاً واحداً
لا فرق بين القديم والحادث وهو مصيب في هذه الفرق دون
ذات النافي الذي فيه نوع من الالحاد والتعطيل حيث جعل الكلام
المتنوع شيئاً واحداً لا حقيقة له عند التحقيق واذا اثبت جعل
صوت الرب هو صوت العبد او سكت عن التميز بينهما مع قوله
ان الحروف متعاقبة في الوجود مقترنة في الذات قديمة ازلية
الاعيان فجعل عين صفة الرب تحل في العبد او يتحد بصفته فقال
نوع من الحلول والاتحاد يفضي الى نوع من التعطيل وقد علم
ان نفي الفرق والمباينة بين الخالق وصفاته والمخلوق وصفاته
خطأ وضلال لم يذهب اليه احد من سلف الامة وائمتها

انکار کیا پھر متنوع کلام اللہ کو شی واحد گردانا اور قدیم اور حادث کی درمیان فرق نکیا
تو اوسکے اندر ایک قسم الحاد و تعطیل کی ہے اور یہہ مخطی ہے مصیب نہین اس جہت سے
کہ کلام متنوع کو ایک ہی شئے گردانا کہ جسکی عند التحقیق کوئی حقیقت نہین
اور مصیب وہی ہی جو صوت الرب اور صوت العبد کے اندر فرق کرتا ہی اور جب
اثبات کیا تو صوت الرب کو بعینہ صوت العبد گردانا اور باوجود قائل ہونے
اس بات کی کہ حروف وجود مین متعاقبہ ہین اور ذات مین مقترنہ قدیمہ ازلیہ
الاعیان ہین اور تمیز بینہما سے سکوت کیا تو قائل ہوا ایک قسم حلول واتحاد
سے کہ پہونچانے والا ہے نوع من التعطیل کیطرف اور بیشک یہ بات یقینی
ہے کہ نفی فرق اور مباینت کی درمیان خالق اور مخلوق کے اور اونکی صفات
کی خطا اور ضلالت ہی کوئی بھی سلف الامۃ و ائمتہا سے اوسکی طرف نہین گیا

مسئلہ من حلف بالقرآن المجید او بسورۃ منه انعقد یمینه عند جمیع اهل السنة والجماعة لانه کلام الله بالنظم والمعنی جمیعا والکلام صفة الله تعالی والیمین بصفة الله جایز و منعقد خلافا للحنفیة فان نظم القرآن عند الحنفیة مخلوق والقسم بالمخلوق ممنوع عن ابن مسعود وابرهیم النخعی عن النبی صلی الله علیه وسلم مرسلا من حلف بسورة من القرآن فعلیه بکل اية منها کفارة فاما اصوات المخلوقین فلیس فیها کفارة رواه البخاری فی کتاب افعال العباد وفی الهدایة فی مذهب الحنفیة من حلف بغیر الله لم یکن حالفا کالنبی والکعبة لقوله علیه السلام من کان منکم حالفا فلیحلف بالله او لیذر وکذا اذا حلف بالقرآن

مسئلہ جس شخص نے قرآن مجید کے ساتھ یا کسی سورہ قرآن کے ساتھ قسم کھایا تو جمیع اہل السنتہ والجماعۃ کے نزدیک اوسکی یمین منعقد ہو جائیگی کیونکہ قرآن مجید بالنظم والمعنی کلام اللہ ہے اور کلام صفت اللہ تعالے کا ہی اور قسم کھانا اللہ تعالے کی صفات کے ساتھ جائز ہے الا حنفیہ کا اسمین خلاف ہی اسلئے کہ نظم قرآن اونکے نزدیک مخلوق ہی اور مخلوق کے ساتھ قسم کھانا ممنوع ہی۔ ابن مسعود اور ابراہیم نخعی سے ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مرسلا مروی ہی کہ جسنے قرآن مجید کے کسی سورہ کے ساتھ قسم کھایا تو ـــــ اوس پر اوس سورہ کی ہر آیت کے عوض مین کفارہ لازم آئیگا اور لیکن کسی نے اصوات مخلوقین کے ساتھ قسم کھایا مثلا یون کہا قسم ہی مجکو کلام رسول اللہ کی تو یہہ قسم جائز نہین اور اسمین کفارہ نہین لازم آتا اسکو بخاری نے کتاب افعال العباد مین روایت کیا ہی اور ہدایہ مین ہو جس نے غیر اللہ کے ساتھ قسم کھایا مثلا یون کہا کہ قسم ہی رسول اللہ کی اور بیت اللہ کی تو حالف نہوگا

لانه غیر متعارف قال معناه ان یقول والنبی و القران انتہی وفی در المختار
لا یقسم بغیر الله کالنبی و القران والکعبة انتہی وفی فتح القدیر لانه
مخلوق لانه حروف وغیر المخلوق هو الکلام النفسی انتہی وفی شرح الوقایہ
لا یقسم بغیر الله کالنبی و القران والکعبة انتہی والتحقیق عندی من
کتب الحنفیة القران اسم للنظم والمعنی جمیعا لکن النظم عندهم حادث
و مخلوق ولیس بصفة له تعالی والمعنی عندهم عبارة عن کلام النفسی
غیر مخلوق وهو صفة له تعالی وقول الاحناف هذا مردود لانهم
قسموا کلام الله تعالی علی قسمین احدهما مخلوق وثانیهما غیر مخلوق

حسب فرمان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے من کان منکم حالفا فلیحلف باللہ
اولیذر یعنی جس کسی کو تم مین سے قسم کھانیکی حاجت پڑے تو اللہ کی قسم کھاے یا اس سے
باز رہے ایسا ہی جب قرآن کے ساتھ حلف کیا تو حالف نہوگا کیونکہ وہ غیر متعارف ہے
معنی اوسکے یون بیان کئے کہ کہے والنبی والقران پوری ہوئی عبارت ہدایہ کی اور در المختار
مین ہے کہ غیر اللہ مثل نبی اور قرآن اور کعبہ کی قسم نکی جاوے ۱۲ اور فتح القدیر مین ہے کہ
حلف بالقرآن اسلئے جائز نہین کہ وہ مخلوق ہے کیونکہ وہ حروف ہین اور غیر مخلوق تو کلام
نفسی ہے انتہے اور شرح وقایہ مین ہے غیر اللہ مثل نبی و قرآن و کعبہ کے ساتھ قسم نکھائی
جاوے انتہے اور کتب حنفیہ سے میرے نزدیک تحقیق یہہ ہے کہ قرآن نظم و معنی دونون کا
نام ہے لیکن نظم اونکے نزدیک حادث و مخلوق ہے اللہ کی صفت نہین اور معنی اون
کے نزدیک کلام نفسی سے ہے جو غیر مخلوق ہے اور وہ اللہ کی صفت ہے اور یہہ قول
احناف کا مردود ہے اسلئے کہ اونھون نے کلام اللہ کو دو قسم مخلوق و
غیر مخلوق پر تقسیم کیا حالانکہ قرآن کل نظم و معنی اوسکا غیر مخلوق اور

والحال ان القرآن کله نظمه ومعناه غیر مخلوق وصفة له تعالے
لانه تعالی یقول ولکن حق القول منی ولا یکون من الله شئ مخلوق
القرآن والحدیث حجة علیهم وهذا القول قاله غیر واحد من السلف
وقال احمد بن حنبل کلام الله من الله لیس ببائن منه وهذا معنی
قول السلف القرآن کلام الله منه بدأ ومنه خرج والیه یعود
وفی فتح القدیر ثم لا یخفی ان الحلف بالقرآن الان متعارف
فیکون یمینا کما هو قول الائمة الثلاثة انتهی کان النبی
صلی الله علیه وسلم یستعیذ بکلمات الله لا بکلام غیره وقال نعیم
لا یستعاذ بالمخلوق ولا بکلام العباد والجن والانس والملائکة

اور صفت اللہ تعالے کی ہے کیونکہ وہ فرماتا ہے ولکن حق القول منی اور
کوئی چیز اللہ تعالے سے مخلوق نہین اور اون کے اقوال کی تردید پر قرآن اور
حدیث حجت ہے اور یہی کہا ہے بہتون نے سلف سے اور فرمایا امام احمد
بن حنبل رحمہ اللہ نے کہ کلام اللہ کا اللہ سے ہے اوس سے مبائن نہین اور
سلف کے قول القرآن کلام الله منه بدأ ومنه خرج والیه یعود
کے یہی معنی ہین اور فتح القدیر مین ہے پھر مخفی نہ ہے کہ حلف بالقرآن تو
اسوقت متعارف ہے سو حلف بالقرآن سے یمین منعقد ہو گی جیسا کہ قول
ائمہ ثلاثہ کا ہے انتہی اور استعاذہ کرتے تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کلمات
اللہ تعالے کے ساتھ نہ غیر کے کلام کے ساتھ اور کہا نعیم نے استعاذہ
بالمخلوق نکیا جاوے اور نہ ساتھ کلام عباد اور جن اور انس اور ملائکہ
کے اور اسمین دلیل ہے اسکی کہ کلام اللہ غیر مخلوق ہے اور سوا اوسکے

وفی هذا دلیل ان کلام الله غیر مخلوق وان سواه خلق رواه
البخاری فی کتاب افعال العباد وایضاً قال تعالیٰ لنبیه علیه
الصلوٰة والسلام بالاستعاذة بالقرآن المجید لوکان نظم القرآن
مخلوقاً کما قال الحنفیة ما امر الله لنبیه علیه السلام بالاستعاذة بالمخلوق
قل رب اعوذ بك من همزات الشیاطین واعوذ بك رب ان
یحضرون بسم الله الرحمٰن الرحیم قل اعوذ برب الفلق الخ بسم الله
الرحمٰن الرحیم قل اعوذ برب الناس الخ عن علی قال ان النبی صلعم
کان یقول فی اخر وترہ اللهم انی اعوذ بك برضاك من سخطك
وبمعافاتك من عقوبتك واعوذ بك منك لا احصی ثناء علیك
انت کما اثنیت علی نفسك رواه ابو داؤد والترمذی والنسائی

مخلوق ہیں روایت کیا اسکو بخاری نے کتاب افعال العباد میں - اور ایضاً
اللہ تعالےٰ نے حضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کو استعاذہ بالقرآن کے لئے فرمایا
سو اگر نظم قرآن مخلوق ہوتا جیسا کہ حنفیہ نے کہا تو اللہ پاک حضرت صلے اللہ علیہ
وسلم کو استعاذہ بالمخلوق کا حکم نکرتا قال اللہ تعالےٰ نے قل رب اعوذ بك
من همزات الشیاطین واعوذ بك رب ان یحضرون بسم الله
الرحمٰن الرحیم قل اعوذ برب الفلق الخ بسم الله الرحمٰن الرحیم
قل اعوذ برب الناس الخ علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی صلے اللہ
علیہ وسلم اخیر وتر میں اللهم انی اعوذ بك برضاك من سخطك
وبمعافاتك من عقوبتك واعوذ بك منك لا احصی ثناء علیك
انت کما اثنیت علی نفسك روایت کیا اسکو ابو داود اور ترمذی اور نسائی اور

ابن ماجة وعن ابن عباس ان رسول الله صلعم كان يقول اللهم
اني اعوذ بعزتك الخ رواه البخاري والمسلم وعن القعقاع ان
كعب الاحبار قال لولا كلمات اقولهن لجعلتني يهود حمارا فقيل
له ما هن قال اعوذ بوجه الله العظيم الذي ليس شيء اعظم منه و
بكلمات الله التامات التي لا يجاوزهن بر ولا فاجر وباسماء الله الحسنى
ما علمت منها وما لم اعلم من شر ما خلق وذرأ وبرأ رواه مالك وفي المراد
بالكلمات علم الله تعالى او القرآن المجيد كما ذكره الطيبي و
سيد جمال الدين وشيخ عبد الحق المحدث الدهلوي في شرح
المشكوة ومعلوم ان النبي صلعم لم يتعوذ بمخلوق وليس الفرق
في باب الاستعاذة بين هذه الكلمات المذكورة وبين قوله تعالى

ابن ماجہ نے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ نبی صلے اللہ
علیہ وسلم اللهم اني اعوذ بعزتك الخ فرماتے تھے ذکر کیا اسکو بخاری اور مسلم نے
اور قعقاع سے نقل ہے کہ کعب الاحبار کہتے تھے اگر نہوتے چند کلمات جسکو مین
کہتا ہون تو یہود مجھکو گدھا بنادیتے سو کہا گیا او نکو وہ کون کلمے ہین تو کہا او سنے
اعوذ بوجه الله العظيم الذي ليس شيء اعظم منه وبكلمات الله التامات
التي لا يجاوزهن بر ولا فاجر وباسماء الله الحسنى ما علمت منه و
ما لم اعلم من شر ما خلق وذرأ وبرأ ذکر کیا اسکو امام مالک نے اور مراد
کلمات اللہ سے علم اللہ ہے یا قرآن مجید جیسا کہ ذکر کیا اوسکو طیبی اور سید جمال الدین نے
اور شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے شرح مشکوۃ مین اور یہ بات یقینی ہے کہ نبی صلعم نے
استعاذہ بالمخلوق نہین فرمایا ہے اور باب الاستعاذہ مین درمیان ان کلمات مذکورہ کے اور

قل رب اعوذ بك من همزات الشياطين واعوذ بك رب ان يحضرون وقل اعوذ برب الفلق وقل اعوذ برب الناس الی اخرهما؟ وعن عقبة بن عامر قال بینا انا اسیر مع رسول الله صلعم بین الجحفة والابواء اذ غشیتنا ریح وظلمة شدیدة فجعل رسول الله صلعم یتعوذ باعوذ برب الفلق واعوذ برب الناس ویقول یا عقبة تعوذ بهما فما تعوذ متعوذ بمثلهما رواه ابوداؤد وفی شرح فقه الاکبر لعلی القاری وکثیر من متاخری الحنفیة علی انه معنی واحد و التعدد والتکثر والتجزی والتبعیض فی محاصل الدلالات لافی المدلول وهذه العبارات مخلوقة وسمیت کلام الله لدلالتها

قوله تعالے قل رب اعوذ بك من همزات الشیاطین واعوذ بك رب ان یحضرون وقل اعوذ برب الفلق وقل اعوذ برب الناس الخ کے درمیان کوئی فرق نہین اور عقبہ بن عامر سے مروی ہے کہتے ہین کہ ایک وقت ہملوگ جحفہ اور ابوا کے درمیان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چلے جاتے تھے اچانک باد تند اور تاریکی شدید نے ڈھانپ لیا پس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس کے ساتھ استعاذہ کرنے لگے اور فرمانے لگے اے عقبہ پناہ مانگ ان دونون کے ساتھ سو نہین استعاذہ کیا کسی استعاذہ کرنیوالے نے ان دونون کے مثل کے ساتھ ذکر کیا اسکو ابوداود نے اور شرح فقہ اکبر مولفہ ملا علی قاری مین ہے وکثیر من متاخری الحنفیة الخ اور بہت سے متاخرین حنفیہ کے اسپر ہین کہ وہ ایک معنے ہی اور تعدد اور تکثر اور تبعیض اور تجزی حاصل فی الدلالات مین ہے نہ مدلول

علیه وتادیه فان عبر بالعربیه قرآن وان عبر بالعبرانیه فهو تورئة
فاختلف العبارات لا الکلام قالوا ویسمی هذه العبارات کلام الله
مجازا وهذا کلام فاسد فان لازمه ان معنی قوله تعر ولا تقربوا الزنا
هو معنی قوله واقیموا الصلوة ومعنی اية الکرسی هو معنی اية
المداینة ومعنی سورة الاخلاص هو معنی تبت یدا ثم قال ومن
قال ان المکتوب فی المصاحف عبارة عن کلام الله او حکایة کلام الله
ولیس فیها کلام الله او حکایة کلام الله ولیس فیها کلام الله۔
فقد خالف الکتاب والسنة وسلف الامة وکلام الطحاوی

ہین اور یہہ عبارتین مخلوق ہین اور انکا نام کلام اللہ اسواسطے رکھا گیا کہ یہہ دلالت
کرتی ہین اوسی معنی واحد پر اور اوسکا ادب کرکے پھر اگر وہی معنی واحد تعبیر کیا گیا
عربی مین تو قرآن ہوا اور عبرانی مین توریت سو عبارات مختلف ہوئے نہ کلام
اور کہتے ہین کہ ان عبارتون کا مجازاً کلام اللہ نام ہے اور یہہ قول متاخرین کا فاسد
ہے اسلئے کہ لازم ہے اسکو یہہ بات کہ جو معنی قولہ تعالے ولا تقربوا الزنا کا ہے
وہی معنی اقیموا الصلوۃ کا اور جو معنی آیۃ الکرسی کا ہے بعینہ وہی معنی آیۃ الدین
کا اور سورہ اخلاص کا جو معنی ہے وہی تبت یدا کا پھر بعد نقل اقوال متاخرین
کے فرمایا ملا علی قاری نے اور جو کوئی کہے کہ مکتوب فی المصاحف عبارت کلام اللہ
کی ہے یا حکایت اوس سے اور اوس مین کوئی کلام اللہ نہین سو بیشک اوسنے خلاف
کتاب وسنت یعنی قرآن وحدیث اور سلف الامہ کا کیا اور کلام طحاوی اوس شخص
کے قول کو جو کہتا ہے کہ کلام اللہ ایک معنی ہے کہ اوسکی سماعت اللہ تعالے
مقصور نہین کیجا سکتی ہے اور جو سنا جاتا ہے اور اوتارا گیا اور پڑھا گیا اور لکھا جاتا ہے

يرد قول من قال انه معنى واحد لا يتصور سماعه منه وان المسموع المنزل المقروء المكتوب ليس بكلام الله وانما هو عبارة قال الطحاوى نقول كلام الله منه بدا بلا كيفية اى لا نعرف كيفية تكلمه به وكذا قال غيره من السلف منه بدا واليه يعود وانما قالوا منه بدا لان الجهمية والمعتزلة وغيرهم كانوا يقولون انه خلق الكلام فى محل فبدا الكلام فى ذلك المحل فقال السلف منه بدا اى هو المتكلم به فمنه بدا اى لا من بعض المخلوقات كما قال الله تعالى تنزيل من الرحمن الرحيم ومعنى قولهم واليه يعود انه يرفع من الصدور والمصاحف كما ورد فى الاحاديث انتهى وعند الحنفية ان كلام الله يطلق على النوعين احدهما على الكلام اللفظى الحادث المولف من السور والآيات

کلام اللہ نہین سوا اسکے نہین کہ وہ مضمون کلام اللہ سے رد کرتا ہے کہا طحاوی نے مین کہتا ہون کہ کلام اللہ نے بلا کیف اللہ تعالے سے بدایت کیا یعنی مین نہین جانتا کہ کسطرح اللہ پاک نے ساتھ اوسکے تکلم فرمایا اور ایسا ہی کہا ہے سواے طحاوی کے بہتون نے سلف سے منہ بدا والیہ یعود اور سوا اسکے نہین کہ سلف نے منہ بدا والیہ یعود اسواسطے کہا کہ جہمیہ اور معتزلہ وغیرہم کہتے تھے کہ اللہ نے کلام کو بعض محل مین پیدا کرکے اوسی محل مین مقید کردیا تو سلف نے منہ بدا کہا یعنی وہی ساتھ اوسکے متکلم ہے کیا معنی بعض مخلوقات سے نہین پیدا ہوا جیساکہ فرمایا اللہ تعالے نے تنزیل من الرحمن الرحیم اور معنی سلف کے قول والیہ یعود کا یہ ہے کہ قریب قیامت قرآن مجید حافظونکے دلون سے اور مصحفون سے اوٹھا لیا جائیگا جیساکہ احادیث مین آیا ہے انتہی اور حنفیہ کے نزدیک اطلاق کلام اللہ کا دو قسم پر ہے ایک کلام لفظی حادث مولف من السور والآیات پر

ويسمون هذا القسم مخلوق الله وثانيهما على الكلام النفسي القديم وهم
يسمون هذا القسم صفة الله تعالى كما يظهر من شرح المقاصد وشرح
فقه اكبر لعلي القاري وشرح عقايد نسفي فان قيل لو كان كلام الله تعالى
حقيقة في المعنى القديم مجازا في النظم المؤلف يصح نفيه عنه بان
يقال ليس النظم المنزل المعجز المنفصل الى السور والآيات كلام الله والاجماع
على خلافه قلنا التحقيق ان كلام الله تعالى اسم مشترك بين الكلام النفسي
القديم ومعنى الاضافة كونه صفة له تعالى وبين اللفظي الحادث المؤلف
من السور والآيات ومعنى الاضافة انه مخلوق الله تعالى ليس من
تاليفات المخلوقين فلا يصح النفي اصلا ولا يكون الاعجاز والتحدي الا في

اور اس قسم کو مخلوق اللہ کہتے ہیں اور دوسرے کلام نفسی قدیم پر اور اس قسم کو
صفت اللہ کہتے ہیں جیسا کہ شرح مقاصد و شرح فقہ اکبر ملا علی قاری اور شرح
عقائد نسفی سے ظاہر ہوتا ہے پھر اگر کہا جاوے کہ جب حقیقۃ اطلاق کلام اللہ
کا معنی قدیم پر ہے اور نظم مولف پر مجازا تو نفی اوسکی کلام اللہ سے البتہ صحیح ہوگی
یعنی یوں کہا جاویگا کہ نظم اول معجز منفصل الی السور والآیات کلام اللہ نہیں
حالانکہ اجماع اسکے خلاف پر ہے تو ہم کہینگے تحقیق یہ ہے کہ کلام اللہ اسم مشترک
ہے درمیان کلام نفسی قدیم کے جو معنی الاضافۃ اوسکے صفت ہے اور درمیان
کلام لفظی حادث مولف من السور والآیات کے جو معنی اضافی کے کہ مخلوق اللہ
ہے تالیفات مخلوقین سے نہیں پس اصلا نفی اوسکی صحیح نہیں اور اعجاز اور تحدی
نہیں ہوتی مگر کلام اللہ میں انتہی فی شرح فقہ اکبر لعلی القاری اسی طرح
شرح مقاصد اور شرح عقائد وغیرہما میں ہے اور فقہ اکبر میں امام ابو حنیفہ رح

کلام اللہ تعالی انتہی ما قال علی القاری فی شرح فقہ الاکبر ھکذا فی
شرح المقاصد وشرح العقائد وغیرھما وقال ابو حنیفہ فی فقہ الاکبر
والقران کلام اللہ تعالی فی المصاحف مکتوب وفی القلوب محفوظ
وعلی الالسنۃ مقرو وعلی النبی علیہ الصلوۃ والسلام منزل ولفظنا
بالقران مخلوق وکتابتنا لہ مخلوق وقراتنا لہ مخلوق انتہی وایضاً
فیہ کلام اللہ تعالی غیر مخلوق انتہی وایضا فیہ ویکلم لا ککلامنا
ویسمع لا کسمعنا نحن نتکلم بالالات والحروف واللہ یتکلم بلا آلۃ
والحروف والحروف مخلوقۃ وکلام اللہ تعالی غیر مخلوق انتہی وایضا
قال ابو حنیفۃ رح فی وصیۃ نقر بان القران کلام اللہ تعالی ووحیہ
وتنزیلہ وصفۃ لا ھو ولا غیرہ بل ھو صفۃ علی التحقیق مکتوب فی
المصاحف مقرو بالالسن محفوظ فی الصدور من غیر حال فیہا والحروف

نے فرمایا ہے کہ قرآن کلام اللہ ہے جو مصحفون مین مکتوب ہی اور حفاظ کے دلون
مین محفوظ اور لوگون کی زبانون پر جو پڑھا گیا اور جو نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر اوتارا
گیا اور ہمارے الفاظ یعنی اداکرنا زبان سے ساتھ قرآن مخلوق ہین اور لکھنا ہمارا
اوسکو اور پڑھنا ہمارا اوسکو مخلوق ہی اور جو ذکر کیا ہے اللہ تعالے نے قرآن مین
حضرت موسے اور اونکے سوا انبیا علیہم السلام اور فرعون اور شیطان کے احوال
سے یہ سب کلام اللہ تعالے مین خبر دیتا ہے اونسے اور کلام اللہ تعالے کا مخلوق
نہین انتہے اور اوسی مین ہی اور کلام کرتا ہی نہ ہمارا کلام اور سنتا ہی نہ ہمارا سا سننا ہم کلام
کرتے ہین ساتھ اسباب اور حروف کے اور اللہ پاک کلام کرتا ہی بغیر اسباب اور حروف
کے اور حروف مخلوق ہین اور کلام اللہ کا مخلوق نہین اور اپنی وصیت فرمایا ہے

والحبر والكاغذ والكتاب كلها مخلوقة لانها افعال العباد وكلام الله
تعالى غير مخلوق لانه الكتابة والحروف والكلمات والايات
كلها آلة القران لحاجة العباد اليه وكلام الله تعالى قائم بذاته و
معناه مفهوم بهذه الاشياء فمن قال بان كلام الله تعالى مخلوق
فهو كافر بالله العظيم والله تعالى معبود لا يزال عما كان وكلامه مقرو
مكتوب محفوظ من غير مذائلة عنه انتهى **فائدة جليلة**
و في كلام الامام الذي نقلناه عنه آنفا عن الفقه الاكبر والوصية
في تعريف القران المجيد خروجه الامام عن مسلك المحدثين اما
التناقض فلان خلاصة تعريف القران عنده الالفاظ والحروف

ہم اقرار کرتے ہین کہ قرآن اللہ کا کلام ہے اور اوسکا وحی اور اوسکا اوتارا ہوا ہی اور اوسکی
صفت ہی نہ عین ہی اللہ کا اور نہ غیر بلکہ وہ صفت ہی اوسکی ملے التحقیق لکھا ہوا ہی مصحفون
مین پڑھا ہوا ہی زبا نون پر محفوظ دلون مین نہ حلول کیا ہوا اون مین اور حروف اور روشنائی
اور کاغذ اور لکھا ہوا سب مخلوق ہین کیونکہ یہ سب بندون کے کام ہین اور اللہ کا کلام
مخلوق نہین اسلئے لکھنا اور کلمے اور آیتین یہ سب اسباب قرآن کے ہین بندون
کی حاجت کی جہت کر جو انکی طرف ہوتی ہی اور اللہ کا کلام تو اوسکے ذات کے ساتھ
قائم ہے معنی اوسکا ان سب چیزون سے سمجھی جاتی ہین پھر جو کوئی کہے کلام اللہ کا
مخلوق ہی سو وہ کافر ہے اللہ عظیم کا اور اللہ تعالی معبود ہی ہمیشہ رہنے والا ہی جیسا پہلے سے
ہے اور کلام اوسکا پڑھا جاتا ہی اور لکھا جاتا ہی اور یاد کیا جاتا ہی بغیر زوال کے اوسکی ذات سے
فائدہ جلیلہ اور کلام مین امام ابو حنیفہ رحمہ کے جسکو ابھی فقہ اکبر اور انکی وصیت سے
تعریف قرآن مجید مین نقل کر چکا ہون تناقض اور خروج کرنا مسلک محدثین رضوان اللہ

والكلمات والآيات لانه لا المكتوب في المصاحف والمحفوظ في الصدور
والمقرء على الالسنة والمنزل على النبي صلعم حقيقة الا هذه الحروف
والالفاظ والكلمات والآيات فاذا كان الامر كذلك فمجموع هذه
الاشياء كلام الله تعالى وكل كلام الله تعالى عنده غير مخلوق فثبت ان
مجموع هذه الاشياء عنده غير مخلوق وقال الامام في وصية ان الحروف
والكلمات والآيات كلها مخلوقة فصار شئ واحد عند الامام مخلوق
وغير مخلوق من جهة واحدة وهو المحال عند الكل والتناقض صريح
من ظاهر كلامه ليس لنا حاجة الى التاويل لانه قال في موضع اخر النص
يحمل على ظواهرها واما الخروج عن مسلك المحدثين لان حاصل الكلام

علیہم اجمعین سے ہے تناقض تو اسطرح ہے کہ خلاصہ تعریف قرآن مجید کی
اونکے نزدیک یہہ ہے کہ الفاظ اور حروف اور کلمات وآیات کلام اللہ ہین کیونکہ
لکھے ہوئے صحیفون مین اور یاد دلون مین اور پڑھے گئے زبانون پر اور اوتارے گئے
نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر حقیقۃً نہین ہین مگر یہی حروف اور الفاظ اور کلمے اور آیتین
پھر جب ایسا ہوا تو یہہ سب چیزین کلام اللہ ہوئین اور کلام اللہ اونکے نزدیک
مخلوق نہین جیساکہ اوپر گذرا تو ثابت ہوا کہ یہ سب چیزین اون کے نزدیک غیر مخلوق
ہین پس ایک ہی چیز امام صاحب کے نزدیک مخلوق بھی ہے اور غیر مخلوق ہے اور یہہ محال ہے
سب کے نزدیک اور تناقض اونکے کلام سے صاف صاف ظاہر ہے ہمارے تاویل کرنیکی
کوئی ضرورت نہین کیونکہ وہ دوسرے مقام مین فرما چکے ہین النصوص یحمل
علی ظواهرها یعنی نصوص ظاہر پر حمل کی جاتے ہین اور خروج کرنا مسلک
محدثین سے اسطرح ہے کہ حاصل کلام ہمارے امام اعظم ابی حنیفہ

عند امامنا الاعظم ابی حنیفة النعمان بن ثابت الکوفی رح ومقلدیہ ان القرآن علی القسمین احدهما مخلوق وهو حروفه وحرکاته وتلفظه ونظمه ولفظه وهذا القسم لیس له تعالی صفته لانه مخلوق والمخلوق لایکون صفة للخالق وثانیهما غیر مخلوق وصفة له تعالی وهو الکلام النفسی والقرآن عندهم اللفظ والمعنی جمیعا وعند الامام ومقلدیه المعنی فقط لا الالفاظ التی هی مکتوبة فی المصاحف لانها دالة علی المعنی الذی هو الکلام النفسی

العجب کل العجب منهم الذین	هم المتقون فی سائر الازمان
والله اکبر کیف کان اعتقادهم	بکلام الباری جل جلاله سبحان
ربنا اغفر لی ذنوبی کلها	ولهم بفضلک ارحم الرحمن

نعمان ابن ثابت کوفی کے نزدیک اور اونکے مقلدین کے نزدیک یہ ہے کہ قرآن دو قسم پر ہے ایک تو مخلوق ہے اور وہ قرآن مجید کے حروف اور اوسکی حرکتین اور تلفظ اور نظم الفاظ ہین یہہ اللہ تعالے کے صفات نہین کیونکہ یہہ مخلوق ہین اور مخلوق صفت خالق نہین ہوسکتی اور دوسرا غیر مخلوق ہی اور اوسکی صفت اور وہ کلام نفسی ہے اور محدثین کے نزدیک قرآن لفظ ومعنی دونون ہین اور امام صاحب اور اونکے مقلدین کے نزدیک صرف معنی قرآن ہی الفاظ جو مصحفون مین لکھے ہوئے ہین نہین کیونکہ وہ دال ہین اوسی معنی پر جو کلام نفسی ہے

نظم

بہت ہی تعجب ہے اون سے مجھے	جو موصوف بازہد وتقوے ہوئے
تمامی خلائق مین ہین وہ مدام	کرے اونپہ رحمت خدائے انام
عقیدہ تھا اون کا عجیب وغریب	کلام خدا مین اے سب سے حبیب

كلامك ربي منزه بالحرف والصوت — ونعتقد بانهما غير مخلوقان
لا يشك قط من له عقل سليم — يفهم هذا القول بالبرهان
وليت شعري لو اعتقد امامنا — الاعظم ابو حنيفة النعمان
في كلام الرب تعالى شانه — مثل اعتقاد الحق والايمان
هم المحدثون وهم اهل الرسول — رضي عنهم الرحمن ذو غفران
لكان هذا احسن في حقه — لانه هو عظيم الشان
لكنه قد خالف اهل الحديث — والا يليق له بمثل هذا الشان
والوجه في هذا وهو انه — قد مال الى علم الكلام غاية الميلان
وعند اهل الحديث كلامه — ذو احرف وكلمات ومعان
والسور والالفاظ والآيات — كلها عندهم غير مخلوقان

خدایا تو دے بخش میری خطا — اور اونکی بھی اے ملک دوسرا
عقیدہ ہے اپنا کہ قرآن مجید — منزل ہے با حرف وصوت ای حمید
کریگا نہ شک اسمین عاقل کبھی — وہ سمجھے گا اسکو نہ حجت قوی
جو اے کاش میرے امام ہوئے — رہے اونسے راضی ہمیشہ خدا
عقیدہ کلام خدا مین اگر — وہ رکھتے بمانند اہل خبر
جو مشہور دوران ہین اہل رسول — سدا اون پہ ہو رحمت حق نزول
وہ ہین تابع قول خیر البشر — رہے اون سے راضی خدا سربسر
تو ہوتا بہت خوب اون کے لئے — سبب یہ کہ وہ اصفیا سے ہوئے
ہوئے عکس اہل خبر کر گئے — مراتب سے اپنے گزر کر گئے
یہہ شایان نہین اونکے تھا شان کو — سر رہبران اہل ایمان کو

هكذا قال ائمة السلف وامامنا ابن قيم فی کتابه وهوذوشان
الموسومة بالكافية هي في انتصار للفرقة الناجية عن النيران
الان نشرح عبارة كتابه التي هي مقبولة عند صاحب الايمان
والله ربي لم يزل متكلما وكلامه المسموع بالاذان
صدقا وعدلا احكمت كلماته طلبا واخبارا بلا نقصان
ورسوله قد عاذ بالكلمات من لدغ ومن عين ومن شيطان
ايعاذ بالمخلوق حاشاه من الاشراك وهو معلم الايمان
بل عاذ بالكلمات وهي صفاته سبحانه ليست من الاكوان
وكذلك القران عين كلامه المسموع منه حقيقة ببيان
هو قول ربي كله لا بعضه لفظا ومعنى ما هما خلقان

سبب اسمین یہہ تھا کہ وہ راہبر گئے میل سوے کلام اسے پسر
کلام خدا پیش اہل رسول ؐ ہوئی پیش حق سعی جنکی قبول
ہے باحرف وکلمات ومعنے ضرور سمجھتے ہین وہ جنکو ہے کچھ شعور
اورالفاظ وآیات وسورہ تمام بلاشک یہہ سب ہین خدا کے کلام
یہہ نزدیک اہل رسول امین ؐ ہوئے غیر مخلوق ہین بالیقین
اسیطرح میرے امام ہمام ؒ لکھا ابن قیم نے اسے نیک نام
پئے نصرت فرقۂ ناجیہ ؒ عجب نسخہ کافیہ وافیہ
اوسمین یہہ قول اونکا مسطور ہے مطالع کرے جسکو منظور ہے
مین کرتا ہون اسوقت اوسکو رقم سمجھ لو اوسے خوب اسے ذی حشم
پئے دفع اوہام خاطر عوام ؒ لکھی مین نے اوسکی عبارت تمام

تنزیل رب العلمین وقوله　　اللفظ والمعنی بلا روغان
لکن اصوات العباد وفعلهم　　کمدادهم والرق مخلوقان
فالصوت للقاری ولکن الکلا　　م کلام رب العرش ذی الاحسان
هذا اذا ما کان ثم وساطة　　کقراءة المخلوق للقران
فاذا انتفت تلك الوساطة مثل ما　　قد کلم المولی ابن عمران
فهنالك المخلوق نفس السمع لا　　شیٔ من المسموع فافهم ذان
هذی مقالة احمد ومحمد (ای البخاری)　　وخصومهم من بعد طائفتان
احداهما زعمت بان کلامه　　خلق له الفاظه ومعان
والاخرون ابوا وقالوا شطره　　خلق وشطر قام بالرحمان

انتهی وایضا فی الکافیة صفحة ٤٧

کیا نظم ہندی زبان مین اوسے　　کہ تفہیم مطلب ہو آسان سے
کرے بات دایم وہ سبحان ہے　　کلام اوسکا مسموع آذان سے ہے
ہین بالصدق والعدل کلمات رب　　بلا نقص محکم ہین آیات رب
رسول خدا نے اے میرے خلیل　　کیا استعاذہ ہے بے قال وقیل
کلام خداوند جبار سے　　نظر بد سے اور سحر سحار سے
گزند عقرب و مار خونخوار سے　　اور آسیب شیطان مکار سے
مین اب تم سے سائل ہون اس بات کا　　جواب اسکا کیا مجکو دوگے بھلا
کہ سلطان دین سید المرسلین　　امام الہدی شافع المذنبین
کرین استعاذہ بمخلوق آہ　　کہ جو شرک لاریب ہے اور گناہ
نہین بلکہ وہ سرور انبیا　　بکلمات حق استعاذہ کیا

واتكم حديثا لابن مسعود صريحا — انه ذو احرف ببيان

الحرف منه في الجزاء عشر من الحسنات — ما فيهن من نقصان

وانظر الى السور التى افتتحت — باحرفها ترى سرا عظيم الشان

لم يات قط بسورة الا اتى — في اثرها خبر عن القران

اذ كان اخبارا به عنها وفي — هذا الشفاء لطالب الايمان

ويدل ان كلامه هو نفسها — لا غيرها والحق ذو تبيان

فانظر الى مبدء الكتاب بعدها — الاعراف ثم كذا الى لقمان

مع تلوها ايضا ومع حم — مع يس وافهم مقتضى القران

انتهى وايضا فيه صفحه ۵۱

والله اخبر انه سبحانه — متكلم بالوحي والفرقان

جو اوصاف باری تعالے کے ہین — نہ مخلوق باری تعالے سے ہین

اسیطرح قرآن کو جانیئے — بعینہ کلام اوسکا پہچانئے

خدا سے ہے مسموع فرقان حمید — تکرتا ہے شک اسمین کوی سعید

وہ فرمودہ باری ہے کل بے گمان — نہین بعض کا دہیان رکھہ اے جوان

نہ مخلوق تو لفظ و معنے کو جان — منزل من اللہ تو اسکو مان

تو قول اوسکا بالفظ و معنے سمجھ — خلاف اسکے اصلا عقیدہ نرکھہ

عیان کردیا تجھپہ راز نہان — فسنہ و کردیا اپنا بار گران

مگر صوت و فعل عباد اسے ضرور — یہہ مخلوق ہین یاد رکھئے ضرور

مثل اوسکی تمکو بتاہون اب — مداد اور اوراق اسے باادب

یہہ دونون ہی مخلوق ہین بالیقین — خلاف اسمین سمجھو ذرا بھی نہین

وكذالك اخبرنا بانه كلامه | بصدور اهل العلم والايمان
وكذالك اخبرانه المكتوب في | صحف مطهرة من الرحمن
وكذالك اخبرانه المتلو و | المقرو عند تلاوة الانسان

ہے مخلوق آواز قاری بھی ہاں | ولیکن کلام اے میرے مہربان
کلام خداوند عرش برین | سے بے شبہ اے صاحب حق گزین
یہ جب ہی کہ وان پر وساطت بھی ہو | تلاوت کرے جیسے قرآن کو
کوئی آفریدہ خداوندگار | سدا او سپہ ہو رحمت کردگار
پہ جب یہ وساطت ہوئی منتفی | تو باقی رہا بس کلام اے ذکی
کلام خدا جو کہ ہیگا قدیم | یہی قول ہے معتبر اے حمیم
کیا جسطرح بات مولود نے | رسول خداوند معبود نے
نسل سے جو عمران کے پیدا ہوا | جو مریم سے پیدا ہویدا ہوا
سوا اس جا یہ مخلوق ہے نفس سمع | نہیں کچھ بھی مسموع سے ای نیک طبع
یہی قول احمد محمد کا ہے (امام احمد بن حنبل امام بخاری) | جو اشراف ہین دین کے ای نیک پی
اور بعد اون کے دو طائفہ خاص کا | کلام اسطرح پر ہویدا ہوا
کلامون کو ہر اک کے کر لو خیال | کہ کرتے ہین وے کسطرح قیل و قال
کہ قول خداوند جل و علا | ہے مخلوق اوسکا نہ شک اسمین لا
اور اوسکے لئے لفظ و معنی بھی ہے | سمجھ لے اسے خوب فرخندہ پے
یہ اون مین سے اول کا بس قول ہے | بڑا جس سے دل مین بڑا ہول ہے
اور قوم دیگر نے کیا یون بیان | کہ نصف اوسکا مخلوق ہے بیگمان
اور نصف اوسکا قائم برحمان ہے | عقیدہ یہ اون کا بقرآن ہے

والکل شیٔ واحد لا انہ ۔ ھو اربع وثلاثة واثنان
وتلاوة القران افعال لنا ۔ وکذا الکتابة فہی خط بنان
لکنہما المتلوو المکتوب ۔ والمحفوظ قول الواحد الرحمن

ولے یہ عقیدہ ہے دور از صواب ۔ صواب ہی وہی جو کہ گذرا شتاب
ونیز ہے اوسی کافیہ مین لکھا ۔ صفحہ سات وچالیس کا ہے پتا
عبارت کو اوسکی کرون اب رقم ۔ بانصاف دیکھین اوسے ذی ہمم
عبارت یہ اوسکی ہی ای باخبر ۔ حدیث ابن مسعود کو یاد کر
جو ہیگی بتصریح اسبات پر ۔ کہ قول خدا ہیش اہل اثر
ہے با حرف ہرگز نہ شک اسمین لا ۔ عقیدہ خلاف اسکے ہیگا خطا
عوض حرف واحد کے دس نیکیان ۔ ہے ثابت پے قاری خوش الحان
نہین نقص اسمین کسی طور سے ۔ سمجھ لے اسے خوب تو غور سے
کہ فرمودہ ہے خاص حضرت رسول ﷺ ۔ سدا اونپہ ہو رحمت حق نزول
اور اونکے سبھی آل اطہار پر ۔ اور اصحاب اخیار وانصار پر
نظر کر ذرا سورتون کے تئین ۔ جو مفتوح با حرفہا وہ ہوئین
کہ اسرار اسمین ہین کیسے عظیم ۔ نہادہ خدا کے جو ہیگا علیم
نہ لایا کسی خاص سورہ کے سنگ ۔ مگر بعد اوسکے کہا بیدرنگ
کہ فرقان سے ہے اسطرح کی کتاب ۔ فوائد لکھے جسمین ہین بے حساب
خداوند جل وعلا نے کہین ۔ ہے کافران حزب شیطان لعین
کیا وعدہ ایصال نار سقر ۔ پس از بعث یوم الجزا المحذر
کہین یہ بیان ہے کہ فرقان حمید ۔ خدا سے منزل ہوا اسے سعید

کثیر البشر

[illegible]

والعبد یقرأه بصوت طیب
وبضده فهماله صوتان
وکذاک یکتبه بخط جید
وبضده فهماله خطان
اصواتنا ومداد نا واداتنا
والرق ثم کتابة القرآن

کہین اہل ایمان کو وعدہ دیا
کہ جنات کا تمکو وارث کیا
جو کرتے رہے تم سدا کار خیر
عوض اوسکے تمکو ہے جنت کی سیر
رہو شاد و فرحان ہمیشہ وہین
کبھی اوس سے تمکو نکلنا نہین
یہ جب اون سے اخبار قرآن ہے
تو اسمین شفا اہل ایمان ہے
اور دال ہے کہ بیشک کلام خدا
وہی نفس سورہ ہے ای خوش لقا
نہ غیر اوسکا ہے اسکو ست مانیو
کلام خدا اوسکو ست جانیو
اور حق ہے وہی جو کہ بتلا دیا
خلاف اسمین اصلا نہین ہے کیا
تو مبدء کتاب اور بعد اوسکے کو
ذرا دیکھ لے اسے حقائق شنو
سو اعراف سے لیکے لقمان تلک
دخان اور حم ویس تلک
سمجھ لے تو بس مقتضائے قرآن
کہ اسرار اسمین ہین کیسے نہان
و نیز ہے اوسی کافیہ مین رقم
اکاون صفحہ بیچ اسے محترم
یہ اوسکی عبارت کا مفہوم ہے
لکھا ہے جنے جسکو یہ منظوم ہے
کہ اللہ ہے یون خبر دے رہا
سدا حق سبحانہ کہہ رہا
اسیطرح اوسنے خبر یہہ کیا
کہ اوسکا کلام اسے سرا ذکیا
ہے محفوظ لاریب اس آن مین
صدور اہل علم اور ایمان مین
اور نیز اسطرح اوسنے بتلادیا
کہ قرآن صحیفون مین لکھا گیا
وہی یہہ خبر ہے کہ قرآن مجید
بوقت تلاوت ہی سفرہ عبید

ولقد اتی فی ضمنه من قال — قول الحق غیر جبان
ان الذي هو فی المصاحف مثبت — بانامل الاشیاخ والشبان
هو قول ربی ایه وحروفه — ومدادنا والرق مخلوقان

اور سل ایک ہی چیز ہین بے خطر — نہین دو دو سہ چار اے باخبر
تلاوت قرآن کو مرا فعل جان — کتابت کو بھی تو اسیطرح مان
ولے جوکہ خوانده و مکتوب ہے — اور محفوظ ہے اور محبوب ہے
وہ ہے ایک ہی قول رحمان جان — نہین ہی وہ کچھ اور اے مہربان
ہے پڑھتا کوئی اوسکو بندہ خدا — بالحان نیکو ترین بے خطا
کوئی اوسکو پڑھتا بآواز بد — غنی از بیان اسکی ہیگی سند
اسیطرح اوسکو ہے لکھتا کوئی — بخط خوش اسلوب و بدتر کوئی
ہمارے حروف اور آواز سب — مداد اور اوراق اے خوش لقب
کتابت قرآن کی پھر اے مہربان — ہے صنعت سے کاتب کی بن بیگمان
ہین مخلوق مذکورہ بالا سبھی — تو شک اسمین اصلا نکر مشفقی
بضمن اسکے ایک شخص کا قول ہے — بھرا راستبازی سے وہ قول ہے
وہ وہ ہے جو اس جا یہ لکھا گیا — سمجھنے کو ناظر کے لکھا گیا
صحیفون ہین مثبت جو ہے لا کلام — انامل سے شیخ و جوان کے تمام
وہ ہے قول ربی بلا شبہہ و شک — اور اوسکے حروف اور آیہ تلک
مداد اور اوراق مخلوق ہین — سوا اسکے سب غیر مخلوق ہین
سو اوس شخص سے قول شافی کہا — حقیقت قرآن کی ہویدا لکھا
کہ متلو و مصنوع کے درمیان — کیا راز پنہان کو اوسنے عیان

فشتى وفرق بين متلو ومصنوع وذاك حقيقة العرفان
الكل مخلوق وليس كلامه المتلو مخلوق هما شيئان

انتهى فصل

القرآن بحروفه وكلماته وآياته غير مخلوق لانه كلام الله تعالى فهذه
كلها غير مخلوق قال البخاري في صحيحه باب ما جاء في تخليق السموات
والارض وغيرها من الخلائق وهو فعل الرب وامره فالرب بصفاته
وبفعله وامره وكلامه هو الخالق المكون غير مخلوق وما كان بفعله
وامره وتخليقه وتكوينه فهو مفعول مخلوق مكون انتهى وفي الجلد السابع
القسطلاني شرح صحيح البخاري صفحه ٢٥٥ في كتاب التفسير في سورة

اور کل جو مذکور بالا ہوئے مداد اور اوراق جیسے ہوئے
یہہ مجموع مخلوق ہینگے ضرور نہ متلو نہ مصنوع اے باشعور
کلام اوسکا مقروء ہے بالیقین ولیکن وہ مخلوق اصلا نہین

فصل

قرآن اپنے حرفون اور آوازون اور کلمون اور آیتون کے ساتھہ غیر مخلوق
ہے کیونکہ وہ اللہ کا کلام ہے اور یہہ سب غیر مخلوق ہین کہا بخاری نے اپنے صحیح
مین یہہ بات بیان مین اون حدیثون کے ہے کہ آئی ہین پیدایش آسمان و
زمین وغیرہ کے بیان مین اور یہہ فعل اور حکم اللہ تعالے کا ہے پس پروردگار
ساتھہ فعل اور امر اور کلام اپنے کے وہ پیدا کرنیوالا اور بنانیوالا ہے مخلوق نہین اور
جو چیز کہ ہوتی ہے اوسکے فعل اور حکم اور پیدا کرنے اور بنانے سے سو وہ کئے گئے
مخلوق ومکون ہے انتہے اور قسطلانی شرح صحیح بخاری ساتوین جلد کے صفحہ ۲۵۵ مین

المؤمن تحت تفسير قوله تعالى حم عن علي لكل كتاب صفوة وصفوة هذا الكتاب حروف التهجي انتهى وايضا فيه في صفحه ۱۰۸ في تفسير باب قول الله عز وجل ان كان هذا هو الحق الخ روي ان النضر بن الحارث لعنه الله لما قال ان هذا الا اساطير الاولين قال النبي صلى الله عليه وسلم ويلك انه كلام الله فقال هو وابو جهل اللهم ان كان هذا هو الحق فامطر علينا حجارة الى اخر الاية وفيه ايضا في صفحة ۱۰۴ في تفسير سورة مريم فقيل الكاف من كريم والهاء من هادي والياء من حكيم والعين من عليم والصاد من صادق قاله ابن عباس فيما رواه الحاكم من طريق عطاء ابن السائب عن سعيد بن جبير عنه وروي الطبري عنه ان كهيعص من اسماء

بیچ کتاب التفسیر کے سورہ مومن مین تحت تفسیر قولہ تعالے حم مین ہی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہر کتاب کے واسطے خلاصہ ہے اور خلاصہ اس کتاب کے حروف تہجی ہین انتہے اور اوسیمین بیچ صفحہ ۱۰۸ کی تفسیر مین باب قول اللہ عز و جل انکان ھذا ھو الحق الخ کے مروی ہے کہ نضر بن حارث لعنۃ اللہ علیہ نے جب کہا نہین ہے یہہ یعنی قرآن مجید مگر قصے پہلون کے تو فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے تجھپر سخت عذاب اللہ کا ہووے تو اللہ کا کلام ہے تو پھر اوسنے اور ابو جہل نے کہا اے اللہ اگر یہہ حق ہے تو ہمپر پتھر برسا کے ہمپر سخت عذاب لا اور اوسیمین صفحہ ۱۰۴ مین سورۂ مریم کی تفسیر مین پھر کہا گیا کہ کاف نام پاک کریم سے ہے اور ہا ہادی سے اور یا حکیم سے اور عین علیم سے اور صاد صادق سے اسکو حضرت عباس نے فرمایا ہی اوس روایت مین جسکو حاکم نے عطا بن سائب کی سند اور وہ سعید بن جبیر سے روایت کرتا ہے نقل کیا ہی اور طبری نے روایت

الله تعالى وعن على انه كان يقول يا كهيعص اغفر لي وعن قتادة اسم من اسماء الله القران رواه عبد الرزاق انتهى وفى غنية الطالب مؤلفة شيخ جيلى عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال لعثمان بن عفان لما سئل عن ا ب ت ث الى اخر الحروف فقال الالف من اسم الله الذي هو الله والباء من اسم الله الذي هو الباري والتاء من اسم الله الذى هو المتكبر والثاء من اسم الله الذي هو الباعث والوارث حتى الى اخرها فذكر انها كلها من اسماء الله وصفاته واسماؤه عز وجل غير مخلوقة وقال النبى صلى الله عليه وسلم فى حديث على كرم الله وجهه لما سئله عن معنى ابجد هوز حطى الى اخرها يا على الا تعرف تفسير ابي جاد الالف من اسم الله عز وجل

حضرت ابن عباس نے نقل کیا ہے کہ کہیعص اللہ تعالے کے ناموں سے ہے اور علی سے مذکور ہے وہ کہا کرتے تھے یا کہیعص اغفر لی اور قتادہ سے منقول ہے کہ وہ اللہ کے قران کی ناموں سے ہے روایت کیا اوسکو عبد الرزاق نے پوری ہوئی عبارت قسطلانی کی اور غنیۃ الطالب مین جو شیخ عبد القادر جیلانی رح کی جمع کی ہوئی ہے حضرت نبی صلعم سے منقول ہے کہ آپنے حضرت عثمان بن عفان سے فرمایا جب پوچھے گئے الف بے تے ثے الی اخر الحروف سو تو فرمایا کہ الف اللہ کے نام اللہ سے ہے اور با بارے اور تا متکبر سے اور ثا باعث اور وارث ہے اسیطرح آخر تک بیان کیا پھر ذکر کیا کہ یہہ سب اللہ کے ناموں اور صفتوں سے ہین اور اللہ عز وجل کے اسما مخلوق نہین اور فرمایا نبی صلعم نے جواب مین علی رضی اللہ عنہ کی جب ابجد ہوز حطی الی آخرہا کے معنی سے سوال کیا تھا ای علی تم تفسیر ابجد کی نہین جانتے الف تو اللہ عز وجل کے نام اللہ سے ہے اور با باری اور جیم جلیل سے آخر تک پھر ذکر کیا کہ وہ اللہ کے

الذي هو الله والباء من اسم الله الذي هو الباء والجيم من اسم
الله الذي هو الجليل الى اخرها فذكر النبي صلعم انها من
اسماء الله وهي في كلام الآدميين انتهى قوله تعالى كن فيكون
وهي حرفان فلو كان كن مخلوقة لاحتاجت الى كن اخرى تخلق بها
الى ما لا نهاية له عن جابر بن عبد الله رض انه قال كان النبي
صلعم يعرض نفسه على الناس بالموقف فيقول هل من رجل
يحملني الى قومه فان قريشا قد منعوني ان ابلغ كلام ربي وقال عز و
جل وان احد من المشركين استجارك فاجره حتى يسمع كلام الله
وكلام الله تعالى هو القرآن الشريف غير مخلوق كيف ما قرئ وتلي
وكتب وكيف ما تفرقت به قرأة قاري ولفظ لافظ وحفظ حافظ

ناموں سے ہین اور وہ آدمیوں کی بولی مین ہین انتہے اور قول اللہ تعا
کے کن فیکون کے دو حرف ہین سو اگر کن مخلوق ہوتا تو البتہ حاجت پڑتی
دوسرے کن کی طرف کہ پیدا کیا جاوے اوس سے پھر تیسرے چوتھے وغیرہ
کی طرف جسکی نہایت نہین۔ جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے
وہ کہتے ہین کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم ایام حج مین موقف مین حجاج کے
روبرو آکر فرماتے تھے کیا ایسا کوئی آدمی ہے کہ مجکو اپنی قوم کی طرف لے چلے
اسواسطے کہ بیشک قریش نے مجکو کلام اللہ کے پہونچانے سے روکا ہے اور
فرمایا اللہ عز وجل نے اور اگر کوئی مشرکین کا تجھسے پناہ چاہے تو پناہ
دے اسے تاکہ سن لے کلام اللہ کو اور کلام اللہ تعا کا وہی قرآن شریف ہے
جیسے پڑھا جاوے اور لکھا جاوے اور جسطرح ساتھ اوسکے قرأۃ قاری کی اور بولی بولنے والی

هو كلام الله وصفة من صفات ذاته غير مخلوق ولا مبدل و
لا مغير وفي تفسير خازن في تفسير سورة زمر تحت قرانا عربيا غير
ذي عوج قال ابن عباس غير مختلف وقيل غير ذي لبس وقيل
غير مخلوق ويروي ذلك عن انس بن مالك وحكي عن سفيان
ابن عيينه عن سبعين من التابعين ان القران ليس بخالق و
لا مخلوق انتهى **فصل** لكلامه تعالى حروف منطوقة
قال تعالى في سورة البقرة الم وفي سورة ال عمران الم وفي سورة
يوسف الر و في سورة رعد المر وفي سورة ابرهيم الر وفي سورة
حجر الر وفي سورة مريم كهيعص وفي سورة طه طه وفي سورة

اور یاد یا ذکر نیوالے کا متفرق ہووہ اللہ کا کلام ہے اور اوسکے صفات
ذاتیہ سے ہے مخلوق نہین اور بدلنے والا نہین اور تفسیر خازن مین
بیچ تفسیر سورہ زمر کے تحت مین قول تعالے قرانا عربیا غیر ذی
عوج کے ہے فرمایا ابن عباس رضے اللہ عنہ نے غیر مختلف اور
کہا گیا غیر ذی لبس اور کہا گیا غیر مخلوق اور یہہ ہے روایت کیگئی
انس بن مالک سے۔ اور سفیان بن عیینہ سے مروی ہے وہ ستر
تابعین سے نقل کرتے ہین کہ قرآن نہ تو خالق ہے اور نہ مخلوق۔
فصل واسطے کلام اللہ تعالے کے حروف منقوطہ ہین فرمایا اللہ تعالے
نے سورہ بقرہ مین الم اور سورہ آل عمران مین الم و سورہ یوسف مین
الر اور رعد مین المر اور ابراہیم مین الر اور حجر مین الر اور سورہ
مریم مین کہیعص اور سورہ طہ مین طہ اور یس مین یس اور سورہ

یس ؔ في سورة يس وفي سورة سجدة حم وفي سورة شورى حم عسق وفي سورة زخرف حم وفي سورة دخان حم وفي سورة جاثية حم وفي سورة احقاف حم وفي سورة ق ق وفي سورة ن ن قال الامام السيوطي في در المنثور اخرج البخاري في تاريخه والترمذي وصححه ابن الضريس ومحمد بن نصر وابن الانباري في المصاحف والحاكم وصححه وابن مردويه وابو ذر الهروي في فضائله والبيهقي في شعب الايمان عن ابن مسعود قال قال رسول الله صلعم من قرأ حرفا من كتاب الله فله به حسنة والحسنة بعشر امثالها لا اقول الم حرف ولكن الف حرف ولام حرف وميم حرف واخرج سعيد بن منصور وابن شيبة والدارمي وابن الضريس والطبراني ومحمد بن نصر عن ابن مسعود وهو موقوفا مثله واخرج محمد بن نصر

سجدہ مین حم اور شوریٰ مین حم عسق اور سورہ زخرف مین حم اور دخان مین حم اور جاثیہ مین حم اور سورہ احقاف مین حم اور سورہ ق مین ق اور سورہ ن مین ن کہا سیوطی نے در المنثور مین اور نکالا بخاری نے اپنی تاریخ مین اور ترمذی نے اور صحیح کیا اوسکو اور ابن ضریس اور محمد بن نصر اور ابن الانباری نے مصاحف مین اور حاکم نے تصحیح کیا اوسکی اور ابن مردویہ اور ابوذر ہروی نے اپنی کتاب فضائل مین اور بیہقی نے شعب الایمان مین ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہتے ہین فرمایا رسول اللہ صلعم نے جسنے ایک حرف کتاب اللہ سے پڑھا تو اوسکے واسطے نیکی ہے اور نیکی دس گونی ہین نہین کہتا کہ الم ایک حرف ہے لیکن الف ایک حرف ہے اور لام ایک حرف ہے اور میم ایک حرف ہے اور مثل اسیکے سعید بن منصور اور ابن شیبہ اور دارمی اور ابن ضریس اور طبرانی اور محمد بن نصر نے موقوفاً ابن مسعود سے روایت

وابو جعفر النحاس في کتاب الوقف والابتداء والخطيب في تاريخه
وابو نصر السجزی فی الابانة عن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله
صلی الله علیه وسلم اقرؤا القرآن فانکم توجرون علیه اما انی لا اقول
الم حرف من الف عشر ولام عشر ومیم عشر فتلك ثلاثون انتهى وفی
سورة الاعراف واذا قرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا لعلکم ترحمون
فالمقرؤ کلام الله تعالی وما المقرؤ الا الحروف وقراتنا واصواتنا وسمعنا
غیر کلام الله لانه افعالنا وافعالنا مخلوقة وفی سورة البقرة
وان کنتم فی ریب مما نزلنا علی عبدنا فاتوا بسورة من مثله الخ
وفی سورة هود ام یقولون افتراه قل فاتوا بعشر سور مثله مفتریات
وادعوا من استطعتم من دون الله ان کنتم صادقین فان لم یستجیبوا لکم

کیا ہی اوسکا محمد بن نصر اور ابو جعفر النحاس نے کتاب الوقف والابتدا مین اور خطیب
نے اپنی تاریخ مین اور ابو نصر سنجری نے ابانہ مین ابن مسعود سے کہا فرمایا رسول اللہ
صلعم نے پڑھا کرو قرآن کو سو بیشک تم اجر دیے جاوگے اوسپر متنبہ رہو مین یہہ نہین
کہتا کہ الم مجموعہ ایک حرف ہی نہین الف کی بدلے دس نیکیان اور لام کے بدلے دس
اور میم کے بدلے دس سو یہہ تیس نیکیان ہوئین انتہے اور سورہ اعراف مین ہے
اور جب پڑھا جاوے قرآن تو سنو اوسکو اور چپ چاپ رہو شاید تم رحم کئے جاؤ
پس مقرؤ کلام اللہ تعالے کا ہی اور نہین پڑھی گئی ہی مگر حروف اور پڑھنا ہمارا اور
آوازین ہماری اور سننا ہمارا کلام اللہ نہین اس سبب سے کہ وے ہمارے فعلون سے
ہین اور ہمارے فعل پیدا کئے ہوئے ہین اور سورہ بقرہ مین ہے اور اگر تم شک مین
ہو اوس سے جسکو اوتارا ہمنے اپنے بندے محمد صاحب پر تو لے آؤ کوئی سورہ اوسیطرح کی

فاعلموا انما انزل بعلم الله وان لا اله الا هو فهل انتم مسلمون وفي
سورة الحاقة انه لقول رسول كريم وما هو بقول شاعر
قليلا ما تؤمنون ولا بقول كاهن قليلا ما تذكرون تنزيل من رب
العالمين ولو تقول علينا بعض الاقاويل لاخذنا منه باليمين وفي
سورة الرحمن الرحمن علم القران وغير ذلك من الآيات والاحاديث
تدل على ان القران كلامه تكلم به بحروف وصوت ليس منه كلاما
لغيره لا جبرئيل ولا غيره وان العباد يقولونه باصوات انفسهم
وافعالهم فالصوت المسموع من العبد صوت القاري والكلام كلام
الباري اعلموا ايا ايها المتكلمون انتم منكرون من انه ليس في كلامه نغم

آخر تک اور سورہ ہود مین ہی کیا وہ کہتے ہین کہ باندھ لیا ہی اوسکو یعنی قرآن کو
کہ پھر لے آؤ دس سورتین ویسے ہی باندھ لائی ہوئی اور پکارو جہان تک
ہو سکے تم سے ورے اللہ کے اگر ہو تم سچے پھر اگر نہ جواب دین تمکو تو جانو سوا
اسکے نہین کہ اوتارا گیا اللہ کے علم سے اور یہہ کہ کوئی پوجنے کے لائق نہین مگر
وہی اگر ہو تم ماننے والے اور سورہ الحاقہ مین ہی تحقیق وہ البتہ قول رسول کریم
کا ہے اور نہین ہی وہ قول شاعر کا تھوڑا سا جو ایمان لاتے ہو تم اور نہین ہی قول
کاہن کا تھوڑا جو کچھ نصیحت پکڑتے ہو اوتارا ہوا ہی رب العالمین سے اور اگر باندھ لیتا
ہمپر بعضی باتین البتہ پکڑتے ہم اوسکا داہنا ہاتھ پھر کاٹ ڈالتے ہم اوس سے رگ گردن
کی اور سورہ رحمن مین ہی سکھایا قرآن کو اور سوا اسکے آیتون اور حدیثون سے
دلالت کرتی ہین اسپر کہ بیشک قرآن اوسکا یعنی اللہ ہی کا کلام ہے بولا ہے
ساتھ اوسکے حروف اور آواز کے ساتھ کلام اسمین دوسرے کی بولی نہین

حروف ولا اصوات وقسمتم الکلام علی قسمین نفسی ولفظی وقلتم
ان النفسی قدیم وان اللفظی حادث مخلوق وان اللفظی کلام الله
مجازا لا حقیقة انکان عندکم علی دعویکم حجة من القران والحدیث
فاتوا بها ان کنتم صادقین وان لم یکن عندکم علی دعویکم حجة
فاسلموا واقروا بان فی کلامه تعالیٰ حروف واصوات فاعتقدوا
من بسم الله الرحمن الرحیم الحمد لله رب العلمین الی اٰخر قل
اعوذ برب الناس ان الفاظه ومعانیه کلام الله تعالیٰ حقیقة
لا مجازا وهو غیر مخلوق وان دعوانا مدلل بالایات والاحادیث

نہ جبرئیل کی نہ دوسرے کی اور تحقیق بندے پڑھتے ہین اوسکو اپنی ذاتی آوازون
سے اور فعلون سے سو آواز سنی گئی بندہ سے آواز پڑھنے والے کی ہے اور کلام
کلام باری کا۔ جانو اے متکلمین تم جو منکر ہو اس سے کہ اوسکے کلام مین حروف اور
آوازین نہین اور تمنے تقسیم کلام کی جو نفسی و لفظی پر کی ہے اور کہتے ہو کہ نفسی
قدیم ہے اور لفظی حادث اور مخلوق ہے اور لفظی کلام اللہ مجازا ہے حقیقةً نہین اگر
تمھارے اس دعوے پر کوئی حجة قرآن وحدیث سے ہو تو لے آؤ جو تم سچے ہو اور
اگر کوئی حجة اس دعوی پر تمھارے نہین تو مان لو اور اقرار کر لو کہ بیشک اللہ تعالیٰ
کے کلام مین حروف اور آوازین ہین پھر اعتقاد کرو کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم
الحمد للہ رب العالمین سے آخر قل اعوذ برب الناس تک بیشک الفاظ اور معانی اوسکی
حقیقةً کلام اللہ ہین نہ مجازاً اور وہ غیر مخلوق ہے اور یہہ کہ دعوے ہمارا مدلل
آیات اور احادیث مذکورہ کے ساتھہ ہین پس عبرت پکڑو اے بینائی والو
اور غنیة الطالب مین شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ کے ہے اور بیشک امام

المذکورة فاعتبروا یا اولی الابصار وفی غنیة الشیخ عبد القادر جیلانی رح
وقد نص احمد بن حنبل رح علی قدم حروف الهجاء فقال فی رسالته
الی اهل نیسابور وجرجان ومن قال ان حروف التهجی محدثة
فهو کافر بالله ومتی حکم ان ذلک مخلوق فقد جعل القران مخلوقا
ولما قیل له رحمه الله ان فلانا یقول ان الله تعالی لما خلق الحروف
انضجعت اللام وانتصب الالف فقالت لا اسجد حتی اومر فقال
احمد هذا الکفر من قائله وقال الشافعی رح لا تقولوا بحدوث الحروف
فان الیهود اول ما هلکت بهذا ومن قال بحدوث حرف من الحروف
فقد قال بحدوث القران ولانه لا یخلوا اما ان یقال هی قدیمة فی
القران فوجب ان تکون قدیمة فی غیره لانه لا یجوز ان یکون الشئ

احمد بن حنبل رح نے حروف ہجا کے قدیم ہونے پر نص لایا ہی اور کہا ہے اپنے
رسالہ مین جسکو اہل نیسا پور و جرجان کیطرف سے لکھا اور جو کہے کہ حروف
تہجی محدث ہین سو وہ اللہ کا نا فرمان ہے اور جب حکم کیا کہ یہ مخلوق ہے
تو بہ تحقیق قرآن کو مخلوق گردانا اور جب کہا گیا اونسے کہ فلان کہتا ہے
جب اللہ تعالے نے حرفون کو پیدا کیا تو لام گر پڑا اور الف سیدھا کھڑا رہا
پھر کہا کہ مین نہین سجدہ کرونگا جب تک کہ حکم کیا جاؤن سجدہ کا تو فرمایا
امام احمد رح نے کہ یہہ کفر ہے اوسکے کہنے والے سے یعنی اوسنے کلمہ کفر کہا
اور فرمایا شافعی رح نے نہ گفتگو کرو حرفون کے حادث ہونے مین اسلئے کہ
یہود اسیکی جہت کر ہلاک ہوئے اور جو قائل ہوا نوپیدا ہونے کا کسی حرف
کے حرفون سے سو بیشک قائل ہوا حدوث قرآن کا اور یہ اس بات سے خالی نہین

الواحد قديما وهو بعينه محدث فان قال هي محدثة في القران
فقد تقدمت الادلة على قدمها في القران فاذا ثبت ذلك في
القران فكذلك في غيره انتهى وقال الله تعالى وكلم الله موسى
تكليما نحن لا نقول في هذا انه كلم موسى بكلام قديم ولا بكلام
مخلوق بل هو سبحانه يتكلم اذا شاء ويسكت اذا شاء كما انه
سبحانه وتعالى خلق السموات والارض في ستة ايام ثم
استوى على العرش وانه سبحانه استوى الى السماء وهي
دخان وانه سبحانه ياتي في ظلل من الغمام والملائكة كما قال
وجاء ربك والملك صفا صفا وقال هل ينظرون الا ان ياتيهم

یا تو یون کہا جاوے کہ وہ قرآن مین قدیم ہین پھر جب قرآن مین قدیم ہوئے تو
واجب ہوا کہ دوسرے مین بھی قدیم ہون کیونکہ یہہ تو جائز نہین کہ ایک ہی چیز
قدیم ہو اور وہی بعینہ محدث بھی ہو پھر اگر کہئے کہ وہ محدث ہین قرآن مین تو
پہلی دلیلین اون کے قدیم ہونے پر قرآن مین لائی جا چکی ہین پس جب
قرآن مین انکا قدیم ہونا ثابت ہوا تو اسیطرح اوسکے غیر مین ہوا انتہے اور
فرمایا اللہ تعالے نے اور بات کی اللہ نے موسیٰ سے بات کرنے کر ہم اسمین یہہ
نہین کہتے کہ اوسنے بات کی موسے علیہ السلام سے کلام قدیم کے ساتھہ اور نہ مخلوق کے ساتھہ
بلکہ یہہ کہتے ہین کہ وہ سبحانہ بات کرتا ہے جب چاہتا ہے اور چپ ہوتا ہی جب
چاہتا ہے بلا کیفیت جیسا کہ اوس سبحانہ وتعالے نے آسمانون اور زمینون کو چھہ دنون
مین پیدا کیا پھر قرار پکڑا اوپر عرش کے اور اوس پاک نے قصد کیا طرف آسمانون کے
اور وہ دھوان تھا اور وہ سبحانہ مع اپنے فرشتون کے بدلیون کے سایون مین

یاتیهم الملائکة او یاتی ربك او یاتی بعض آیات ربك وقال تعالیٰ انما امره اذا اراد شیئاً ان یقول له کن فیکون وقال تعالیٰ وقل اعملوا فسیری الله عملکم ورسوله والمؤمنون وامثال ذلك فی القرآن والحدیث کثیرة یبین الله سبحانه اذا شاء فعل ما اخبر عنه من تکلیمه وافعاله القائم بنفسه وما کان قائما بنفسه فهو کلامه لا کلام غیره والمخلوق لا یکون قائما بالخالق ولا یکون الرب محلا للمخلوقات هل هو سبحانه یقوم به ما شاء من کلماته وافعاله ولیس من ذلك شیء مخلوق انما المخلوق ما کان بائنا عنه وکلام الله من الله لیس ببائن منه ولهذا قال السلف القرآن کلام الله غیر مخلوق منه بدء والیه یعود فقالوا

آتا ہی جیسا کہ فرمایا اور آویگا پروردگار تیرا اور فرشتے صف باندھکر اور فرمایا نہین منتظر ہین مگر اسکے کہ آوین اون کے پاس فرشتے یا آوے پروردگار تیرا یا آوین بعض نشانیان پروردگار تیرے کی اور فرمایا سوا اسکے نہین کہ حکم اوسکا جب ارادہ کرتا ہے کسی چیز کا یہہ ہے کہ کہتا واسطے اوسکے ہوجا سو ہوجاتا ہے اور فرمایا برتر نے اور کہدے ای نبی صلعم عمل کرو سو قریب ہی کہ دیکھے اللہ تمھارے کامون کو اور رسول اوسکا اور ایمان والے اور مانند انکے قرآن اور حدیث مین بہت سی مثالین ہین جو بیان کرتی ہین اسکو کہ اللہ پاک جب چاہتا ہے کرتا ہی جسکی خبر دیتا ہے اپنی طرف سے اپنی بات کرنے سے اور افعال اوسکے اوسکی ذات کے ساتھہ قائم ہین اور جو اوسکی ذات کی ساتھہ قائم ہے سو وہ اوسیکا کلام ہے دوسریکا کلام نہین اور مخلوق خالق کے ساتھہ قائم نہین ہوسکتا اور پروردگار محل مخلوقات کا نہین بلکہ اوس سبحانہ کے ساتھہ اوسکی بولیون اور فعلون سے جب تک چاہے قائم ہین اور

منه بدا ای هو المتکلم به لا انه خلقه فی بعض الاجسام المخلوقة وفی
الخازن ان الله تعالی لما تحدا هم بقوله فاتوا بسورة من مثله وفی
آیة بعشر سور مثله فعجزوا عنه انزل هذه الاحرف ومعناه ان
القران لیس هو الا من هذه الاحرف وانتم قادرون علیها فکان یجب
ان تاتوا بمثله فلما عجزتم عنه دل ذلک علی انه من عند الله لا من
عند البشر انتهی وفیه ایضا واعلم ان المجموع الاحرف المنزلة فی اوائل
السور اربعة عشر حرفا فی تسع وعشرین سورة وهی الالف واللام و
المیم والصاد والراء والکاف والهاء والیاء والعین والطاء

اور انمین سے کوئی چیز مخلوق نہین سوا اسکے نہین کہ مخلوق وہ ہی جو اوس سے
علحدہ ہوا اور بولی اللہ کی اوس سے علحدہ نہین اور اسیواسطے سلف نے
کہا ہے کہ قرآن اللہ کا کلام ہے مخلوق نہین - اوس سے شروع ہوا اور اوسی
کی طرف عود کریگا پہر کہا اونھون نے منہ بدا کیا معنی وہی متکلم ہے ساتھ اوسکے
نہ بعض اجسام مخلوقہ کے اندر اوسنے اوسکو پیدا کیا جیساکہ جہمیہ وغیرہ کا مسلک
ہے اور تفسیر خازن مین ہے کہ اللہ تعالے نے جب تحدید کیا اونپر ساتھ قول اپنے
فاتوا بسورة من مثله او فاتوا بعشر سور مثله مفتریات کے تو وہ اس سے
عاجز ہوئے تو اوتارا اللہ پاک نے ان حرفون کو اور مطلب اسکا یہہ ہی کہ نہین ہے
قرآن مگر انہی حرفون سے اور تم قادر ہوا سپر تو واجب ہوا کہ لے آؤ واسطے اسکا
پھر جب تم اس سے عاجز ہوئے تو یہ عجز تمھارا اسپر دال ہے کہ قرآن پاک اللہ کے
پاس سے ہے بشر کے پاس سے نہین ہو چکی عبارت خازن کی آور ایضا اوسمین ہے
اور جان تو کہ کل حروف جو اوائل مین سورتون کے اوتری چودہ ہین بیچ انتیس ۲۹

والسين والحاء والقاف والنون وهي نصف حروف المعجم انتهى
فالحاصل فی هذا الفصل الرد علی من قال لیس فی کلامه تعالی
حرف ولا صوت وعلی من قال کلامه اللفظی مخلوق وکلام النفسی
غیر مخلوق بل کلامه تعالی کله بالحرف والصوت غیر مخلوق

فصل فی قرأة رب العالمین القرآن المجید وسمع الملائکة
منه تعالی والقرأة والسمع من الغیر لا یکونان الا بالحرف والصوت
عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلے الله علیه وسلم ان الله تبارک
وتعالی قرأ طٰهٰ ویٰسٓ قبل ان یخلق السموات والارض بالف عام
فلما سمعت الملائکة القرآن قالت طوبی لامة ینزل هذا علیها وطوبی

سورتون مین الف لام میم اور صاد اور را اور کاف اور ہا اور یا اور عین اور طا
اور سین اور حا اور قاف اور نون ہین اور نصف حرف معجم ہین انتہے پس حاصل
اس فصل کے اندر رد کرنا اوس پر ہے جو کہتا ہے اللہ کی بولی مین حرف و آواز
نہین اور اوسپر جو کہتا ہے کلام لفظی اوسکا مخلوق ہے اور کلام نفسی غیر مخلوق بلکہ کل
کلام اوس برتر کا حرف اور آواز کے ساتھ غیر مخلوق ہے۔

فصل پڑھنے مین رب العالمین کے قرآن مجید کو اور سننا فرشتون کا
اللہ تعالے سے اوسکو اور پڑھنا اور سننا غیر سے نہین ہوتا مگر حرف و آواز
کے ساتھ ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم نے کہ اللہ تبارک و تعالے نے طٰهٰ ویٰسٓ کو ہزار برس قبل پیدا کرنے
آسمان اور زمین کے پڑھا پھر جب فرشتون نے قرآن مجید کو سنا کہنے لگے
خوشخبری واسطے اوس امت کے کہ جس پر یہہ اوتارا جاویگا اور خوشخبری ہے

لاجوان تحمل هذا وطوبیٰ لالسنة تتکلم بهذا رواه الدارمی

فصل ان القران المجید صفة من صفات الله تعالےٰ وکل من صفاته تعالےٰ غیر مخلوق فالقران بالحروف والاصوات غیر مخلوق قال البخاری فی صحیحہ عن عائشة ان النبی صلی الله علیه وسلم بعث رجلا علی سریة وکان یقرء لاصحابه فی صلوٰتهم فیختم بقل هو الله احد فلما رجعوا ذکروا ذالك للنبی صلی الله علیه وسلم فقال اسئلوه لای شیٔ یصنع ذلك فسئالوه فقال لانها صفة الرحمٰن وانا احب ان اقرأبها فقال النبی صلی الله علیه وسلم اخبروه ان الله یحبه وفیه ایضا وسمی النبی صلی الله علیه وسلم القران شیئا وهو صفة من صفات الله

اے فی البخاری

اون دلون کے لئے جو اسکا تحمل کرینگے یعنی یاد کرینگے اور طوبیٰ ہے اون زبانون کے لئے جو اسکے ساتھ بولینگے روایت کیا اسکو دارمی نے **فصل** بیشک قرآن مجید ایک صفت ہی اللہ تعالےٰ کی صفتون سے اور کل صفتیں اللہ تعالےٰ کی غیر مخلوق ہین پس قرآن معہ حروف واصوات غیر مخلوق ہے کہا بخاری نے اپنے صحیح مین عائشہ رضی سے ہے کہ نبی صلعم نے ایک مرد کو ایک سریہ یعنی چھوٹی لشکر پر سردار کرکے بھیجا اور وہ اونکی نماز پڑھایا کرتا تھا سو ختم کرتا تھا ہر رکعت کی قرأت کو ساتھ قل ہو اللہ احد کے پھر جب وے لوگ واپس آئے تو اسکا تذکرہ نبی صاحب سے کیا تو فرمایا کہ اوس سے پوچھو ایسا کیون کرتا ہے پھر لوگون نے اوس سے پوچھا تو کہا اسواسطے کہ وہ صفت ہی رحمٰن کی اور مین نہایت محبوب رکھتا ہون کہ اوسکو پڑھا کرون پھر بعد اسکے فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے خبر دو اوسکو کہ اللہ بھی اوسکو چاہتا ہی اور اوسمین ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے قرآن کو شئے فرمایا ہے اور وہ صفت ہے صفات اللہ سے

من اصحابه باعيانهم فان اصحاب الحديث يشهدون لهم بذلك
تصديقا منهم للرسول صلعم فيما ذكره و وعده لهم فانه صلعم
لم يشهد لهم بها الا بعد ان عرف ذلك والله تعالى اطلع رسوله
صلعم على ما شاء من غيبه بيان ذلك في قوله عز وجل عالم الغيب
فلا يظهر على غيبه احدا الا من ارتضى من رسول وقد بشر صلعم عشرة
من اصحابه بالجنة وهم ابو بكر وعمر وعثمان وعلي وطلحة والزبير

سبقت کیا وے کچھ دن اپنے گناہون کے سبب کہ جسکو کیا تھا اور اوس سے
توبہ نکر مرے تھے عذاب دئے جاوینگے پھر وے جنت کیطرف پھیر دئے جاوینگے
اور جہنم مین مسلمانون سے اللہ تعالے کے فضل و کرم سے کوئی بھی باقی نرہیگا
اور اللہ کی پناہ جو کفر پر مرے ٹھکانا اونکا طرف نار کے ہے اوس سے اونکو
نجات نہین اور کسی جگہہ کی اوسمین انتہا نہین پھر جنکے واسطے رسول صلعم نے
اپنے اصحاب سے دخول جنت کی شہادت دی ہی پس اہل حدیث بھی اون کے لئے ساتھ
اوسکے گواہی دیتے ہین اور رسول اللہ صلعم کی تصدیق کرتے ہین اوس چیز مین جسکا
وعدہ اور ذکر اونکے لئے کیا سو اسواسطے کہ رسول اللہ صلعم نے اون کے واسطے
اوسکی گواہی نہین دی مگر بعد اوسکے کہ جان لیا اوسکو اور اللہ تعالے نے اپنے رسول
صلے اللہ علیہ وسلم کو جس غیب کی بات پر چاہا اطلاع دیمی اور بیان اسکا بیچ قول عز وجل
کے کہ جاننے والا غیب کا ہی سو اپنے غیب کی کسی پر اظہار نہین کرتا مگر جسکو پسند کیا موجود ہے
اور بیشک بشارت دی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دس آدمیون کی اپنے اصحاب سے
دخول جنت کا اور وے حضرت ابو بکر اور عمر اور عثمان اور علی اور طلحہ اور زبیر

وعبد الرحمن بن عوف والسعد والسعيد وابو عبيدة ابن الجراح و
كذلك قال الثابت بن قيس بن شماس انه من اهل الجنة
قال انس بن مالك فلقد كان يمشي بين اظهرنا ونحن نقول انه من اهل الجنة
فصل نرى الجمعة والعيدين وغيرهما من الصلوٰة خلف كل امام
مسلم برًا كان او فاجرًا وان الله عز وجل اجل لكل مخلوق اجلا وان
نفسا لن تموت الا باذن الله واذا انقضى اجل المرء فليس الموت وليس
له منه فوت قال الله عز وجل لكل امة اجل فاذا جاء اجلهم لا يستاخرون
ساعة ولا يستقدمون وقال وما كان لنفس ان تموت الا باذن الله
كتابا موجلا وان من مات او قتل فقد انقضى اجله وان الله سبحانه

اور عبد الرحمن عوف کے بیٹے اور سعد اور سعید اور ابو عبیدہ جراح کے بیٹے ہین راضی
ہو الله ان سب سے اور اسیطرح فرمایا ثابت قیس بن شماس کا بیٹا اہل جنت سے
ہی فرمایا انس مالک کا بیٹا سو البتہ چلتا تھا درمیان ہمارے اور ہم کہتے ہین
کہ وہ جنت والون سے ہی **فصل** جائز رکھتے ہین جمعہ اور عیدین وغیرہما کو پیچھے
ہر امام مسلمان کے بھلا ہو یا برا اور بیشک الله عز وجل نے کل مخلوق کے لئے
ایک وقت موت وحیات وغیر ذلک کا مقرر کر دیا ہے اور کوئی شخص ہرگز نہین
مرتا مگر الله کے اذن سے اور جب آدمی کا وقت مقرر منقضی ہوا تو پھر کچھ نہین
مگر موت اور اوس سے اوسکو فوت نہین فرمایا الله عز وجل نے ہر امت کے لئے
ایک وقت مقررہ ہی سو جب آچکا وقت مقررہ اون کا تو نہ ایک ساعت پیچھے
ہٹتے اوس سے اور نہ آگے بڑھتے اور فرمایا اور نہین ہی واسطے کسی جان کے
کہ مرے مگر ساتھ حکم الله کے کہ وقت مقرر لکھا ہے اور بتحقیق جو مرا یا قتل کیا گیا

خلق الشیاطین یوسون للادمیین ویقصدون استنزلا لهم وبذ لهم قال الله عزوجل وان الشیاطین لیوحون الی اولیائهم لیجادلوکم وان اطعتموهم انکم لمشرکون وان الله یسلطهم علی من یشاء ویعصم من کیدهم ومکرهم من یشاء قال الله عزوجل واستفزز من استطعت منهم بصوتک واجلب علیهم بخیلک ورجلک وشارکهم فی الاموال والاولاد وعدهم وما یعدهم الشیاطین الا غرورا ان عبادی لیس لک علیهم سلطان وکفی بربک وکیلا وقال انه لیس له سلطان علی الذین امنوا وعلی ربهم یتوکلون انما سلطانه علی الذین

سو بیشک اوسکا اجل پر ہو چکا اور تحقیق اللہ پاک نے پیدا کیا شیطانوں کو جو آدمیون کو وسوسہ دیتے ہین اور اونکی ذلت و خواری کا قصد کرتے ہین اور اسکی اونسے امید رکھتے فرمایا اللہ غالب و بزرگ نے بیشک شیاطین وسوسہ ڈالتے ہین طرف دوستون اپنے کے تو کہ جھگڑین تم سے اور اگر تمنے کہا مانا اوسکا تحقیق تم ہی البتہ مشرک ہو اور تحقیق اللہ مسلط کر دیتا ہی اونکو جسپر چاہتا ہے اور بچاتا ہے اونکے کید و مکر سے جسکو چاہے فرمایا اللہ غالب و بزرگ نے اور بہکا جسکو بہکا سکے اونمین سے ساتھ آواز اپنی کے اور کھینچ لا اوپر اون کے سوارون کو اپنے اور پیادون کو اپنے اور شریک بن اون کا بیچ مالون اون کے کے اور اولاد اونکے کے اور وعدہ دے اون کو اور نہین وعدہ دیتا اون کو شیطان مگر فریب تحقیق بندے میرے نہین واسطے تیرے اوپر اونکے غلبہ اور کفایت ہی پروردگار تیرا کارساز اور فرمایا بیشک شان یہ ہی کہ نہین ہو واسطے اوسکے غلبہ ان لوگون پر جو ایمان لائے اور اپنے پروردگار پر بھروسہ کرتے

يتوبونه الآية **فصل** نعتقد ان في الدنيا سحرا وسحرة
الا انهم لا يضرون احدا الا باذن الله عز وجل وما هم بضارين به
من احد الا باذن الله ومن سحر منهم واستعمل السحر واعتقد انه
يضر او ينفع بغير اذن الله فقد كفر واذا وصف ما يكفر به استتيب
فان تاب والا ضربت عنقه وان وصف ما ليس بكفر او تكلم بما لم يفهم
معناه نهي عنه فان عاد عزر وان قال السحر ليس بحرام وانا اعتقد
اباحته وجب قتله لانه استباح ما اجمع المسلمون على تحريمه
ويحرم اصحاب الحديث المسكر من الاشربة المتخذة من العنب
او الزبيب او التمر او العسل او الذرة او غير ذلك مما يسكر يحرمون

سوا اسکے نہین کہ غلبہ اوسکا اوپر ہی جو اوسکو دوست رکھتے آخر آیت تک **فصل** اعتقاد
رکھتے ہین ہم کہ بیشک دنیا مین جادوگر مرد یا عورتین ہین مگر وے کسیکو نقصان نہین پہونچا سکتے
بغیر حکم اللہ کے فرمایا اللہ عزوجل نے اور نہین وے نقصان پہونچانیوالے کسیکو
مگر اللہ کے حکم سے اور جسنے جادوگری سیکھا اور اعتقاد کیا کہ وہ بغیر حکم اللہ کے نقصان
یا فائدہ پہونچا دیتا ہے سو تحقیق وہ کافر ہوا اور جب تعریف بیان کی اوس چیز
کی جسسے کافر ہو جاتا ہی تو توبہ کرایا جاوے پھر اگر توبہ کیا تو بہتر نہین تو اوسکی گردن
ماری جاوے اور اگر تعریف کی ایسی چیز کی جسکی وجہ سے کافر نہین ہوتا یا تکلم کیا
ایسی چیز کے ساتھ جسکا معنی سمجھائی دیتا تو اوس سے منع کیا جاوے پھر اگر اوسکا عادہ
کیا تو تعزیر کیا جاوے اور اگر کہا کہ جادو حرام نہین اور مین اعتقاد رکھتا ہون کہ وہ
مباح ہی تو واجب ہی قتل اوسکا اسواسطے کہ جس چیز کے حرام ہونے پر سب مسلمانون
نے اتفاق کیا ہے اوسکو اوسنے مباح کیا اور حرام کہتے ہین اہل حدیث ہر مسکر شراب

قلیله وکثیره و ینجسونه ویوجبون به الحد ویرون المسارعة
الی دار الصلوٰة واقامتها فی اوائل الاوقات افضل من تاخیرها
الی اٰخر الاوقات ویوجبون قرأة فاتحة الکتاب خلف
الامام ویامرون باتمام الرکوع والسجود حتما واجبا ویعدون اتمام
الرکوع والسجود بالطمانینة فیهما والارتفاع من الرکوع والانتصاب
منه والطمانیة فیه وکذلک الارتفاع من السجود والجلوس بین السجدتین
مطمئنین فیه من ارکان الصلوٰة التی لا تصح الا بها ویتواصون بقیام
اللیل للصلوٰة بعد المنام وبصلة الارحام وافشاء السلام واطعام الطعام

کی قسم کو جو انگور تر یا کھجور یا شہد یا جوار وغیرذلک سے بنایا جاتا ہی تھوڑا یا بہت کل کو
حرام کہتے اور نجس جانتے اور اونکے پینے پر حد واجب کرتے ہین اور اداے نماز کے واسطے
اور اوسکی اقامت کو اول وقت مین اولے اور افضل جانتے ہین اس سے کہ تاخیر کیجاوے
اور قرأة فاتحہ خلف الامام کو واجب جانتے ہین اور اتمام رکوع وسجود کے ساتھ حتماً وجوب
حکم کرتے ہین اور اتمام رکوع اور سجود کو بالطمانیہ واجب شمار کرتے ہین اور رکوع
سے اوٹھنے کو اور اوسمین اطمینان کے ساتھ کھڑے رہنے کو اور سجدہ سے اوٹھنے
کو اور دونون سجدون کے درمیان اطمینان سے بیٹھنے کو ارکان نماز سے جسکے بغیر
نماز صحیح نہین ہوتی واجب جانتے ہین اور وصیت کرتے ہین قیام لیل کی ساتھ
نماز کیلئے بعد سو جانیکے یعنی نماز تہجد کے لئے اور ساتھ صلۂ رحم کے اور السلام
علیکم کے رواج دینے کو اور مہمان ومساکین وغیرہ کے کھانا کھلانیکو اور فقراء
اور مساکین ویتیمون کے اوپر رحمت اور شفقت کرنیکو اور مسلمانون کے کامون
کے ساتھ اہتمام کرنیکو اور کھانے پینے پہننے اور نکاح کرنے مین منہیات سے

والرحمة على الفقراء والمساكين والايتام والاهتمام بامور المسلمين
والتعفف فى الماكل والمشرب والمتكلم والملبس والسعى فى
الخيرات والامر بالمعروف والنهى عن المنكر والبدار الى فعل الخيرات
اجمع ويتحابون فى الدين ويتباغضون فيه ويتقون الجدال
فى الله والخصومات فيه ويجانبون اهل البدع والضلالات ويعادون
اصحاب الاهواء والجهالات ويعتقدون بالسلف الصالحين من
ائمة الدين وعلماء المسلمين ويتمسكون بما كانوا به متمسكون من
الدين المتين والحق المبين ويبغضون اهل البدع الذين احدثوا
فى الدين ما ليس منه ولا يحبونهم ولا يصحبونهم ولا يسمعون كلامهم
ولا يجالسونهم ولا يجادلونهم فى الدين ولا يناظرونهم ويرون
صون اذانهم من سماع اباطيلهم الذى اذا مرت بالاذان وقرت

بچنے کو وصیت کرتے ہین اور سعی فی الخیرات اور امر بالمعروف اور نہی عن
المنکر اور سبقت فعل الخیرات کی طرف کل کا وصیت کرتے ہین اور آپس
مین دین کے اندر یعنی دین کے سبب دوستی اور عداوت رکھتے ہین اور جدال
وخصومت فی اللہ سے پرہیز کرتے ہین اور اہل بدعت اور ضلالت سے اجتناب
کرتے ہین اور اصحاب اہوا اور جہالات سے عداوت رکھتے ہین اور اعتقاد
ہین سلف صالحین ایمہ دین علماء مسلمین کے ساتھ ہین اور تمسک کرتے ہین
اونکے ساتھ جنکے ساتھ وے دین متین اور حق ظاہر کے اندر تمسک کرتے تھے
اور اہل بدعت کے ساتھ جنھنے دین کے اندر ایسی نئی بات نکالی جو اوس سے نہین
بغض رکھتے ہین اور اونسے دوستی نہین رکھتے اور اونکے شامل نہین ہوتے
اور اون کے کلام کو نہین سنتے اور اون کے ساتھ نشست وبرخاست

فی القلوب ضرت وجرت الیها الوساوس والخطرات الفاسدة ماجرت و
فیه انزل الله عزوجل قوله واذا رایت الذین یخوضون فی ایاتنا فاعرض
عنهم حتی یخوضوا فی حدیث غیره **فصل** نعتقد ان الانبیاء
علیهم الصلوٰة والسلام کلهم مبرؤن ومنزهون عن الصغائر
والکبائر والکفر والقبائح وکانت منهم خطیات وزلات ومحمد
رسول الله عبده ورسوله ونبیه وحبیبه وصفیه ونقیه ولم یعبد
الصنم قط ولم یشرك بالله تعالی طرفة عین ولم یرتکب صغیرة ولا
کبیرة قط وافضل الناس بعد رسول الله صلی الله علیه وسلم
ابوبکر الصدیق ثم عمر بن الخطاب الفاروق ثم عثمان ذوالنورین

نہین کرتے اور اونکے دین مین جدال ومناظرہ نہین کرتے اور دیکھتے ہین اپنے
کانون کے کو اونکے اباطیل کے سننے سے جو کان مین گزرے اور
دلون مین قرار پکڑے کہ نقصان پذیر ہوا اور جاری ہوئے طرف اونکے وسوسے اور
خطرات فاسدہ اور اسمین اوتارا اللہ عزوجل نے اپنے اس قول کو اور جب دیکھے
تو ان لوگون کو جو خوض وتلاش لایعنی کرتے ہین ہماری نشانیون مین سو تو پھیرے
اونسے یہانتلک کہ خوض کرین دوسری بات مین **فصل** اعتقاد رکھتے ہین ہم کہ کل
انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام صغائر وکبائر اور کفر وقبائح سے مبرا ومنزہ
ہین اور چوک وبسر اونسے ہو گئین اور حضرت اللہ علیہ وسلم بندے اور رسول اور
نبی اور حبیب اور برگزیدہ ہین اوسکے اور کبھی عبادت بتو کا نہین کی اور اللہ
کے ساتھ پلک بھر بھی کسیکو شریک کیا اور نہ کبھی مرتکب صغیرہ وکبیرہ کے ہوئے
اور افضل الناس بعد رسول اللہ صلعم کے حضرت ابوبکر صدیق ہین پھر حضرت عمر پھر حضرت عثمان

ثم لعلي ابن ابي طالب رضوان الله تعالى عليهم اجمعين عابدين ثابتين على
الحق ومع الحق نتولاهم جميعاً ولا نذكر احداً من اصحاب رسول
الله صلى الله عليه وسلم الا بخير ولا نقول ان المومن لا يضره الذنوب
ولا نقول انه لا يدخل النار ولا نقول انه يخلد فيها وان كان فاسقاً
بعد ان يخرج من الدنيا مومنا ولا نقول حسناتنا مقبولة وسيئاتنا
مغفورة كقول المرجئة ونعتقد ان الجوارح تشهد ون وتتكلمون
يوم القيمة والارض كذلك تتكلم وتخبر بما فعل الناس عليها
قال الله تعالى يوم تشهد عليهم السنتهم وايديهم وارجلهم
بما كانوا يعملون وقال الله تعالى حتى اذا ما جاؤها شهد عليهم سمعهم

پھر حضرت علی ابیطالب کے بیٹے ہمیشہ رہے خوشنودیان اللہ کی ان سب پر عبادت
کرنیوالے تھے حق پر اور حق کے ساتھ تھے محبوب رکھتے ہین ہم انکو اور نہین
ذکر کرتے کسی کا اصحاب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے مگر ساتھ بھلائی کے
اور نہین کہتے کہ مومن کو گناہ مضر نہین اور نہین کہتے کہ وہ آتش دوزخ مین
نہ داخل ہوگا اور نہین کہتے کہ وہ اوسمین ہمیشہ رہیگا اگرچہ فاسق ہو بعد ازان کہ
دنیا سے مومن نکلا اور نہین کہتے کہ ہماری بھلائیان مقبول ہین اور برائیان
مغفور ہین جیسا مرجیہ نے کہا اور اعتقاد رکھتے ہین کہ جوارح یعنی ہاتھ پانون
آنکھہ کان اور چمڑے گواہی دینگے اور بات کرینگے قیامت کے دن اور اسیطرح
زمین بولیگی اور بتلاویگی جو لوگون نے اوسکی پشت پر کیا ہے فرمایا اللہ تعالے
نے [illegible]

وابصارہم وجلودہم وقال تعالی یومئذ تحدث اخبارہا بان ربک اوحی لہا ونقر بان اللہ تعالی امر القلم بان یکتب فقال القلم ماذا اکتب یا ربی فقال اللہ تعالی ما ہو کائن الی یوم القیامۃ لقولہ تعالی کل شئ فعلوہ فی الزبر وکل صغیر وکبیر مستطیر الآیۃ

فصل نعتقد ان جمیع الانبیاء حق اولہم آدم علیہ السلام وآخرہم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وان الکتاب المنزل من السماء علی الانبیاء حق وان الملائکۃ کلہم حق ہم لیسوا بموصوفین بالذکورۃ والانوثۃ ونومن بجمیع اسمائہ وصفاتہ تعالی وقبلنا جمیع احکامہ ونقر بان سبعین الفا من امۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

پاس گواہی دینگے اوپر اونکے کان اونکے اور آنکھیں اونکی اور چمڑے اونکے ساتھ اوسکے کہ تھے کرتے اور فرمایا پرتر نے سورۂ زلزال میں اوس دن کہے زمین باتین اپنی بسبب اوسکے کہ پروردگار تیرے نے حکم بھیجا اوسکو اور اقرار کرتے ہین ہم کہ حکم کیا اللہ تعالی نے قلم کو لکھنے کا تو کہا قلم نے کیا لکھون اے پروردگار میرے فرمایا اللہ تعالی نے کہ جو قیامت تک ہونیوالے ہین ... ہر چیز کی ... بیچ کتابوں کے ہے اور ہر چھوٹا اور بڑا کام لکھا ہوا ہے آخر آیت تک ... کہ سب انبیا علیہم الصلوۃ والسلام حق ہین سب سے پہلے آدم ... اور آخر ... سب ابنیا بھیجے ہوا انبیا علیہم السلام پر اوتری حق ہین اور کل فرشتے حق ہین اور مرد وعورت ہونیکے ساتھ موصوف نہین اور ایمان لاتے ہین اوسکے کل نامون اور صفتون کے ساتھ اور قبول کیا ہم نے کل حکمون کو اوسکے اور اقرار کرتے ہین ہم کہ ستر ہزار آدمی محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی امت سے بغیر حساب جنت مین

يدخلون الجنة بغير حساب **فصل** نقر بان الايمان الشرعي هو فعل القلب ونطق بالشهادتين وعمل بالاركان وجميع الطاعات منه وجميع المعاصي ليس منه فهو اي الايمان يزيد بالطاعات وينقص بالمعصية والدليل على ازدياد الايمان ونقصانه كثير من الآيات والاحاديث واجمع عليه السلف والخلف من اهل السنة والجماعة من اهل الراى والحديث والفقه سوى ابي حنيفة رح وصاحبيه وهو مع صاحبيه يقول ان الايمان هو التصديق بالقلب واقرار باللسان والعمل غير الايمان والايمان غير العمل والايمان لايزيد ولا ينقص هكذا في فقه الاكبر والوصية لكن ابا حنيفة رجع عن هذا الى مذهب السلف سيأتي بيانه ان شاء الله تعالى

داخل ہونگے **فصل** اقرار کرتے ہین ہم کہ ایمان شرعی یہ ہی کہ جی سے کل مومن بہ کا یقین رکھے اور زبان سے شہادتین کا اقرار کرے اور احکام شرعی کو بجا لاوے اور طاعات و معاصی ایمان سے نہین اور ایمان طاعات سے بڑھتا ہے اور معصیت کرنے سے کم ہو جاتا ہی اور ایمان کے کم و بیش ہونے پر دلیل آیات و احادیث و اجماع سلف و خلف اہل سنت و جماعت فقہای محدثین سے سوا امام ابو حنیفہ رح اور اونکے دونون شاگرد ابو یوسف اور محمد کے بہت ہی اور امام صاحب اور اونکے دونون شاگرد کہتے ہین کہ ایمان وہ صرف تصدیق بالقلب او اقرار باللسان ہی اور عمل ایمان سے نہین اور ایمان عمل نہین اور ایمان بڑھتا گھٹتا نہین لیسے ہی فقہ اکبر اور وصیت مین لیکن امام ابو حنیفہ رح نے اس مذہب سلف کیطرف رجوع کیا ہے عنقریب اوسکا بیان آتا ہے اگر اللہ تعالی نے چاہا تفسیر کبیر مین بیچ سورۃ البقرۃ کے نیچے قول اللہ تعالے

في تفسير ابن كثير في سورة البقرة تحت قوله الذين يؤمنون بالغيب
قال ابن كثير قلت اما الايمان في اللغة فيطلق على التصديق
المحض وقد يستعمل في القرآن والمراد به ذلك كما قال تعالى يؤمن
بالله ويؤمن للمؤمنين وكما قال اخوة يوسف لابيهم وما انت بمؤمن
لنا ولو كنا صادقين وكذلك اذا استعمل مقرونا مع الاعمال كقوله تعالى
الا الذين آمنوا وعملوا الصالحات فاما اذا استعمل مطلقا فالايمان
الشرعي المطلوب لا يكون الا اعتقادا وقولا وعملا هكذا ذهب اليه
اكثر الائمة بل قد حكاه الشافعي واحمد بن حنبل وابو عبيدة وغير واحد
اجماعا ان الايمان قول وعمل يزيد وينقص وقد ورد فيه آثار كثيرة

والذین امنوا بالغیب کے ہی کہا ابن کثیر نے کہتا ہوں میں کہ ایمان لغت میں
سوا تصدیق کیا جاتا ہے محض تصدیق پر اور کبھی کبھی قرآن میں بھی مستعمل ہوتا
ہے اور مراد اوس سے صرف تصدیق ہی ہے جیسا فرمایا اللہ تعالے نے کہ یقین
لاتے ہیں ساتھ اللہ کے اور باور کرتے ہیں واسطے مومنوں کے اور جیسا
کہا حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے اپنے والد حضرت یعقوب سے
اور نہیں ہے تو یقین کرنیوالا واسطے ہمارے اور اگرچہ ہوں ہم سچے اور ایسا ہی
جب مقرونا مع الاعمال مستعمل ہوتا مثل قول اللہ تعالے کے مگر جو لوگ کہ ایمان
لائے اور کام کئے اچھے پھر جب مطلقاً مستعمل ہوتا تو مقصود و مطلوب اوس سے
وہی ایمان شرعی ہوتا ہے جو نہیں ہوتا مگر اعتقاد اور قول اور عمل یہی طرف اکثر
ائمہ گئے بلکہ امام شافعی اور امام احمد بن حنبل و ابو عبیدہ وغیرہم بہتوں نے
اسکو اجماعاً نقل کیا کہ ایمان قول و عمل ہے بڑھتا اور گھٹتا وارد اسمیں بہت

واحاديث افردنا الكلام فيها في اول شرح البخاري انتهى قال الشيخ الامام الفقيه الحافظ ابي عمر يوسف بن عبد الله بن عبد البر النميري في التمهيد شرح موطا امام مالك في جلد الثالث تحت حديث ابن شهاب وسنذكر ما عليه جماعة اهل السنة انشاء الله اجمع اهل الفقه والاثر وهم الجماعة عندنا على ان الايمان* الا ما ذكر عن ابي حنيفة و اصحابه انهم ذهبوا الى ان الطاعة لا تسمى ايمانا فانهم قالوا الايمان الاقرار والتصديق ومنهم من زاد المعرفة انتهى وايضا فيه ذكر الطحاوي قال ثنا ابو بكرة بكار بن قتيبة قالا ثنا ابو عمر والضرير قال ثنا حماد بن زيد عن ايوب عن ابي قلابة قال حدثني رجل من اهل الشام عن

* قول وعمل يزيد بالطاعة وينقص بالمعصية والطاعة كلها عندهم ايمان

اور خبرین وارد ہوئین کہ تنہا اسی مین ہم نے شرح بخاری کے اول مین کلام کیا ہی ہو چکی عبارت تفسیر کبیر کی کہا شیخ الامام فقیہ حافظ ابی عمر یوسف بیٹے عبد اللہ بن عبد البر نمیری کے نے بیچ کتاب تمہید شرح موطا امام مالک کی تیسری جلد مین نیچے حدیث ابن شہاب کے اور قریب ہی کہ ذکر کرینگے ہم اوسکو جسپر کل جماعت اہل سنت کی ہی ۔ . . . . اہل فقہ اور اثر ہی اگر چاہا اللہ تعالی نے وہ یہ ہی کہ ایمان شرعی قول و عمل ہی طاعت سے بڑھتا اور معصیت سے کم ہوتا ہی اور کل طاعت اونکے نزدیک ایمان ہی مگر جو ابو حنیفہ رح اور اونکے شاگردون سے ذکر کیا گیا کہ وے اسطرف گئے کہ طاعت مسمے بایمان نہین سو اسواسطے کہ وے کہتے ہین ایمان اقرار باللسان اور تصدیق ہی اور بعضے اونمین سے معرفت کو بڑھاتے ہین ہو چکی عبارت تمہید شرح موطا کی اور نیز اوسی مین ہی ذکر کیا طحاوی نے کہا حدیث کیا ہمکو ابو بکرہ بکار بن قتیبہ نے کہا اون دونون نے حدیث کیا ہمکو ابو عمرو ضریر کہا حدیث کیا ہمکو حماد زید کے بیٹے نے ایوب سے

قال قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم اسلم قلت وما الاسلام قال
ان تسلم قلبك لله وان يسلم المسلمون من لسانك ويدك قلت يا رسول الله
واي الاسلام افضل قال الايمان قلت وما الايمان قال ان تؤمن
بالله وملئكته وكتبه ورسله والبعث بعد الموت والجنة والنار
قلت يا رسول الله اي الايمان افضل قال الهجرة قلت وما الهجرة يا رسول
الله قال ان تهجر السوء قلت فاي الهجرة افضل قال الجهاد قلت ما الجهاد
قال ان تجاهد او تقاتل المشركين اذا لقيتهم ولا تغل ولا تجبن قال
الطحاوي وحدثنا عبيد بن محمد بن موسى قال ثنا جعفر بن مسافر قال

وہ ابی قلابہ سے کہا حدیث کیا مجھکو ایک شخص نے اہل شام سے وہ اپنے باپ سے
روایت کرتا ہی کہا فرمایا مجھکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مسلمان ہوجا
کہا مین نے اسلام کیا ہے فرمایا کہ مطیع و فرمانبردار کردے تو اپنے دل کو واسطے
اللہ کے اور بچے رہین مسلمان تیرے ہاتھ و زبان سے کہا مین نے یا رسول اللہ
افضل کون اسلام ہی فرمایا کہ ایمان کہا مین نے کہ ایمان کیا ہی فرمایا کہ ایمان لاوے
تو ساتھ اللہ کے اور ساتھ فرشتون اوسکے کے اور رسولون اوسکے کے اور
بعد مرنے کے اوٹھنے ساتھ اور ساتھ بہشت اور دوزخ کے کہا مین نے یا رسول
اللہ افضل کون ایمان ہے فرمایا ہجرۃ کہا مین نے اور ہجرت کیا ہے یا رسول اللہ
فرمایا کہ چھوڑ دے تو بری باتون کو کہا مین نے پھر کون ہجرت افضل ہی فرمایا کہ
جہاد کہا مین نے جہاد کیا ہی فرمایا جہاد یا قتال کرے مشرکین کے ساتھ جب اونسے
ملے اور مال غنیمت مین غلول نکرے اور نامردمت ہوجا یعنی مشرکین کے ساتھ
جہاد مین اور وقت لڑائی کے فرار مت ہو کہا طحاوی نے اور حدیث کیا ہمکو عبید محمد بن موسی کے بیٹے نے

ثنا مومل بن اسمعيل قال ثنا حماد بن زيد قال كلمت ابا حنيفة في
الارجاء فجعل يقول واقول فقلت له نا ايوب عن ابي قلابة قال حدثني
رجل من اهل الشام عن ابيه ثم ذكر الحديث قال حماد فقلت لابي حنيفة
الا تراه يقول اى الاسلام افضل قال الايمان ثم جعل الهجرة والجهاد
من الايمان فسكت ابو حنيفة فقال بعض اصحابه الا تجيبه يا ابا حنيفة
قال بما اجيبه وهو يحدثني بهذا عن رسول الله صلى الله عليه وسلم
وفي هذا اثبت رجوع امامنا الاعظم ابي حنيفة رح الى مذهب
السلف من اهل الحديث والفقه واول السلف وافضلهم محمد رسول الله
وبعده اصحابه وبعدهم التابعين واتباع التابعين الى اخر مرتبت السلف

کہا حدیث کیا ہمکو جعفر مسافر کے بیٹے نے کہا حدیث کیا ہمکو مومل بن اسمعیل نے کہا حدیث
کیا ہمکو حماد زید کے بیٹے نے کہا بات کیا مینے ابو حنیفہ رح سے ارجا کے مسئلہ مین تو
وہ اور مین آپس مین گفتگو کرنا شروع کئے پھر کہا مینے اونسے حدیث کیا ہمکو ایوب
نے ابو قلابہ سے کہا حدیث کیا مجھسے ایک شخص اہل شام سے وہ اپنے باپ سے
روایت کرتا پھر ذکر کیا پوری حدیث کہا حماد نے پھر کہا مین نے ابی حنیفہ رح سے کیا
تو دیکھتا کہ وہ کہتا ہے کونسا اسلام افضل ہے فرمایا ایمان پھر ہجرت اور جہاد کو جزو ایمان
سے گردانا بس سکوت کیا ابو حنیفہ رح نے حماد کے جواب سے پھر بعض شاگردون نے اونکے
کہا کیون نہ جواب دیتے ہو اے ابا حنیفہ فرمایا ابو حنیفہ رح نے مین کیا جواب دون اوسکو حالانکہ
وہ میرے تئین ساتھ اسکے رسول اللہ صلعم سے حدیث بیان کرتا **فائدہ** اور اسمین ہمارے
امام اعظم رح کا مذہب سلف اہل حدیث و فقہ کیطرف رجوع ثابت ہوتا ہے اور اول
السلف اور افضل اونکے محمد رسول اللہ صلعم ہین اور بعد انکے اونکے اصحاب اور بعد اونکے تابعین

والصابئه **وقال** سائر الفقهاء من اهل الرای والآثار بالحجاز والعراق
والشام ومصر ومن سلك سبيلهم فی سائر البلدان الاسلام منهم مالك
ومن اتبعه والشافعی ومن سلك سبيله والثوری والاوزاعی و
احمد بن حنبل وداؤد بن علی واسحق بن راهويه وابو عبيد القسم
بن سلام وابو جعفر الطبری وكل من سلك سبيلهم كلهم يقولون
الايمان قول وعمل قول باللسان وهو الاقرار واعتقاد بالقلب وعمل
بالجوارح مع الاخلاص بالنية الصادقة قالوا وكلما يطاع به الله
عز وجل من فريضة ونافلة فهو من الايمان فالايمان عندهم يزيد
بالطاعات وينقص بالمعاصی واهل الذنوب عندهم مومنون غير

تبع تابعین آخر مرتبہ تک اور نیز او سمین ہی اور کہا سب فقہانے اہل الراے اور اثر سے
حجاز اور عراق اور شام اور مصر مین اور جو اونکے راہ و روبہ پر ہین باقی بلاد اسلام
مین اونمین سے مالک اور اونکے اتباع ہین اور امام شافعی اور جو اونکے روبہ
پر چلے اور ثوری اور اوزاعی اور احمد بن حنبل اور داؤد بن علی اور اسحق بن
راہویہ اور ابو عبید قاسم بن سلام اور ابو جعفر طبری اور جو کوئی انکے راہ و
روبہ پر چلتے ہین کل کہتے ہین کہ ایمان شرعی وہ اقرار باللسان اور اعتقاد
بالقلب اور عمل بالجوارح ساتھہ اخلاص اور سچی نیت کے ہی کہتے ہین اور جب
اللہ عزوجل کے فرائض اور نوافل کی اطاعت کیجاوے تو وہ ایمان سے ہی پھر ایمان
اونکے نزدیک طاعات سے بڑھتا اور معاصی سے گھٹتا ہی اور اہل ذنوب انکے نزدیک گناہون
کے سبب کامل الایمان نہین اور سوا اسکے نہین کہ وے ارتکاب کبیرے کی وجہہ کر
ناقص الایمان ہوے پوری ہوئی عبارت تمہید کی اور صحیح بخاری مین ہے

مستکملی الایمان من اجل ذنوبھم وانما صار واناقص الایمان بارتکا
الکبائر انتھی وفی صحیح البخاری وھو قول وفعل ویزید وینقص
وفی القسطلانی واخرجہ ابو نعیم کذا بھذا اللفظ فی ترجمۃ الشافعی
من الحلیۃ وھو عند الحاکم بلفظ الایمان قول وعمل ویزید وینقص
وکذا نقلہ اللالکائی فی کتاب السنۃ عن الشافعی واحمد بن حنبل
واسحق بن راھویہ بل قال بہ من الصحابۃ عمر بن الخطاب وعلی بن
ابیطالب وابن مسعود ومعاذ بن جبل وابو درداء وابن عباس
وابن عمر وعمار وابو ھریرۃ وحذیفۃ وعائشۃ وغیرھم من التابعین
کعب الاحبار وعروۃ وطاؤس وعمر بن عبد العزیز وغیرھم وروی
للالکائی ایضا باسناد صحیح عن البخاری قال لقیت اکثر من الف رجل

اور وہ یعنی ایمان قول وفعل ہی اور بڑھتا اور گھٹتا ہی اور قسطلانی مین ہی اور نکالا
اوسکا ابو نعیم نے اسی لفظ کے ساتھ حلیہ سے ترجمہ شافعی مین اور وہ حاکم کے
نزدیک اس لفظ کے ساتھ ہی کہ الایمان قول وعمل ویزید وینقص اور ایسا
ہی نقل کیا اوسکو لالکائی نے کتاب السنۃ مین شافعی اور احمد بن حنبل اور اسحق
بن راہویہ سے بلکہ اسکے ساتھ صحابہ مین سے عمر بن الخطاب اور علی بن ابی طالب
اور معاذ بن جبل اور ابن مسعود و ابو درداء و ابن عباس و ابن عمر و عمار و ابو ہریرہ
و حذیفہ و عائشہ وغیرہم رضوان اللہ علیہم اجمعین قائل ہین اور تابعین سے
کعب الاحبار اور عروہ اور طاؤس اور عمر بن عبد العزیز وغیرہم اور روایت کیا لالکائی
بسند صحیح بخاری سے روایت کیا ہی کہا ملاقات کی مین شہرون مین ہزار سے
زیادہ علما کے سو دیکھا مین نے اون مین سے کسیکو کہ اسبات مین کہ ایمان

من العلماء بالامصار فما رایت احدا منهم یختلف فی ان الایمان قول وعمل یزید وینقص انتھی قال الخطابی فی قوله صلعم الایمان بضع وسبعون شعبة فی هذا الحدیث بیان ان الایمان الشرعی اسم لمعنی ذی شعب واجزاء له ادنی واعلا والاسم یتعلق ببعضها کما یتعلق بکلها والحقیقة تقتضی جمیع شعبه ویستوفی جملة اجزائه کالصلوة الشرعیة لها شعب واجزاء والاسم یتعلق ببعضها والحقیقة یقتضی جمیع اجزائها وتستوفیها ویدل علیه قوله صلی الله علیه وسلم الحیاء شعبة من الایمان وفیه اثبات التفاضل فی الایمان وتباین المؤمنین فی درجاتهم انتهی وقال الامام ابو عبد الله محمد بن

قول وعمل ہی بڑھتا اور گھٹتا ہی اختلاف کرے انتھے کو یہی عبارت قسطلانی کی کہا خطابی نے بیچ قول نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ ایمان کے ستر اور کئی شاخین ہین اس حدیث مین بیان ہی اسکا ایمان شرعی نام ہی اوس معنی کا جو ذی شعب اور ذی اجزا ہی اور اوسکے واسطے ادنے اور اعلے ہی اور اسم جیسا کل کے ساتھ متعلق ہی ویسا ہی بعض کے ساتھ اور حقیقت تو کل شعبونکو مقتضی ہے اور اوسکے جملہ اجزا کو مستوفی جیسے صلوٰۃ شرعی کہ واسطے اوسکے شعب واجزا ہین اور اسم متعلق بہ بعض الاجزا ہی اور حقیقت مقتضی و مستوفی اوسکے جمیع اجزا کا اور دلالت کرتا ہی اوپر اسکے قول صلے اللہ علیہ وسلم کا کہ حیا ایک شاخ ایمان کا ہی اور اسکے اندر اثبات ہی تفاضل فی الایمان کا اور اسکا کہ مومنین کے درجات مین تباین ہی اور کہا امام ابو عبد اللہ محمد بن اسمعیل بن محمد فضل تیمی اصبہانی شافعی نے اپنی کتاب تحریر مین

اسمعیل بن محمد فضل التیمی الاصبهانی الشافعی فی کتابه التحریر فی شرح صحیح مسلم الایمان فی اللغة هو التصدیق فان عنی به ذلک فلا یزید ولا ینقص لان التصدیق لیس شیئا یتجزا حتی یتصور کماله مرة ونقصه اخری والایمان فی لسان الشرع هو التصدیق بالقلب والعمل بالارکان واذا فسر بهذا تطرق الیه الزیادة والنقص وهو مذهب اهل السنة قال فالخلاف فی هذا علی التحقیق انما هو فی ان المصدق بقلبه اذا لم یجمع الی تصدیقه العمل بموجب الایمان هل یسمی مؤمنا مطلقا ام لا والمختار عندنا انه لا یسمی به قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یزنی الزانی حین یزنی وهو مومن لانه لم یعمل بموجب الایمان فیستحق هذا الاطلاق انتهی وقال الامام ابو الحسن علی بن

جو صحیح مسلم کی شرح ہے ایمان لغت میں یعنی باعتبار معنی لغت کے صرف تصدیق ہی ہے پھر اگر ایمان سے مراد تصدیق لیا جاوے تو بڑھتا گھٹتا نہیں کیونکہ تصدیق ایسی چیز نہیں کہ تجزے ہو سکے کہ کبھی اوسکے کمال کا اور کبھی اوسکے نقصان کا تصور کیا جاوے اور ایمان فی لسان الشرع وہ تصدیق بالقلب اور عمل بالارکان ہے اور جب اسکے ساتھ تفسیر کیگئی تو بڑھنا گھٹنا بھی اوسکی طرف جاری ہوگا اور یہی مذہب اہل سنت کا ہے کہا سو خلاف اسمین علی التحقیق سوا اسکے نہیں اس امر مین ہے کہ مصدق بقلبہ جب اپنے تصدیق کے ساتھ عمل کو موجب ایمان نہ اکٹھا کیا تو آیا یہہ مومن مطلقاً کہا جائیگا یا نہ اور مختار و پسندیدہ ہمارے نزدیک یہ ہے کہ وہ مومن نہ کہا جائیگا اسی سبب کر فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ زانی جب زنا کرتا ہے تو مومن نہیں رہتا کیونکہ ایمان کے بموجب اوسنے عمل نہ کیا پس مستحق اس اطلاق کا ہوگا ہوچکی

خلف بن بطال المالکی المغربی فی شرح صحیح البخاری مذهب جماعة اهل السنة من سلف الامة وخلفها ان الایمان قول وعمل یزید وینقص والحجة علی زیادته ونقصانه بما اوردہ البخاری من الآیات انتہی قال عبد الرزاق سمعت من ادرکت من شیوخنا واصحابنا سفیان الثوری ومالک بن انس وعبید الله بن عمر والاوزاعی ومعمر ابن راشد وابن جریج وسفیان بن عیینه یقولون الایمان قول وعمل یزید وینقص هذا قول ابن مسعود وحذیفة والنخعی والحسن البصری وعطاء وطاؤس ومجاهد وعبد الله بن المبارک فالمعنی الذی یستحق به العبد المدح والولایة من المؤمنین هو ایتانه بهذه الامور

عبارت تحریر کی اور کہا امام ابو الحسن علی بن خلف بن بطال مالکی مغربی نے شرح صحیح بخاری مین مذہب جماعت اہل سنت کے سلف الامۃ وخلفہا سے یہ ہی کہ ایمان قول وعمل ہی بڑھتا اور گھٹتا ہے اور دلیل اوسکی زیادتی وکمی پر بخاری نے آیات سے نقل کیا ہی انتہے کہا عبد الرزاق نے سنا مین نے اپنے اوستادون اور اصحاب سے جنسے ملا مین سفیان ثوری اور مالک ابن انس اور عبید الله ابن عمر اور اوزاعی اور معمر بن راشد اور ابن جریج اور سفیان ابن عیینہ ہین کہتے تھے ایمان قول وعمل ہے بڑھتا گھٹتا ہی یہی قول ابن مسعود اور حذیفہ اور نخعی اور حسن بصری اور عطا اور طاؤس اور مجاہد اور عبد الله بن مبارک کا ہے سو وہ معنی جسکے سبب بندہ مومن مستحق مدح اور ولایت کا ہو یہی بجالانا امور ثلثہ تصدیق بالقلب اور اقرار باللسان اور عمل بالجوارح ہے اور یہ باتواسطے ہے کہ ان سب کے اندر کچھ بھی خلاف نہین اگر اوسنے اقرار کیا اور جسکو جان لیا

الثلثة التصديق بالقلب والاقرار باللسان والعمل بالجوارح وذالك
انه لا خلاف بين الجميع انه لو اقر وعمل على غير علم منه ومعرفة
بربه لا يستحق اسم مؤمن ولو عرفه وعمل وجحد بلسانه وكذب
ما عرف من التوحيد لا يستحق اسم مؤمن فكذلك اذا اقر بالله تعا
ورسله صلوات الله وسلامه عليهم اجمعين ولم يعمل بالفرائض
لا يسمى مؤمنا بالاطلاق وان كان في كلام العرب يسمى مؤمنا
بالتصديق فذلك غير مستحق في كلام الله تعا لقوله عز وجل انما
المؤمنون اذا ذكر الله وجلت قلوبهم واذا تليت عليهم اياته زادتهم
ايمانا وعلى ربهم يتوكلون الذين يقيمون الصلوة ومما رزقناهم ينفقون
اولئك هم المؤمنون حقا فاخبرنا سبحانه وتعالى ان المؤمن

اوسکے غیر پر عمل کیا اور جو چیز اوسکے رب کی معرفت کی نشانی تھی اوسکو بھی
عمل نکیا تو مستحق اسم مومن کا نہوگا اور اگر اوسکو پہچانا اور عمل کیا اور زبان
سے اوسکو جسکو توحید سے جانا تھا جھٹلایا اور انکار کیا تو بھی اسکا مستحق نہین
کہ اوسکو مومن کہا جاوے سو اسواسطے کہ جب اللہ تعالے اور اوسکے رسولون
کے ساتھ رحمت اللہ کی اون سب پر اقرار کیا اور عمل بالفرائض نکیا تو وہ
مطلقاً مومن نہ کہلائیگا اور اگرچہ بتصدیق بالقلب سے کلام عرب مین مومن کہلاوے
پس یہ کلام اللہ مین مستحق اسم مومن کا نہین موافق قول اللہ غالب و بزرگ کے سوا اسکے
کہ ایماندار وے وہ ہین جب یاد کیا جاوے اللہ ڈر جاتے ہین دل اونکے اور جب پڑھی جاتی ہین اوپر
آیتین اوسکی زیادہ کرتی ہین اونکو ایمان اور اوپر پروردگار اپنے کے توکل کرتے ہین
وہ لوگ جو قائم رکھتے ہین نماز کو اور اوس چیز سے کہ دیا ہے ہمنے اونکو خرچ کرتے ہین

كانت هذه صفته انتهى وايضاً قال ابن بطال في باب من قال الايمان
هو العمل فان قيل قد قدمتم ان الايمان هو التصديق قيل التصديق
هو اول منازل الايمان ويوجب للمصدق الدخول فيه ولا يوجب له
استكمال منازله ولا يسمى مومنا مطلقاً هذا مذهب جماعة اهل
السنة ان الايمان قول وعمل قال ابو عبيد هو قول مالك والثوري
والاوزاعي ومن بعدهم من ارباب العلم والسنة الذين كانوا
مصابيح الهدى وائمة الدين من اهل الحجاز والعراق والشام
وغيرهم انتهى وقال الشيخ ابو عمرو بن الصلاح رحمه الله قوله صلعم
الاسلام ان تشهد ان لا اله الا الله وان محمدا رسول الله وتقيم

یہہ لوگ وہ ہین ایمان والے سچے یس خبر دیا ہمکو سبحانہ وتعالے نے کہ مومن وہ ہے
جسکی یہہ صفت ہو انتہے اور نیز کہا ابن بطال نے دوسرے باب مین کہ ایمان عمل ہی ہے اگر
کہا جاوے کہ تم پہلے بیان کر چکے ہو کہ ایمان وہی تصدیق ہی تو کہا جاویگا کہ تصدیق پہلی
منزل ایمان کی ہی اور مصدق کے لئے اسمین داخل ہونا واجب ہی اور استکمال ایمان
کے منزلون کا واسطے واجب نہین اور مجرد تصدیق والا مطلقاً مومن نہ کہا جاوے گا
یہی مذہب جماعت اہل سنت کا ہی کہ ایمان قول وعمل ہے کہا ابو عبید نے اور یہی قول مالک
اور ثوری اور اوزاعی کا ہے اور اونکے پچھلے کا ارباب علم و السنت سے جو ہدایت کے
چراغ اور دین کے پیشوا تھے اہل حجاز اور عراق اور شام غیرہم سے انتہے اور کہا شیخ
ابو عمرو بن صلاح رحمہ اللہ نے قول صلے اللہ علیہ وسلم کا اسلام یہ ہے کہ گواہی دے
تو عبادت کے لائق کوئی نہین مگر اللہ اور بیشک محمد صلے اللہ علیہ وسلم رسول اللہ کا ہی
اور قائم رکھے تو نماز کو اور دے زکوۃ اور روزہ رکھے رمضان کا اور حج کرے بیت اللہ

الصلوة وتؤتی الزکوة وتصوم رمضان وتحج البیت ان استطعت
الیه سبیلا والایمان ان تؤمن بالله وملائکته وکتبه ورسله
والیوم الاخر وتؤمن بالقدر خیره وشره قال هذا بیان لاصل
الایمان وهو التصدیق الباطن وبیان لاصل الاسلام وهو الاستسلام
والانقیاد الظاهر فحکم الاسلام فی الظاهر ثبت بالشهادتین
وانما اضاف الیهما الصلوة والزکوة والصوم والحج لکونها
شعائر الاسلام واعظمها وبقیامه بها یتم استسلامه وترکه
لها یشعر بانحلال قید انقیاده اختلاله ثم ان اسم الایمان
یتناول ما فسر به الاسلام فی هذا الحدیث وسائر الطاعات لکونها
ثمرات التصدیق الباطن الذی هو اصل الایمان ومقویات و

کا اگر اوسکے رستہ کیطرف چلنے کی طاقت ہو اور ایمان یہہ ہی کہ ایمان لاوے تو ساتھ اللہ
اور اوسکے فرشتون کے اور ساتھ کتابون اور رسولون اوسکے کے اور پچھلے دن کے ساتھ
اور ایمان لاوے تو ساتھ اندازہ خیر و شر اوسکے کے کہا یہہ بیان ہے اصل ایمان کا
اور وہ تصدیق بالقلب ہی اور بیان ہے اصل اسلام کا اور وہ انقیاد و فرمانبرداری ہی
ظاہر کی چیزون کی اور حکم اسلام کا ثبوت ظاہر مین شہادتین کے ساتھ ہوتا ہی اور سوا
اسکے نہین کہ حضرت نے نماز و زکوٰۃ اور روزہ اور حج کو اون دونون کے طرف منسوب
کیا اسلئے کہ وے شعائر اسلام اور بہت بڑے شعائر سے ہین اور مومن کو اونکے قائم رکھنے کے ساتھ
انقیاد و فرمانبرداری پوری ہوتی ہے اور اون کے ترک کرنے سے اوسکے انقیاد مین خلل سمجھا
جاتا ہی پھر یہہ کہ اسم ایمان شامل ہے اوسکو جسکے ساتھ اس حدیث مین اسلام کی تفسیر کیگئی اور باقی
طاعات بسبب ہونے اونکے کے ثمرات تصدیق باطن کے وہ جو اصل ایمان ہے تقویت دینے والے اور

متممات وحافظات له ولهذا فسر صلعم الايمان فی حدیث وفد عبد القیس بالشهادتین والصلوة والزکوة وصوم رمضان واعطاء الخمس من المغنم ولهذا لا یقع اسم المؤمن المطلق علی من ارتکب کبیرة او ترک فریضة لان اسم الشئ مطلقاً یقع علی الکامل منه ولا یستعمل فی الناقص ظاهرا الا بقید ولذلک جاز اطلاق نفیه عنه فی قوله صلعم لا یسرق السارق حین یسرق وهو مومن واسم الاسلام یتناول ایضا ما هو اصل الایمان وهو التصدیق الباطن ویتناول اصل الطاعات فان ذلک کله استسلام قال فخرج مما ذکرناه وحققناه ان الایمان والاسلام یجتمعان ویفترقان وان کل مؤمن مسلم ولیس کل مسلم مومنا قال فهذا تحقیق واف بالتوفیق من متفرقات نصوص الکتاب والسنة الواردة فی الایمان والاسلام التی طالما غلط فیها الخائضون وما حققناه

پورے کرنیوالے اور حافظ اوسکے ہین اور اسیواسطے رسول اللہ صلعم نے ایمان کی تفسیر وفد عبد القیس کی حدیث مین شہادتین کے ساتھ ونماز اور زکوۃ اور روزے رمضان اور مال غنیمت مین سے خمس یعنی پانچوان حصہ دینے کے ساتھ کیا اور اسیواسطے اسم مومن مطلق کا نہین واقع ہوتا ہے اوس شخص پر جو مرتکب کبیرہ ہوا یا کسی فریضہ کو ترک کیا کیونکہ اسم الشئے مطلقا اوسپر واقع ہوتا ہے جو ومین کامل ہوا ورظاہرا ناقص کے اندر اسکا استعمال نہین ہوتا مگر کوئی قید لاکر کے اور اسیواسطے اطلاق نفی ایمان کی مرتکب کبیرہ سے جائز ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ سلم کے قول مین کہ چور جب چوری کرنے لگتا ہے تو مومن نہین ہوتا اور نیز اسم سلام اوسکو شامل ہے جو اصل ایمان ہو اور وہ تصدیق ہی اور اصل طاعات کو بھی شامل ہو سو اسواسطے کہ یہ سب موجب سلام وانقیاد ہین کہا پھر نکل گیا اوس سے جسکو ہمنے ذکر کیا اور تحقیق کیا کہ ایمان

من ذلك موافق لمذاهب جماهير العلماء من اهل الحديث وغيرهم انتهى وقال النووی فاذا تقرر ما ذكرناه من مذاهب السلف وائمة الخلف فهي متظاهرة متطابقة على كون الايمان يزيد وينقص وهذا مذهب السلف والمحدثين وجماعة من المتكلمين وانكر اكثر المتكلمين زيادته ونقصانه وقالوا متى قبل الزيادة كان شكا وكفرا قال المحققون من اصحابنا المتكلمين نفس التصديق لا يزيد ولا ينقص والايمان الشرعي يزيد وينقص بزيادة ثمراته وهي الاعمال ونقصانها قالوا وفي هذا توفيق بين ظواهر النصوص التي جاءت بالزيادة واقاويل السلف وبين اصل وضعه في اللغة وما عليه المتكلمون وهذا الذي قاله هولاء وان كان ظاهرا حسنا فالاظهر والله اعلم ان نفس التصديق يزيد بكثرة النظر وتظاهر الادلة ولهذا يكون

اور اسلام دونون مجتمع ہوتے ہین اور متفرق اور بیشک ہر مومن مسلم ہے اور ہر مسلم مومن نہین کہا پس یہہ وافی ہے متفرقات نصوص کتاب وسنت کی مطابقت کے لئے جو ایمان واسلام کے مسئلہ مین وارد ہوئین جنکے اندر خوض کرنیوالون نے بہت سی غلطیان ڈھادین اور جسکی ہمنے ایمان و اسلام کے مسائل سے تحقیق کی وہ جماہیر علما اہل حدیث وغیرہم کے مذہب کے موافق ہی پوری ہوئی بات شیخ ابو عمر بن صلاح کی اور کہا نووی نے پھر جب مقرر ہوئی وہ جو ذکر کیا ہمنے اوسکو مذاہب سلف اور ائمہ خلف سے سو وہ مطابق ہی ایمان کے کم و بیش ہونے پر اور یہی مذہب سلف اور محدثین اور ایک جماعت کا متکلمین سے ہی اور اکثر متکلمین نے ایمان کی زیادت ونقصان کا انکار کیا اور کہا کہ جب زیادت قبول کیا تو شک و کفر ہوا کہا محققون نے ہمارے اصحاب متکلمین سے کہ نفس تصدیق بڑھتی گھٹتی نہین اور ایمان شرعی بڑھتا اور گھٹتا ہی اپنے ثمرات یعنی اعمال کی زیادت و نقصان سے اور کہا اونھون نے کہ اسکے اندر موافقت ہی ظواہر نصوص کے اندر جو زیادت ایمان

ایمان الصدیقین اقوی من ایمان غیرهم بحیث لا تعتریهم الشبهة ولا یتزلزل ایمانهم بعارض بل لا تزال قلوبهم منشرحة نیرة وان اختلف علیهم الاحوال واما غیرهم من المؤلفة ومن قاربهم ونحوهم فلیسوا کذلک فهذا مما لا یمکن انکاره ولا یشک عاقل فی ان نفس تصدیق ابی بکر الصدیق رضی الله عنه لا یساویه تصدیق احاد الناس ولهذا قال البخاری فی صحیحه قال ابن ابی ملیکة ادرکت ثلثین من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم کلهم یخاف النفاق علی نفسه ما منهم احد یقول انه علی ایمان جبرئیل ومیکائیل والله اعلم واما اطلاق اسم الایمان علی الاعمال فمتفق علیه عند اهل الحق ودلائله فی الکتاب والسنة اکثر من ان تحصر واشهر من

ہین اور ہو چکین اور اقوال سلف کے اندر اور اوسکے اصل وضع کے اندر جو واقع ہوئے ہین وہ اونکا اور اوسکے اندر جسپر متکلمین ہین وہ یہہ وہ ہی کہ کہا ہے اسکو اون لوگون نے اور اگرچہ یہہ بظاہر حسن معلوم ہو بظاہر یہہ ہی دراندہ جانتا ہی کہ نفس تصدیق بھی ہی اسی طرح نظر کرنے اور ظاہر ادلہ کیطرف خیال کرنے سے یہہ بات معلوم ہوتی ہی اور اسی معنی کر ایمان صدیقین کا قوی تر ہوتا ہی غیر صدیقین کے ایمان سے باینطور کہ اونکا ایمان کسی عارضہ کے سبب متزلزل نہین ہوتا بلکہ دل اونکے ہمیشہ نور ایمان سے منشرح ہوتے ہین اور اگرچہ اونپر کیفیات مختلف واقع ہون ولیکن غیر صدیقین مولفة القلوب وغیرہم ہیئے صدیقین کی طرح نہین پس یہہ دلیل ونمین سے ہے جنکا انکار ممکن نہین اور اسمین کوئی ہوشمند شک نہین کرتا کہ نفس تصدیق حضرت ابوبکر کے ساتھ کسی شخص کی تصدیق مساوی نہین واسیواسطے بخاری نے اپنے صحیح مین کہا ہی کہ کہا ابن ابی ملیکہ نے پایا مین نے تیس شخص کو حضرت کے صحابے مین کہ سارے اپنے نفس پر نفاق کا خوف کرتے تھے اونمین سے کوئی بھی نہین کہتا تھا کہ وہ خوف جبریل ومیکائیل کے ایمان پر بھی ہی واللہ اعلم اور اسپر اطلاق اسم ایمان کا اعمال پر

ان تشهد قال الله تعالیٰ وما کان الله لیضیع ایمانکم اجمعوا علی ان المراد صلوتکم واما الاحادیث فستمر بك فی هذا الکتاب منها جمل مستکثرات والله اعلم و اتفق اهل السنة من المحدثین والفقهاء والمتکلمین علی ان المومن الذی یحکم بانه من اهل القبلة ولا یخلد فی النار لا یکون الا من اعتقد بقلبه دین الاسلام اعتقادا جازما خالیا من الشکوك و نطق بالشهادتین فان اقتصر علی احدهما لم یکن من اهل القبلة اصلا الا اذا عجز عن النطق لخلل فی لسانه او لعدم التمکن منه لمعاجلة المنیة او لغیر ذلك فانه یکون مومنا انتهیٰ **فصل** فی الایات والاحادیث التی تدل علی زیادة الایمان والاصل ان کل شیٔ الذی یقبل الزیادة وهو

پر سو وہ متفق علیہ ہے نزدیک اہل حق کے اور اسکے دلائل قرآن و حدیث مین زیادہ تر ہین اس سے کہ حصر کیے جاوین اور مشہور تر ہین اس سے کہ اوسکی تشہیر کیجاوے فرمایا اللہ تعالےٰ نے اور نہین ہے اللہ کہ ضائع کرے تمھارے ایمان کو اتفاق کیا مفسرین نے اسبات پر کہ ایمان سے مطلب یہہ ہے کہ تمھاری نماز کو اللہ ضائع نکریگا یعنی جو قبل تحویل قبلہ کے ادا کیا ولیکن احادیث سو اس کتاب مین اون مین سے بہت جملے گذر چکے واللہ اعلم اور اتفاق کیا اہل سنت نے محدثین اور فقہا اور متکلمین سے اوپر اسکے کہ وہ مومن جسکے ساتھہ حکم کیا جاوے کہ وہ اہل قبلہ سے ہے اور آتش دوزخ مین ہمیشہ نرہیگا نہین ہوتا مگر وہ شخص جو اپنے دل مین اسلام کے حق ہونیکا پکا اعتقاد رکھے اور شک و شبہ سے بالکل خالی ہو اور شہادتین یعنی اشھد ان لا الہ الا اللہ و اشھد ان محمدا عبدہ و رسولہ کے ساتھہ اقرار کرے پھر اگر ان دونون کے ایک پر قصر کرے تو ہرگز اہل قبلہ سے نہوگا مگر جب کہ بولنے سے عاجز ہے کسی خلل کی سبب سے اوسکی زبان مین ہے یا اوس سے ممکن نہین یا سوا اسکے پس وہ مومن ہے انتہیٰ **فصل** ذکر مین ون آیتون اور حدیثون کے جو دلالت کرتی ہین ایمان کے زیادتی پر اور اصل یہہ ہے کہ

يقبل النقصان ايضا قال الله تعالى في سورة الفتح ليزدادوا ايمانا مع ايمانهم وقال في
سورة مريم ويزيد الله الذين اهتدوا هدى قال في سورة القتال والذين اهتدوا زادهم
هدى واتاهم تقواهم وقال في المدثر ويزداد الذين امنوا ايمانا وقال في براءة ايكم
زادته هذه ايمانا فاما الذين امنوا فزادتهم ايمانا وقال في ال عمران فاخشوهم
فزادهم ايمانا وقال في الاحزاب وما زادهم الا ايمانا وتسليما وقال في سورة
البقرة واذ قال ابراهيم رب ارني كيف تحي الموتى قال اولم تؤمن قال بلى
ولكن ليطمئن قلبي وقال في سورة البقرة ليس البر ان تولوا وجوهكم قبل المشرق
والمغرب ولكن البر من امن بالله واليوم الاخر والملئكة والكتاب والنبيين و
اتى المال على حبه ذوي القربى واليتامى والمساكين وابن السبيل والسائلين
وفي الرقاب واقام الصلوة واتى الزكوة والموفون بعهدهم اذا عاهدوا

جو چیز زیادتی قبول کرتی ہے وہ نقصان بھی قبول کرتی ہے فرمایا اللہ تعالی نے سورہ انا فتحنا مین کہ
بڑھ جاوین ایمان مین ساتھ ایمان اپنے کے اور فرمایا سورہ مریم مین اور زیادہ دیتا ہے اللہ اون
لوگونکو جو راہ پائی ہے راہ پانا اور فرمایا سورہ قتال مین اور جن لوگون نے راہ پائی زیادہ دی
اونکو ہدایت اور دی اونکو پرہیزگاری اونکی اور فرمایا سورہ مدثر مین اور زیادہ ہوین وہ لوگ جو ایمان
لائے ہین ایمان مین اور فرمایا سورہ برات مین کسکو تم مین سے زیادہ کیا اسنے ایمان سے جو لوگ
کہ ایمان لائے ہین سو زیادہ کیا اونکو ایمان اور فرمایا سورہ آل عمران مین پس ڈرو تم اونسے پر زیادہ
کیا اونکو ایمان اور فرمایا سورہ احزاب مین اور نہ زیادہ کیا اونکو مگر ایمان اور فرمانبرداری کرنا
اور فرمایا سورہ بقرہ مین اور جب کہا ابراہیم نے اے رب میرے دکھا مجکو کہ کیونکر جلاتا ہے تو مردے
کو فرمایا کیا نہین ایمان لایا تو کہا بلکہ لایا ہون مین ولیکن تو کہ مطمئن ہو اور آرام پکڑے دل میرا
اور فرمایا سورہ بقرہ مین نہین بھلائی یہہ کہ پھیرو تم منہہ اپنا طرف مشرق کی اور مغرب کے ولیکن

والصابرين في البأساء والضراء وحين البأس اولئك الذين صدقوا و
اولئك هم المتقون والآيات مثل هذه كثيرة عن ابي هريرة عن النبي
صلعم قال الايمان بضع وستون شعبة والحياء شعبة من الايمان رواه البخاري في كتاب
الايمان وابو داؤد في سننه والترمذي والنسائي في الايمان وقال الترمذي
هذا حديث حسن صحيح وابن ماجه في صحيحه عن ابي هريرة ان رسول الله صلعم قال من
قام رمضان ايمانا واحتسابا غفر له ما تقدم من ذنبه رواه البخاري في مسلم وابو داؤد
والترمذي والنسائي وابن ماجه والموطا وغيرهم وفي البخاري باب زيادة الايمان ونقصانه
وقول الله تعالى وزدناهم هدى ويزداد الذين امنوا ايمانا وقال اليوم اكملت لكم دينكم
فاذا ترك شيئا من الكمال فهو ناقص عن انس عن النبي صلعم قال يخرج عن النار من

بھلائی اوسکو ہی جو ایمان لایا ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے اور فرشتون کے اور کتاب کے
اور پیغمبرون کے اور دیا مال اوپر محبت اوسکے کے رشتہ دارونکو اور یتیمون کو اور فقیرونکو اور
مسافرون کو اور سوال کرنیوالون کو اور چھڑانے گردنون کے اور قایم کیا نماز کو اور دیا زکوۃ کو
اور پورا کرنیوالے قول و قرار اپنے کے جب عہد کرین اور صبر کرنیوالے بیچ محتاجگی اور بیماری کے
اور وقت لڑائی کے یہ لوگ ہین جنہون نے سچائی کیا اور یہہ لوگ ہی ہین پرہیزگار اور آیتین
مانند انکے بہت ہین ابی ہریرہ نبی صلعم سے نقل کرتے ہین فرمایا ایمان کی ستر اور کئی شاخین ہین
اور حیا ایک شاخ ایمان کی ہی ذکر کیا اسکو بخاری نے کتاب الایمان مین اور ابو داود نے سنن مین اور
ترمذی اور نسائی نے ایمان مین اور کہا ترمذی نے یہہ حدیث حسن صحیح ہی اور ابن ماجہ نے اپنے صحیح مین
ابی ہریرہؓ سے ہی کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسنے قیام کیا رمضان مین ایمان سے اور
طلب ثواب کے واسطے بخشے جاوینگے اگلے گناہ اوسکے ذکر کیا اسکو بخاری اور مسلم اور ابو داود اور ترمذی
اور نسائی اور ابن ماجہ اور موطا وغیرہم نے اور بخاری مین ہی باب بیان مین زیادتی اور نقصان
ایمان کے ہی اور قول اللہ تعالے کا اور زیادہ کردی ہمنے اونکی ہدایت اور زیادہ کرتا ہی اونکے

قال لا اله الا الله وفی قلبه وزن شعیرة من خیر ویخرج من النار من قال لا اله الا الله وفی قلبه وزن برة من خیر ویخرج من النار من قال لا اله الا الله وفی قلبه وزن ذرة من خیر رواه البخاری والمسلم والترمذی وقال الترمذی هذا حدیث حسن صحیح وفی البخاری والقسطلانی باب خوف المؤمن ان یحبط عمله وهو لا یشعر وقال ابراهیم التیمی ما عرضت قولی علی عملی الا خشیت ان اکون مکذبا وقال ابن ملیکة ادرکت ثلثین من اصحاب النبی صلعم کلهم یخاف النفاق اجلهم عائشة و اختها اسماء وام سلمة والعبادلة الاربعة عبد الله بن عمر وعبد الله ابن عباس وعبد الله ابن مسعود وعبد الله بن زید وعقبة بن الحارث والمسور بن مخرمة علی نفسه

ایمان کو جو ایمان لائے اور فرمایا آجکے دن پورا کیا مین نے واسطے تمھارے دین تمھارا پھر جب کمال سے کسی چیز کو ترک کیا تو وہ ناقص ہے انس نبی صلعم سے نقل کرتے ہین فرمایا نکالا جاویگا آتش دوزخ سے جسنے لا اله الا الله کہا اور دلمین اوسکے جو کے دانہ برابر خیر سے ہے اور وہ بھی نکالا جاویگا جسنے لا اله الا الله کہا اور اوسکے دلمین دانہ گندم کے برابر خیر یعنی ایمان ہے اور جسنے لا اله الا الله کہا اور دلمین اوسکے ذرہ برابر ایمان ہے وہ بھی نکالا جاویگا ذکر کیا اوسکو بخاری اور مسلم اور ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور بخاری اور قسطلانی شرح بخاری مین ہے یہہ باب اسکے بیان مین ہے کہ مومن کو خوف کرنا چاہیے اس سے کہ اوسکی عمل حبط کردئے جاوین اور وہ نہ جانے اور کہا ابراہیم تیمی نے جب پیش کیا مین نے اپنے قول کو عمل پر مگر ڈر گیا کہ مین جھوٹھا ہون اور کہا ابن ملیکہ کے بیٹے نے کہ پایا مین نے تیس آدمیونکو نبی صلعم کے اصحاب سے کل اپنے اوپر خوف نفاق کرتے تھے اونمین بزرگتر عائشہ اور اونکی بہن اسما اور ام سلمہ اور چار وعبادلہ یعنی عبد اللہ بن عمر و عبد اللہ بن عباس و عبد اللہ بن مسعود اور عبد اللہ بن زید اور عقبہ بن حارث اور مسور بن مخرمہ ہیں اونمین سے کوئی نہین کہ کہے خود

ما منهم احد يقول انه على ايمان جبرئيل وميكائيل ۱۲ وعن الحسن ما خافه الا مومن
ولا امنه الا منافق وما يحذر من الاصرار على التقاتل والعصيان من غير توبة
لقول الله تعالى ولم يصروا على ما فعلوا وهم يعلمون ۱۲ وفي صحيح البخاري والحب
في الله والبغض في الله من الايمان وفي القسطلاني وهذا اللفظ حديث رواه ابوداود
من حديث ابي امامة لان الحب والبغض يتفاوتان ۱۲ وكتب عمر بن عبد العزيز
الى عدي ان للايمان فرائض وشرائع وحدودا وسننا فمن استكملها استكمل
الايمان ومن لم يستكملها لم يستكمل الايمان فان اعش فسابينها لكم حتى
تعملوا بها وان امت فما انا على صحبتكم بحريص رواه البخاري تعليقا ووصله
احمد ابن ابي شيبة في كتاب الايمان لهما من طريق عيسى بن عاصم قال

نفاق جبرئیل اور میکائیل علیہما السلام کے ایمان پر بھی ہے اور حضرت حسن سے
مذکور ہے کہ نہین خوف نفاق کرتا مگر مومن اور نہین مامون اور بے فکر اوس سے
مگر منافق اور نہین خوف کرتا ہٹ کرنے سے جھگڑے اور عصیان پر بغیر توبہ کے
